Capital is an important factor among the factors of production. Generally, it is termed as wealth. In economics, this term is used in different meanings. Some experts have defined it as

"That part of man's wealth, other than land, which yields an income."

Capital is that part of wealth which is used to earn income e.g. if a persons' wealth consists of house, car, a road etc. The first two items are referred as wealth because he uses them to satisfy his needs but he does not earn any income from them but the last item - a road - shall be called **capital**, because it is a mean of income. Similarly taxi, tractor, tubewell and other such items are called capital because these generate income for their owners. Prof. Alfred Marshall defined it as :

"All those things that are used as factors of production and used for production of material items and for attaining benefits that are considered income."

One thing at the same time can be a necessity item as well as can be a capital item e.g. a chair in a drawing room is a necessity item and if the same chair is placed in a factory office then it would be called a capital item because it will have some of the share in factors of production. In the beginning there was no distinction between wealth and capital. Until the eighteenth century it remained the same. Gold and silver coins were all called wealth. Adam Smith pioneered the concept of modern capital and defined it as:

"That part of stocks or goods of a man which he uses to offer him a return."

Capital is that part of a person's wealth which is used to earn income. From the above definitions it is clear that capital is that part of wealth which is used to earn income instead of being used to satisfy daily needs e.g. machines, tools, tractor, truck, rails etc. Therefore, all those items are called capital that are used to produce more.

The foundation stone of Socalist Theory is

that the Universe is, in essence, a matter and is an accumulation of atoms, which can only be explained through the principles of physical laws. Any belief in the existence of a Supreme Being is very dangerous and harmful for humans. Human beings are a temporary and an accidental thing in this Universe and are a powerless toy in the hands of nature. There is no life after this worldly life and there is no world after this world. The ultimate result is that this life becomes the sole purpose of being. There is no fear of any accountability and justice. This brings about unfettered independence and freedom. A careful consideration of this theory shows that this does not guide us to understand the manifestations of life.

A human being passes through many strange conditions during the course of life from birth to death. Emotions and intelligence contribute more than any other thing in its development. Whoever tries to force laws of lifeless matter and philosophy on human beings who have conscience, will, and desire, is infact revolting against reality. Humans are not like inanimate objects but they are empowered to act within certain limits in their surroundings because they do have disagreement in their thoughts.

They think that this organized universe and all within it came into existence because of matter and unlimited energy. They deny the existence of any Supreme Being who created manifestations of limited energy with unlimited energy. Humans begin to wonder what this unlimited variation is. If all this creation of nature becomes purposeless then how come such an organization? How did Singularity create abundance? Which power has given oblivion the awareness?

If we admit that there is an interlink and discipline in matter and it is evolving according to a plan then automatically it has to be accepted that this system has been created by a Conscious Being and after its existence it is running according to His plan.

Socialist thinkers have so much downgraded human beings from its high plane that one cannot express it fully. The purpose of human beings is not only to satisfy their human needs rather God has given him mind and consciousness which is a reality beyond matter. He has taken principles of life from matter, therefore, he has some material needs and to fulfill those needs he sometimes drops to the lowest level but sometimes this very human rises to such highest level of character which becomes a matter of pride for all humanity.

Marx claims that the reality of the universe is matter and human thoughts and concepts are its reflection. But now science has elevated humans to a stage where the mind is considered the reality and physical world its reflection. Matter is not the creator of human thoughts and actions and neither its stimulant for its development. Humans armed with consciousness collided with the

material world and because of his sincerity, greatness and superiority passed the stages of development.

**Denial of Religion and Ethics**

Marx thinks that religion is a creation of capitalist mind through which they exploit poors. This thinking is totally incorrect. Religion is a necessity of human nature. Whenever humans face hardships and troubles, they think that there should be someone who would come for help. Quran says:

وما بكم من نعمة فمن الله ﷻ ثم إذا مسكم الضر فإليه تجأرون

[16:54]

And whatever blessing you have, it is from Allah.
And when affliction befalls you, it is unto Him
that you cry for help.

Religion is the answer to this feeling and the concept of God eases every pain. Therefore, humans when stuck in a tornado of grief then, without any will cries for help of God. When Hitler bombarded Moscow, and turned it into ashes, then Lenin uttered a sentence unintentionally **O My God, how cruel these people are**. Journalists asked him, **Do you believe in God?** He stayed silent.

Some time later, the daughter of Stalin escaped to England, then she said that after thorough consideration, I have come to the conclusion that for humans to live without the concept of God is not possible. Similarly, some time ago an earthquake shook Russia and the centre of atheists trembled and at that time all atheists prostrated before God. Thus, it can be said that natural inclination of humans towards religion cannot be eliminated and also cannot be termed as illusion. It is also not the invention and necessity of capitalists. All the Prophets, generally belonged to the poor strata of population and who accepted them majorly belonged to the poor class. In their followers, rich people were very few. Rather capitalists and landlords ridiculed them. Then how Karl Marx's theory should be accepted that religion was created to protect the interests of capitalists.

**Denial of Religious and Ethical Values**

The advocates of Socialism deny such ethics whose foundation is laid by capitalists on God's orders which have no value and also have no substance. For the time being wherever mercy sheds light of kindness, and consciousness or nobility in the world, it is because of those nobles who were ordained by Allah (SWT) and who were opposed fiercely by the then **Shaddads, Namruds, Pharaohs and Qaroons**. If humans lack ethics, then they become beasts and if they are not bounded by religious or ethical values then they would spread more destruction and bloodshed than beasts. The denial of Socialists of ethics is clear proof of them being unethical. Lenin, Stalin, Khrushchev and Gorbachev lacked basic decency and empathy rather, on assuming power they declared their predecessor as traitor and discredited the former's services and deleted his name from the preface of history.

**Materialist Definition of History**

There is no denial that in this worldly life humans need economic necessities. But there is a difference in that everything that appears in the development of civilization is because of economic struggle. Rather, there are other elements as well. Humans need food, clothes and shelter but planning for the fulfilment of these needs can not alone get by his psyche or consciousness. In the past, political and social environment changed with the change in the economic system or vice versa. But, it is not necessary that the social systems that are at the same point as their production techniques are also same with respect to their economic organization, family system, tribal order, political & religious organizations and ethical concepts. There are many examples in history which show that there were more non-economic factors in the development of nations. For example, Romans and earliest Muslims had a similar economic period but history shows that there was a huge difference in their ethical concepts. Romans were brutal to their slaves and in contrast Islam freed the oppressed from oppression and exploitation. So, it can be said that in the development of nations economic development is not a decisive factor. These are rather the objectives for which they live. They succeed in reorganizing their material environment for the achievement of these objectives.

All the Prophets symbolized hope and righteousness. They preached their **ummahs** the religion of truth. Those nations that accepted their invitation, were successful in this world and will also be successful in the hereafter. The societies that rejected the invitation of Prophets and made their life burdensome, were exterminated and became a symbol of fear. To sum it up, the materialist definition of history is unrealistic to some extent. And the real definition of history is spiritual and ethical. The movement for the independence of Pakistan gained momentum on religious grounds. The battle was fought on one side with English colonialists and on the other with non-believers, therefore, the materialists definition of history has become worthless and ineffective.

**Class Struggle**

Undoubtedly there were certain periods in history when oppressed people agitated against the tyranny of dictators. But to label all the revolutions in human history as the product of class struggle is exaggeration. It is evident from history that most of the wars were fought on the basis of tribalism, brotherhood, nationalism, racism, motherland or religion. These proved to be more decisive and fierce than class struggle. The revolution brought by Prophet Muhammad (PBUH) was not class struggle but was purely religious, ethical and ideological. In 1947, the division of Hindustan and independence of

Pakistan was not based on class struggle rather was the outcome of purely religious and spiritual principles confrontation. Reality is, humans have a sense of self respect. Whenever they find something against their desires, they react against it and first instinct is to fight. Only economic necessities do not form the basis of class struggle.

The principle on which Marx divided humanity into two classes was challenged in his time. He was of the view that those who are in control of factors of production are **bourgeoisie**, the capitalists are one class and who use these resources to produce surplus value for their masters comfort and luxury are **proletariats**, the labourers are second class. Capitalists and labourers are constantly fighting with each other for their own interests. In view of Marx, there are only two classes. But with the passage of time, a third class emerged who were neither capitalists nor labourers. These are the labourers, who manage the affairs of factories and share their profits. They are also labour class but at the same time they have relations with capitalists. This new class of labourers has been gaining importance in the economic system.

Marx thought that with the division of capital and labour, capital will increase but it will get concentrated in only a few hands. But forty years of history of industrialized countries shows that labourers are better off than before and their standard of living is getting better and they are gaining importance in economic systems of the world. Truth be told, he failed to clearly define the division of classes.

**Theory of Surplus Value**

The theory of Karl Marx that labourers are the sole rightful owner of total profit of production is not only incomprehensible but also impractical. Because he has totally ignored the importance of other means of production viz. land, capital, and organization. If we accept this theory of Karl Marx, that labour is the true parameter of surplus value then ask the labourers to use their mental and physical powers to earn a single penny, they would not be able to do that without the help from other means of production. Thus it is proved that this theory of Karl Marx is disinformation and narrowmindedness.

According to the Marx's theory, the difference in prices of products is because of the difference in labour in the production. But sometimes in the production of a product a higher quantity of labour was used but it achieved lower value due to change in demographics. So, it is proved that the value is based not only on labour but also on its demand. Marx did not address this point.

According to the theory of Surplus Value, the means to achieve surplus value is labour. Then there is an advantage in this for the capitalists that they use more labourers than machinery but in practice, there is an ever increasing role of machinery than labourers. Therefore, this theory of Karl Marx is not only unrealistic, but impractical as well.

**Theory of State**

Marx was too biased in explaining the Theory of State. He considered that the State is an organization of oppression and tyranny through which capitalists rob poor and helpless labourers. History tells us that whenever there was confrontation between different classes of society, the state machinery suppressed lower classes. But this does not prove that this institution always sided with the tyrants. There are instances in history where the state defended the rights of the poor and the weak instead of being the trump-card for riches. The Quraish of Mecca till last fought against Muslims because Islamic State was eradicating their social and political superiority. The existence of Islamic State was not for safeguarding the interests of rulers. Hazrat Abu Bakr (RA) stated the objective of his government "Who are influential, they are uninfluential for me till I receive from them the rights of others". Hazrat Umar (RA) said "By Allah (SWT), the weak among you is most powerful for me till I give him his right and powerful among you is weak for me till I receive from him the rights of others".

Marx asserts that the Government should be in the hands of labourers because this class will work for the achievement of material comforts. But it is possible that when they are in power, they may become more selfish than capitalists. The reality is that until there is control of ethics over our desires till then looting and seizing cannot be eradicated from life. Governments could side with labourers or capitalists, humans always have a feeling of self projection. He shows his superiority and high rank through power, therefore, it cannot be expected from him to surrender power by himself.

Marx thought that the state would perish but slowly. But the pace of time clearly shows that this institution in the hands of labourers would be more strong and stable in the future, than present. The destruction of Trotsky by Stalin, and the murder of Beria by conspiracy of Khrushchev are the results of hunger for power. History of Russia shows that the area of state power keeps on increasing day by day, and similarly the ruling class is gaining increasing power to inflict tyranny on helpless people.

ضلع پٹنہ میں آباد ہوا۔لطائف اشرفی میں ہے:

”جب حضرت شیخ شرف الدین علوم شرعیہ کی تحصیل اور ریاضت اصلیہ وفرعیہ کی تکمیل کر چکے تو حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی نظام الدین اولیاءؒ کی شرف ملازمت کے لئے دہلی تشریف لے گئے اور ارادت وارشاد کے لئے استدعا کی۔حضرت سلطان المشائخ نے عالم غیبی اور قضاء لاریبی سے استفسار فرمایا اور استغراق میں سر جھکایا پھر فرمایا برادرم شرف الدین تمہاری ارادت اور تعلیم سلوک برادرم نجیب الدین سے متعلق ہے۔تم انہیں کے پاس جاؤ وہ تمہارے منتظر ہیں اور جب وہ(یعنی حضرت شرف الدینؒ) نے فرمایا کہ فقیروں کے یہاں سے خالی نہ جاؤ۔تم کو اس خاندان سے صفائی اور سماع مبارک ہو۔(حضرت شرف الدینؒ) تعظیم بجالائے۔ان کے خاندان میں سماع اور صفائی اسی وجہ سے ہے جب سلطان المشائخ کی ہدایت کے مطابق حضرت مخدوم الملک حضرت نجیب الدینؒ کے حضور میں پہنچے تو ان پر بڑی دہشت طاری تھی اور جسم پسینہ پسینہ ہو رہا تھا لیکن حضرت شیخ نجیب الدینؒ نے ان کو دیکھتے ہی فرمایا، درویش! برسوں سے تمہارے انتظار میں بیٹھا ہوں تا کہ تمہاری امانت تمہارے سپرد کروں اور فوراً بیعت لی، کچھ نصیحتیں لکھ کر رخصت کیا۔رخصت کرتے وقت فرمایا کہ تم کو راستہ میں کوئی خبر ملے تو واپس نہ آنا۔بیعت کے بعد دہلی سے رخصت ہوئے تھے کہ راستہ میں مرشد کے وصال کی خبر ملی۔

حضرت شرف الدین رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی وفات کے وقت وصیت کی تھی کہ میرے جنازہ کی نماز ایسا شخص پڑھائے جو صحیح النسب سید ہو۔تارک مملکت ہو اور حافظ قرآن سات قرآتوں کا ہو۔جنازہ رکھا ہوا تھا کہ عین اس وقت حضرت سید اشرف جہانگیر سمنانی رحمتہ اللہ علیہ کچھوچھہ کا ورود ہوا۔یہ تینوں شرطیں ان میں موجود تھیں اس لئے جنازہ کی نماز پڑھانے کی سعادت انہی کے حصہ میں آئی۔

782ھ سن وفات ہے۔مزارِ پُرانوار بہار شریف میں مرجع خلائق ہے۔سلطان محمد تغلق نے حضرت مخدوم الملک شیخ شرف الدین یحیٰی منیریؒ کی خانقاہ تعمیر کرائی اور اس کے اخراجات کے لئے پرگنہ جاگیر صوبہ بہار ان کے حوالہ کیا۔آپ صاحب تصنیف ہیں ”مکتوبات“ آپ کے بہت مقبول ومشہور ہیں۔(بزم صوفیہ معارف پریس اعظم گڑھ)

حضرت منیریؒ کے مرشد حضرت نجیب الدین کبرویؒ، حضرت رکن الدین فردوسیؒ کے مرید تھے اور وہ حضرت خواجہ نجم الدین کبرویؒ سے خواجہ ضیاء الدین ابونجیب نے خلافت سونپتے وقت فرمایا کہ تم مشائخ فردوس ہو۔(شما مشائخ فردوس اید) اسی وقت سے اس سلسلہ کا نام فردوسیہ ہو گیا۔(وصیت نامہ حضرت خواجہ نجیب الدین فردوسی مطبوعہ مفید عام پریس آگرہ 1321ھ)

**ارشادات:**

(۱) سماع کے وقت جہاں تک ممکن ہو آبدیدہ نہ ہو اور جسم کو حرکت نہ دو یہاں تک کہ مغلوب ہوجائے اور اپنی حفاظت آپ نہ کرسکے لیکن سماع میں احوال کے ظاہر ہونے سے بڑی آفتیں ہیں ان کو چھپانا بہت اہم باتوں میں سے ہے۔

کارما زکستان عرنا نیست | سنگ زیرین آسیابودن

(ترجمہ) نازک لوگوں کا یہ کام نہیں۔یعنی ان کے بس کی یہ بات نہیں کہ وہ چکی کے پاٹ کے نیچے رہ سکیں۔یعنی ٹھہر سکیں)

(۲) ایمان کی سچائی خدا کو بڑا سمجھنے میں ہے اور خدا کی بڑائی کے احساس سے خدا سے شرم پیدا ہوتی ہے۔اس شرم سے باطن اور ظاہر کی تعظیم پیدا ہوتی ہے۔اس کے بعد سالک کا شاہد خدا ہو جاتا ہے اور وہ اس کو مختلف صورتوں میں مشاہدہ کرتا ہے۔جن کے اثرات بھی مختلف ہوتے ہیں مثلاً وہ خدا کے غنا اور کمال کا مشاہدہ کرتا ہے تو اس کے دل سے ساری طمع جاتی رہتی ہے اور خدا کی قدرت کا مشاہدہ کرتا ہے تو پھر اس کے سوا کسی اور سے اسے انسیت پیدا نہیں ہوتی۔وہ خدا کے فضل کا مشاہدہ کرتا ہے تو وہ اپنے افعال اور احوال سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔وہ خدا کے کرم کا مشاہدہ کرتا ہے تو اس کو خدا سے ایسا انبساط حاصل ہوتا ہے کہ کون ومکاں اسی کے حاجتمند ہو جاتے ہیں۔خدا کے قہر کا مشاہدہ کرتا ہے تو اس پر خدا کا خوف ایسا طاری رہتا ہے کہ اس کو کبھی آرام نہیں ملتا۔(مکتوبات سرہندی ۱۱۴)

(۳) مخدوم شاہ شفیع صفی پور ضلع اناؤ اودھ۔

شیخ قوام کا مفصل حال مخدوم شاہ مینا لکھنوی کے مختصر حال میں ملتا ہے۔ (حوالہ کے لئے اخبار الاخیار اور تبع سنابل ملاحظہ ہو)۔

**ارشادات:**

(۱) فرمایا ایک دن صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے خدمت نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم کھانا کھاتے ہیں مگر پیٹ نہیں بھرتا۔ آپؐ نے فرمایا شاید تم تنہا کھانا کھاتے ہو۔ عرض کیا ہاں، ہر شخص الگ الگ کھاتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اب اکھٹا ہو کر کھایا کرو اور پہلے بسم اللہ کہا کرو، اللہ تعالیٰ برکت دے گا"۔

اکھٹا ہو کر ایک ساتھ کھانا کھانے میں برکت ہوتی ہے۔

(۲) مسلمان کے ایمان کی بنیاد صرف دو چیزوں پر ہے۔

(الف) جو خدا اور رسول نے فرمایا ہے اس کی متابعت کرے۔

(ب) جس چیز سے منع کیا ہے اس کو ترک کر دے۔

پھر فرمایا:

(۳) نماز با جماعت کا پابند رہے۔

(۴) تارک نماز محفل میں آکر بیٹھے تو اس کی تعظیم نہ کرے۔

(۵) تحمل سے کام لے۔ اگر کوئی جفا کرے تو اسے معاف کر دے۔

(۶) نماز حضور قلب کے ساتھ پڑھی جائے۔ اعضاء کا قبلہ "کعبہ شریف" ہوتا ہے۔ اگر اعضا اس طرف نہ ہوں تو نماز درست نہیں ہوتی۔ اسی طرح "دل کا کعبہ" ذات پاک حق تعالیٰ ہے۔ اگر دل اپنے قبلہ سے پھر جائے تو نماز کیسی ہوگی؟

(۷) اعتبار خاتمہ کا ہے۔ ظاہر حال لائق اعتماد نہیں۔

(۸) کرامت بغرض درستی عقیدہ و اور اصلاح ایمان منجانب اللہ ظہور پذیر ہوتی ہے۔

(۹) خلوص نیت یہ ہے کہ جس کام کی نیت کرے اس میں رضا مندی ذات پاک اللہ تعالیٰ کی ہو۔

(۱۰) یاروں نے سوال کیا کہ بعض اولیاء اللہ کو ایسا شغل اللہ تعالیٰ سے پیش آتا ہے کہ نماز بھی چھوڑ دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا ایسے لوگ پیشوائے طریقت نہیں ہوتے۔ اقتدار کے واسطے نگہداشت شریعت اور انبیاء کو اللہ تعالیٰ سے ایسی مشغولی باطن حاصل تھی کہ اور کسی کو نصیب نہیں ہوئی مگر باوجود اس کے ان کی مشغولی ظاہری میں سر مو فرق نہ آتا تھا۔

(۱۱) اکل حلال یعنی اپنے ہاتھ کی محنت سے کھاؤ۔ ذات پاک عز اسمہ مددگار ہے۔ جو کچھ چاہا اس سے چاہے۔

(۱۲) متابعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقط دو چیز میں ہے۔

(الف) جو کچھ خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا ہے وہ کرنا چاہیے اور جس سے خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع کیا ہے اس سے بچنا چاہیے۔

(ب) خرید و فروخت میں ہرگز جھوٹ بات زبان پر نہ آوے۔

(۱۳) سماع کے متعلق فرمایا:

"دارو ئے دردمنداں است" سماع میں "ذوق" درد دل سے ہوتا ہے نہ کہ "مزامیر" سے۔

در سینۂ نصیر الدین جز عشق نمی گنجد    ایں طرفہ تماشہ بیں دریا بہ حباب اندر

(۱۴) حاجی قوام الدین آپ کے ایک مرید خاص روزگار سے پریشان حاضر خدمت ہوئے۔ مدعا اپنے کہنے بھی نہ پائے تھے کہ آپ نے ان کی دلجمعی و تسکین خاطر کے لئے یہ قطعہ پڑھا:

دنیا چو مقدر است بہ جز وشی بہ    رزق تو رسد بہ وقت کم کوشی بہ

چیزے کہ نمی خرند بفروشی بہ    گفتے تو نمی کنند خاموشی بہ

(بزم صوفیاء بحوالہ سیر الاولیاء)

## (V) حضرت شرف الدین احمد یحییٰ منیری رحمتہ اللہ علیہ

**مختصر حال:**

حضرت مخدوم الملک شرف الدین احمد بن یحییٰ قدس سرہ کی ولادت باسعادت 26 شعبان المعظم 661 ھ میں بمقام منیر شریف (ضلع پٹنہ بہار) ہوئی۔ حضرت شرف الدین احمد کا خاندان بیت المقدس سے آکر منیر

اس سلسلہ میں یہ صوفیانہ نکتہ بتایا **نفس** کتا ہے اور خدا کے علاوہ کسی اور کی محبت تصویر ہے۔ایسے آدمی کے دل میں خدا کی محبت نہیں ہو سکتی ۔خدا کی محبت کے لئے نفس کو پاک اور دل کو ماسوائے اللہ تعالیٰ کی محبت سے دُور رکھنا ضروری ہے۔

(۳) بوقت وصال 738ھ آپ نے فرمایا:

''مسلمان ہوں، اگر میں بچھو نہ تھا تو نیکوں سے تو ملا''۔

اپنا انصاف میں خود کرتا ہوں۔

## (IV) حضرت شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی رحمتہ اللہ علیہ

### مختصر حال:

جو کہ اصحاب اعظم واحباب اکرم واکبر خلفائے حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ تھے۔مجاہد عظیم وزاہد کریم کرحالات عالیہ ومکاشفات جلیلہ رکھتے تھے۔ ولایت دہلی میں بعد رحلت حضرت سلطان المشائخ بنام حضرت قرار پائی۔ طریقہ آپ کا صبر وشکر فقر وفاقہ اور تسلیم ورضا تھا۔آپ کے والد کا نام سید یحییٰ اور آپ کے دادا کا نام سید عبداللطیف تھا۔سید عبداللطیف وارد ہندوستان ہو کر لاہور میں قیام پذیر ہوئے اور آپ کے والد سید یحییٰ لاہور میں پیدا ہوئے بعد اس کے ''اودھ'' آکر قیام کیا۔

چونکہ آپ صحیح النسب سادات تھے۔تمام شہر باعزت پیش آتا تھا۔ حضرت کی پیدائش ''اودھ'' میں ہوئی۔ جب عمر مبارک ۹ برس کی ہوئی آپ کے والد نے قضا کی۔آپ کی والدہ شریفہ کی وہ سیدزادی تھیں آپ کی تربیت میں بہت کوشش فرماتی تھیں۔چنانچہ پہلے مولانا عبدالکریم شیروانی سے زیر تعلیم رہے۔ان کے انتقال کے بعد مولانا افتخار الدین گیلانی سے علوم ظاہری حاصل کئے۔ ہمیشہ صائم رہتے تھے۔کبھی نماز باجماعت فوت نہیں ہوئی۔ سات برس ایک درویش کامل کے ساتھ نماز باجماعت ادا کی۔بعدہ ریاضت ومجاہدہ کی طرف متوجہ ہوئے۔ جب چالیس برس کا سن ہوا دہلی تشریف لائے اور زیارت وخدمت حضرت سلطان المشائخ سے مشرف ہوئے اور خدمات شائستہ بجا کر بہ خطاب ''محمود گنج شکر'' مخاطب ہے۔ آپ کا یہ دستور تھا کہ شب وروز کمربستہ خدمت پیرومرشد میں حاضر رہتے تھے اور حضرت پیرومرشد کی اجازت سے کبھی کبھی اپنے وطن اودھ کو چلے جایا کرتے تھے۔ والدہ ماجدہ کی وفات کے بعد وطن چھوڑ کر مستقل طور پر دہلی تشریف لے آئے اور مرشد کے خاص حجرے میں سکونت اختیار کی۔یہ حجرہ جماعت خانہ میں تھا۔ مرشد کی صحبت میں فقر، صبر، تسلیم ورضا کی تمام درویشانہ صفتیں پایہ تکمیل کو پہنچ گئیں۔چنانچہ (جیسا کہ تذکرۃ الاولیاء ہند شائع کردہ سیٹھ اعظم جی لاہور میں بحوالہ سیر العارفین کے مؤلف کے بیان کے لکھا ہے) حضرت شیخ نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ کے خلفاء اپنے مرشد اور شیخ نصیر الدینؒ کی ذات پر فخر کیا کرتے تھے''۔

جب حضرت محبوب الٰہیؒ نے حضرت شیخ نصیر الدینؒ میں وہ تمام باتیں بدرجہ کمال پائیں جو جانشینی کے لئے موزوں تھیں تو ان کو دہلی میں اپنا جانشین مقرر فرمایا اور جو خرقہ، عصا، کاسہ اور نعلین حضرت محبوب الٰہیؒ کو اپنے خواجگان سے ملے تھے اپنی وفات کے وقت یہ سب حضرت نصیر الدینؒ کو عطا کر کے انہیں دہلی کے لوگوں کی جفاؤں کو صبر وسکون سے تحمل کرنے کی تلقین فرمائی۔

حضرت محبوب الٰہیؒ کی وفات کے بعد جماعت خانہ ان کی بہن کی اولاد کو ترکہ میں ملا اور حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی قیام گاہ کے لئے قریب شاہجہان آباد وہ جگہ منتخب کی جہاں ان کی ابدی خوابگاہ ہے اور اب ''درگاہ چراغ دہلی'' کے نام سے معروف ومشہور ہے۔18 رمضان شب جمعہ 757ھ کو آپ واصل بحق ہوئے۔مزار آپ کا دہلی میں زیارت گاہ خاص وعام ہے۔

حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلی رحمتہ اللہ علیہ ہی کے ایک مرید خاص حاجی الحرمین شریفین حضرت شیخ قوام الدین ہیں جو دہلی سے لکھنؤ آکر یہیں قیام پذیر ہو گئے اور انہیں کے باعث ''سلسلہ چشتیہ نظامیہ'' نے اودھ (بھارت) میں ان چار بزرگواروں سے فروغ پایا اور اب بھی ان کا فیض جاری ہے۔

(۱) مخدوم شیخ سارنگؒ قصبہ مجھگوان تحصیل فتح پور بارہ بنکی اودھ۔

(۲) مخدوم شاہ میناؒ لکھنؤ خاص اودھ۔

(۳) مخدوم شیخ سعد الدینؒ خیرآباد ضلع سیتاپور اودھ

اس شخص کی مجال نہیں ہوتی تھی کہ بات کو آگے بڑھائے

آپ کے اقوال آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں:

(۱) ایک دفعہ آپ کی خانقاہ میں tt رخاں مقطع دارزدولی حاضر ہوا۔ آپ نے اس کو نصیحت فرمائی:

"tt رخاں دُنیا میں اس طرح رہو جیسے کوئی مسافر رہتا ہے"۔

(۲) فرمایا کرتے تھے کہ منصور بچہ تھا کہ ضبط نہ کرسکا اور انا الحق (کہہ کر) اسرار الٰہی کو فاش کر دیا۔ مرد وہ ہے جو کہ دریا اُتار لیتے ہیں اور ڈکار نہیں لیتے۔

(۳) فقر اللہ کے نُور کا ایک خزانہ ہے۔

## (III) حضرت شیخ برہان الدین غریب رحمتہ اللہ علیہ

### مختصر حال:

غریب است ایں محب حق نہ دُنیا    حبیب اللہ فی الدنیا غریباً

آپ کا خاندان شہر ہانسی میں آباد تھا۔ اسی جگہ 654ھ میں آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

حضرت فرید الدین "بابا فرید" گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ کے جلیل القدر خلیفہ حضرت خواجہ جمال الدین ہانسوی رحمتہ اللہ علیہ آپ کے ماموں تھے۔ آپ جید عالم تھے اور تمام زندگی تجرد میں گزاری۔

حضرت محبوب الٰہی نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ کے فیوض و برکات کے سرچشمہ سے جب کہ تمام ہندوستان سیراب ہو رہا تھا۔ حضرت برہان الدینؒ نے بھی دہلی میں یہ کشش پائی اور ہانسی سے دہلی کھینچ کر چلے آئے۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ وہ ایک خندق میں گر پڑے ہیں اور اس سے باہر نکلنا چاہتے ہیں لیکن نکل نہیں سکتے۔ یکایک حضرت محبوب الٰہیؒ نے اپنا ہاتھ ان کے ہاتھ میں دے کر باہر نکالا۔ اس خواب کے بعد آپ حضرت محبوب الٰہیؒ کی خانقاہ میں تشریف لے گئے۔ حضرت محبوب الٰہیؒ کے خادم خاص اقبال نے خدمت میں جا کر عرض کیا کہ برہان الدین غریب آئے ہیں۔ حضرت محبوب الٰہیؒ نے فرمایا اب تو ان سے تمام لوگ آشنا ہو گئے ہیں۔ ابھی تک وہ غریب (اجنبی) ہیں۔ اسی کے بعد سے وہ "غریب" کے لقب سے مشہور ہوئے۔ ارادت کے بعد حضرت محبوب الٰہیؒ کی خدمت میں بڑا تقرب حاصل کیا۔ رفتہ رفتہ حضرت شیخ کے درجہ کمال کو پہنچے تو مرشد کی طرف سے خلافت ملی۔ خلافت کے بعد مرشد نے کئی بار اپنے بلند مرید کے کمالات کا اظہار کیا۔ حضرت محبوب الٰہیؒ نے اسلام کی تبلیغ و اشاعت اور مسلمانوں کی رشد و ہدایت کی مفارقت پسند نہ تھی۔ اس لئے یہ سُن کر عرض کیا کہ نعلین مبارک سے دُور ہو جاؤں گا۔ حضرت محبوب الٰہیؒ نے فرمایا نعلین بھی ہمراہ لے جاؤ۔ پھر عرض کیا مجلس سے دُور ہو جاؤں گا۔ حضرت محبوب الٰہیؒ نے فرمایا اس وقت مجلس میں جتنے لوگ بیٹھے ہیں ان کو بھی ساتھ لے جاؤ۔ کہا جاتا ہے کہ مجلس میں سات سو مرید بیٹھے تھے۔ حضرت شیخ کو مرشد کا حکم بجالانا پڑا اور سات سو ہمراہیوں کے ساتھ دولت آباد روانہ ہو گئے۔ یہیں 738ھ میں واصل بحق ہوئے۔ مزار خلد آباد میں ہے۔ (بزم صوفیہ معارف پریس اعظم گڑھ)

### ارشادات:

رخصت کرتے وقت حضرت محبوب الٰہیؒ نے حضرت شیخ برہان الدین غریبؒ کو کچھ نصیحتیں کیں جن میں دو یہ تھیں۔

(۱) جمعہ کی نماز ترک نہ کرنا۔

(۲) اپنی والدہ کی خوشی ہر کام پر مقدم رکھنے کو رحمت حق تصور کرنا۔

حضرت شیخ برہان الدین غریب رحمتہ اللہ علیہ دولت آباد (دکن حیدرآباد) پہنچ کر اپنے عادات و اطوار، معاملات و عبادات اور کشف و کرامات کی بناء پر عوام و خواص، امراء و سلاطین کے قلوب پر فرماں روائی کرتے رہے۔

آپ کے معتقدین و مریدین میں محمد بشیر الدین دہلوی تعلقدار (کلکٹر) رائچور مملکت محروسہ سرکار عالی نظام کی تصنیف "واقعات مملکت بیجا پور دکن کا یہ شعر بہت مشہور رہا"۔

جو ماسور تھے فقط ان کا نام باقی ہے
نہ جم جہاں میں رہا باقی نہ جام باقی ہے

حضرت شیخ فرماتے ہیں:

(۱) انسان جب کمال کو پہنچتا ہے تو اس کی نظر اپنے عیوب پر زیادہ پڑتی ہے۔

(۲) جس گھر میں کتا، تصویر ہوتی ہے وہاں فرشتہ رحمت داخل نہیں ہوتا۔

بعد حضرت محبوب الٰہیؒ نے رحلت فرمائی۔ ان کے جنازہ کی نماز حضرت شیخ رُکن الدینؒ نے پڑھائی اور اس سعادت پر وہ ہمیشہ فخر کرتے تھے۔ حضرت محبوب الٰہیؒ کی وفات کے دس سال بعد حضرت شیخ رُکن الدینؒ اپنے محبوب حقیقی سے جا ملے۔ وفات سے تین ماہ پہلے لوگوں سے ملنا جلنا اور بولنا بالکل ترک کر دیا تھا۔ صرف نماز با جماعت کے لئے حجرہ سے باہر آتے تھے اور پھر لوٹ جاتے تھے۔ 737ھ کے رجب کی سولہویں تاریخ جمعرات کے دن نمازِ مغرب کے بعد نماز اوابین پڑھ رہے تھے کہ اسی حالت میں سجدہ میں جان جاں آفریں کے سپرد کر دی۔ مرقد مبارک ملتان میں ان کے جد امجد اور والد ماجد کے مزار کے پاس ہی بالائے قلعہ ہے۔ (بزم صوفیہ معارف پریس اعظم گڑھ)

**ارشادات:**

(۱) آپ فرماتے تھے کہ اعضا و جوارح کو شرعی ممنوعات سے قولاً و عملاً باز رکھنا چاہیے۔

(۲) لایعنی مجلس سے بھی پرہیز لازم ہے اس سے مُراد ایسی مجلس ہے جو حق تعالیٰ سے برگشتہ کر کے دُنیا کی طرف مائل کرتی ہے۔

(۳) بطالوں سے بھی احتراز ضروری ہے۔ بطال وہ لوگ ہیں جو طالب حق نہیں۔

(۴) حضرت رُکن الدینؒ ابوالفتح اپنے ایک مرید کو لکھتے ہیں:

آدمی دو چیزوں سے عبارت ہے۔ صورت اور صفت۔ ان میں سے قابل اعتنا آدمی کی صفت ہے۔ خدائے عزوجل صورتوں کو نہیں بلکہ قلوب کو دیکھتا ہے۔ اگر کسی کا قلب اوصاف ذمیمہ سے پُر ہے تو اس کا شمار بہائم میں ہے۔ اوصاف ذمیمہ کو دُور کرنے کے لئے "تزکیہ نفس" کی ضرورت ہے اور "تزکیہ نفس" اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتا جب تک بندہ خدائے عزوجل سے التجا و استعانت نہ کرے یعنی اس کی بارگاہ میں گڑگڑائے اور اس سے مدد طلب کرے۔ التجا و استعانت سے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے "فضل اور رحمت" حاصل ہوتی ہے۔ فضل اور رحمت کے ظہور کی علامت یہ ہے کہ بندہ کی چشم بینا میں اس کے عیوب ظاہر ہو جاتے ہیں اور عظمتِ الٰہی کے انوار کے پرتو سے ساری کائنات اس کی نظر میں ہیچ ہو جاتی ہے۔ دُنیا کے بکھیڑوں میں پھنسے رہنے والوں کی وقعت اس کے دل سے بالکل جاتی رہتی ہے اور جب اس کے قلب پر یہ کیفیت مُستولی ہو جاتی ہے تو اس کے اوصاف فرشتوں کے اوصاف میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور اس میں ظلم کی بجائے عفو، غضب کے بجائے حلم، کبر کے بجائے تواضع، بخل کے بجائے سخاوت اور حرص کے بجائے ایثار کی خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

## (II) شیخ احمد عبدالحق ردولوی

**مختصر حال:**

آپ شیخ جلال پانی پتی کے خلیفہ تھے۔ سلسلہ چشتیہ صابریہ کے اہم رُکن سمجھے جاتے تھے۔ نسبتاً فاروقی تھے۔ رُدولی ضلع بارہ بنکی میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام عمر اور دادا کا اسم گرامی داؤد تھا۔ شیخ احمد عبدالحق کمسنی ہی سے نماز روزہ کی طرف مائل تھے۔ بارہ سال کی عمر میں تحصیل علم کے لئے دہلی بھیجے گئے لیکن علوم ظاہری کی جانب آپ کی توجہ نہ ہوئی۔ علم باطنی کی تلاش میں نکلے اور پانی پت پہنچ کر شیخ جلال الدین کبیر الاولیاء کے مرید ہوئے۔ مرشد کی خدمت میں رہ کر ریاضت اور مجاہدہ کیا۔ اس کے بعد پانی پت سے روانہ ہو کر سیر و سیاحت میں مشغول ہو گئے۔ مختلف مقامات سے ہوتے ہوئے اور اولیاء اللہ سے اکتساب فیض کرتے ہوئے رُدولی پہنچے اور وہاں ایک خانقاہ قائم کر کے رُشد و ہدایت میں مشغول ہو گئے۔ لوگ دُور دُور سے حاضر ہو کر فیض حاصل کرنے لگے۔

اپنے مرشد شیخ جلالؒ کی وفات کے بعد پھر پانی پت آ گئے اور مرشد زادوں کو تعلیم و تربیت دی۔

15 جمادی الثانی 737ھ میں بعہد سلطان ابراہیم شرقی آپ کا وصال ہوا۔ مزار رُدولی میں ہے۔ آپ کے بعد آپ کے صاحبزادے شیخ احمد عارف خلیفہ و سجادہ نشین ہوئے۔

حضرت شیخ احمد عبدالحق پر اکثر استغراق کا عالم طاری رہتا تھا۔ آپ کی محفل میں ذکر الٰہی کے سوا کوئی تذکرہ نہیں ہوتا تھا۔ اگر کوئی شخص اتفاق سے آپ کی مجلس میں دُنیا اور اہل دُنیا کا ذکر کرتا تو آپ کانپنے لگتے تھے۔ یہ دیکھ کر

## (اللہ والوں کی باتیں) حضرت ابوالفتح رُکن الدین سُہروردی نقشبندی ملتانیؒ، شیخ احمد عبدالحق ردولویؒ، حضرت شیخ بُرہان الدین غریبؒ، حضرت شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلویؒ، حضرت شرف الدین احمد یحییٰ منیریؒ

انتخاب از: (محمد اویس فاروقی)
ایم۔اے۔انگلش (NUML)، اسلام آباد، بی۔ایس۔میڈیکل لیب ٹیکنالوجی۔(NUMS)، راولپنڈی

### حضرت ابوالفتح رُکن الدین سُہروردی نقشبندی ملتانیؒ

**مختصر حال:**

حضرت شیخ ابوالفتح رکن الدین، حضرت شیخ صدرالدین کے لڑکے اور حضرت شیخ بہاءالدین زکریا ملتانیؒ کے پوتے ہیں۔ ایک دفعہ جب شیخ رُکن الدین چار سال کے تھے۔ حضرت شیخ بہاءالدین زکریا ملتانی چارپائی پر بیٹھے ہوئے تھے اور دستارِ مبارک سر سے اتار کر چارپائی کے پایہ پر رکھ دی تھی۔ حضرت شیخ صدرالدین بھی پاس ہی مئودب بیٹھے تھے کہ شیخ رُکن الدین کھیلتے ہوئے آئے اور دادا کی دستارِ مبارک اُٹھا کر اپنے سر رکھ لی۔ والد ماجد نے ڈانٹا کہ یہ بے ادبی ہے مگر دادا نے فرمایا کہ صدرالدین پگڑی پہننے سے اسے نہ روکو وہ اس کا مستحق ہے اور میں یہ پگڑی اس کو عطا کرتا ہوں چنانچہ وہ پگڑی محفوظ کر دی گئی اور جب شیخ رُکن الدین اپنے والد بزرگوار کے بعد مسند خلافت پر متمکن ہوئے تو وہ ان کے سر پر رکھی گئی۔ ظاہری تعلیم اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی اور روحانی تربیت میں جد امجد سے کوفیضیاب ہوئے۔ دونوں ان کو بہت محبوب رکھتے تھے۔ شیخ رکن الدین دونوں بزرگوں کا اتنا احترام کرتے تھے کہ کبھی ان سے آنکھیں چار نہ کرتے اور نہ ان کے سامنے بلند آواز سے بولتے۔ خوردسالی میں ان کے اس ادب سے متاثر ہو کر حضرت خواجہ شمس الدین تبریزی نے ان کو "رُکن الدین عالم" کا لقب عطا فرمایا اور وہ رُکن عالم کے نام سے مشہور ہوئے۔ حضرت شیخ رُکن الدین قدس سرہ کا کام کمال کو پہنچ گیا تھا تو بھی تہجد کے وقت سے دوپہر تک ریاضت وعبادت میں مشغول رہے۔ (خزانہ جلالی)

حضرت شیخ رُکن الدین اور حضرت محبوب الٰہی نظام الدین اولیاءؒ سے باہم بے حد خلوص تھا۔ متعدد بار حضرت رُکن الدین دہلی حضرت محبوب الٰہی سے ملنے تشریف لے گئے اور حضرت نظام الدین اور حضرت رُکن الدین حضرت بابا فرید گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ کے عرس شریف میں ساتھ شریک ہوئے ہیں اور محفل سماع میں دونوں نے "حظ" حاصل کیا ہے۔

غیاث الدین تغلق کے بعد سلطان محمد بن تغلق سریر آرائے سلطنت ہوا۔ اس سے بھی حضرت رُکن الدین کے تعلقات قائم رہے اور اس کے یہاں آ کر مقیم ہوئے۔ یہ زمانہ حضرت محبوب الٰہی کے مرض الموت کا تھا۔ حضرت رُکن الدین ان کی عیادت کو آئے تو وہ عالم تحیّر میں تھے۔ مریدین پریشان ہوئے کہ اس عالمِ تحیّر میں دونوں کی ملاقات کیسے ہوگی؟ لیکن حضرت محبوب الٰہی کا تحیّر جاتا رہا۔ حضرت شیخ رُکن الدین کو دیکھ کر تعظیم کے لئے چارپائی سے نیچے اُترنا چاہتے تھے مگر غایت ضعف کی وجہ سے نیچے نہ اُتر سکے۔ اس لئے حضرت شیخ رُکن الدین کو چارپائی ہی پر بیٹھنے کو کہا لیکن شیخ رُکن الدین نے تعظیماً چارپائی پر بیٹھنا پسند نہیں فرمایا۔ ایک کرسی لائی گئی تو وہ اس پر بیٹھے۔ حضرت شیخ رُکن الدین نے سلسلہ کلام شروع کرتے ہوئے فرمایا کہ انبیاء کو موت اور زندگی کا اختیار دیا جاتا ہے۔ اولیاء انبیاء کے جانشین ہوتے ہیں اس لئے ان کو بھی موت اور زندگی کا اختیار ملتا ہے۔ آپ کی حیات کچھ دنوں اور رہوتی کہ ناقصوں کو آپ کمال تک پہنچا سکتے۔ محبوب الٰہی نے یہ سُنا تو ان کی آنکھیں اشکبار ہو گئیں اور فرمایا "میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ سے فرما رہے ہیں کہ نظام! تم سے ملنے کا بڑا اشتیاق ہے۔ حضرت شیخ رُکن الدینؒ نے یہ سُنا تو ان پر گریہ طاری ہو گیا اور ان کے ساتھ اور حاضرین بھی رونے لگے۔ اس ملاقات کے

مدد ملتی ہے۔ بقول علامہ اقبالؒ:

ہیں جذبِ باہمی سے قائم نظام سارے
پوشیدہ ہے یہ نکتہ تاروں کی زندگی میں

انتہا پسندی جہاں ایک زبردست اخلاقی عیب ہے وہاں بے شمار اخلاقی اور معاشرتی بُرائیوں کی جڑ ہے جس کے نتیجے میں صرف نوجوان ہی نہیں بلکہ پوری قوم مصائب و آلام سے دوچار ہو جاتی ہے۔ ہمارے بعض شہروں، علاقوں بالخصوص دیہاتوں میں خاندانی عداوتیں، لڑائی جھگڑے اور مستقل مقدمہ بازی اکثر معمولی اور چھوٹی باتوں کو برداشت نہ کر سکنے کا ہی ہوشربا نتیجہ ہیں۔ اسی طرح کسی حکومت کا اپنی آئینی مدت پوری نہ کر سکنا متعدد حکومتوں کی اکھاڑ بچھاڑ کا تماشہ آزادی کے بعد جمہوریت کی بجائے زیادہ تر عرصہ مارشل لاء کی نذر ہو جانا، مشرقی پاکستان کی علیحدگی، متعدد سیاست دانوں کا قتل، اسمبلیوں کے اجلاس کے دوران معزز ارکان کا باہم دست و گریباں اور گتھم گتھا ہونے اور گالی گلوچ سے پارلیمنٹ جیسے باوقار اداروں کا وقار مجروح کرنا، ایک دوسرے پر الزام تراشیاں کرنا، حزبِ اختلاف کا بہر کیف اور ہر صورت حزبِ اقتدار سے مخالفت کرنا، حکومت کو گرانے کے لئے اپوزیشن کا ہمیشہ سازشیں کرتے رہنا اور ہر ممکن حربہ استعمال کرنا وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب انتہا پسندی کا نتیجہ ہے۔ سیاسی اعتبار سے اگر ایک دوسرے کو برداشت کرنے اور حصولِ اقتدار کے لئے اپنی باری کا انتظار کرنے کا جذبہ ہوتا تو یقیناً اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک استحکام کی صورتحال آج سے کہیں بہتر ہوتی۔ اسی صورتحال کے بارے میں علامہ اقبالؒ رقم طراز کرتے ہیں:

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

فرقہ بندی نے اُمتِ مُسلمہ کو لخت لخت کر دیا ہے۔ دینِ اسلام محبت، اخوت، بھائی چارے، مساوات، صلہ رحمی، حُسنِ سلوک، اتفاق و اتحاد، میل ملاپ اور حُسنِ اخلاق کا درس دیتا ہے نفرت، حسد، بغض، قتل و غارت، خون خرابے اور انتہا پسندی کی اسلام میں کوئی گنجائش ہی نہیں۔

کھیل اور تفریحی سرگرمیاں ان تمام معاشرتی بُرائیوں کا قلع قمع کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مختلف مکتبہ ہائے فکر کو کھیلوں کی اہمیت کا احساس دلایا جائے۔ سوشل میڈیا، اخبارات اور رسائل کے ذریعے تمام لوگوں میں کھیلوں کی اہمیت اُجاگر کی جائے۔ کھیلوں کی اہمیت پر مضامین شائع کرائے جائیں۔

کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کے لئے وقت، اساتذہ، ساز و سامان اور کھیل کے میدان درکار ہیں۔ ہمارا نظامِ تعلیم، اسکول کی عمارتیں، پابندیاں، ماحولیاتی مجبوریاں، تساہل پسندی اور عدم توجہی نے تفریحی سرگرمیوں کو معطل کر رکھا ہے۔ اب رہی سہی کسر کرونا نے نکال دی ہے۔ قومی سطح پر بھی کھیلوں کی پذیرائی اب ممکن نہیں رہی لیکن ہمیں اپنے مدافعاتی نظام کو بھی تو کھیلوں کے ذریعے ہی جلا بخشنی ہے اور انتہا پسندی کے چنگل سے بھی نکلنا ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے۔ ان کو فروغ دے کر ہی ہم نوجوانوں کی اصلاح کر سکتے ہیں اور انہیں انتہا پسندی سے نجات دلا سکتے ہیں۔

تفریحی سرگرمیوں اور کھیلوں سے کام کرنے کا سلیقہ ملے گا، ذہنی صلاحیتوں میں نکھار آئے گا اور بلاشبہ نوجوانوں کی شخصیت و کردار کی تعمیر ہوگی۔ انتہا پسند رویوں سے پاک متوازن شخصیت کے مالک نوجوانوں کے بارے میں حالیؔ نے کہا ہے:

تمہی اپنی مشکل کو آساں کرو گے — تمہی درد کا اپنے درماں کرو گے
تمہی اپنی منزل کا ساماں کرو گے — تمہی کچھ کرو گے اگر ہاں کرو گے

چھپا دستِ ہمت میں زورِ قضا ہے
مثل ہے کہ ہمت کا حامی خدا ہے

ہے۔ ہر ملک اپنے بہترین کھلاڑیوں کی ٹیم تیار کرتا ہے اور دوسرے ممالک کے ساتھ کھیلوں کے مقابلے بھی کرائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ کھلاڑیوں کو اچھی تنخواہیں بھی دی جاتی ہیں۔ اپنے مخالف کی طاقت سے مرعوب نہ ہونا، ناکامی کے باوجود مایوسی کا اظہار نہ کرنا اور ہمت نہ ہارنا، مشکلات میں ثابت قدم رہنا، کسی حالت میں بھی ہراساں نہ ہونا بلکہ ذہنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا۔ یہ سب اوصاف نوجوانوں سے انتہا پسندی کے خاتمے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

؎ مشقت کی ذلت جنہوں نے اُٹھائی — جہاں میں ملی ان کو آخر بڑائی
کسی نے بغیر اس کے ہرگز نہ پائی — فضیلت، نہ عزت، نہ فرماں روائی

پی۔ ای۔ اے پروگرام فیسلیٹیٹر کے مطابق کھیلوں، تفریحی سرگرمیوں کے ذریعے نوجوانوں میں سے منفی خیالات، ضرر رساں سرگرمیوں اور انتہا پسندی کا خاتمہ ہوا اور زندگی کے بارے میں ان کا نظریہ مثبت ہو گیا۔ ہم نے نوجوانوں کو کھیلوں میں مصروف رکھا جس کے باعث ان کا غصہ، محرومی، لاپرتی اور نا اُمیدی مثبت سوچ میں بدل گئی۔ اسلام میں غصہ، نفرت اور انتہا پسندی کی ممانعت کی گئی ہے۔ نبی کریمؐ کا ارشاد ہے:

"بے شک بلا وجہ غیظ و غضب انسان کے ایمان کو اسی طرح خراب کر دیتا ہے جیسے ایلوا شہد کو خراب (کڑوا) کر دیتا ہے"۔

سکون کی حالت میں معاف کر دینا آسان ہے۔ انسان کی بردباری، حوصلہ، قوتِ برداشت اور عفو درگزر کا امتحان اس وقت ہوتا ہے جب غصے سے اُس کا خون کھول رہا ہو۔ عربی زبان کی ایک ضرب المثل ہے:

"بہادر آدمی وہ نہیں جو دوسرے کو پچھاڑ دے بلکہ بہادر وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے"۔

مزید برآں ناکامیاں ہمیں حوصلہ بلند رکھنے اور زندگی میں آگے بڑھنے کا حوصلہ دیتی ہیں۔ بقول علامہ اقبالؒ:

؎ بڑھے جا یہ کوہِ گراں توڑ کر — طلسمِ زمان و مکاں توڑ کر
؎ ہر اک منتظر تری یلغار کا — تری شوخیِ فکر و کردار کا

تفریحی سرگرمیوں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ اکتاہٹ اور بیزاری کے ذریعے دُور ہو جاتی ہے۔ کچھ لوگ کرکٹ کھیل کر لطف اندوز ہوتے ہیں۔ کچھ رات کے وقت دوستوں کے ساتھ گپ شپ لگاتے ہیں۔ پہاڑی مقامات پر کچھ دن گزارنا بھی اچھی تفریح ہے۔ بعض لوگ سردیوں میں پہاڑوں پر برف باری دیکھنے جاتے ہیں۔ کچھ گھر میں مطالعہ کتب سے دل بہلاتے ہیں۔ یہ ساری تفریحی سرگرمیاں انسان کے قلب و ذہن کو پُرسکون کرتی ہیں۔ ان تفریحی سرگرمیوں کے ذریعے نوجوانوں کے انتہا پسندانہ خیالات ختم ہو جاتے ہیں اور وہ پُرسکون زندگی گزارنے کو ترجیح دیتے ہیں۔

دورِ حاضر ذہنی انتشار، انتہا پسندی اور قلبی پریشانیوں کا دور ہے۔ ہر کوئی سکون کی تلاش میں سرگرداں ہے۔ کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں میں مصروف رہنے والے ذہنی انتشار سے محفوظ رہتے ہیں۔ ممتاز ماہرِ تعلیم ڈیوی کے مطابق "ہم نصابی سرگرمیاں اس لئے مہیا کی جاتی ہیں تاکہ نوجوانوں کی نشوونما اور ارتقاء پسندیدہ خطوط پر ہو سکے"۔

تعمیرِ کردار تفریحی سرگرمیوں کے مرہونِ منت ہے۔ مغربی ماہرِ تعلیم پروفیسر اسٹانلے ہال کا نظریہ ہے کہ "انسان نے ترقی کردار کی جتنی منازل طے کی ہیں، طلبہ سماجی مشاغل کے ذریعے ان کا اعادہ کرتے ہیں"۔

مغربی ماہرِ تعلیم کارل گروس کی رائے ہے کہ:

"ہم نصابی (تفریحی) سرگرمیاں یا سماجی مشاغل، آئندہ زندگی کی ذمہ داریاں بہتر طور پر سرانجام دینے کے لئے طلبہ کو تیار کرتی ہیں۔ ہم نصابی سرگرمیوں کے ذریعے وہ اس بات کا اندازہ کر لیتے ہیں کہ دُنیا کا کون سا کام ان کے رجحانات اور صلاحیتوں کے مطابق ہے۔

؎ ہمت کرے انسان تو کیا ہو سکتا نہیں
وہ کون سا عقدہ ہے جو "وا" ہو سکتا نہیں

کھیل نوجوانوں کی تربیت اور تعمیرِ کردار میں بہت معاون ثابت ہوتے ہیں۔ ان کی اہمیت اس لحاظ سے بھی فزوں تر ہے کہ نوجوان ان میں ذاتی دلچسپی اور شوق سے حصہ لیتے ہیں اور ان کے انتہا پسندانہ خیالات کی تطہیر ہوتی ہے۔

نوجوان اپنی دلچسپی کے مطابق تفریحی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ درسی کتابوں میں موجود کہانیوں، نظموں کو ٹیبلو ڈرامے کے انداز میں پیش کرنا، مختلف ٹیموں میں شامل ہو کر مقابلہ جات کی فضا میں ہار جیت سے برداشت سیکھنا، ٹیم کے کپتان کے زیرِ سایہ کام کرنا، ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کھیلنا، ہمدردی، ملنساری، اخوت، محبت کو فروغ دینے سے ایک دوسرے کو سمجھنے میں

يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ○ **(البقرۃ:۱۸۵)**

''اللہ تعالیٰ تم پر آسانی کرنا چاہتا ہے اور تم پر تنگی نہیں کرنا چاہتا''۔

ایک دفعہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی جگہ سے گزر رہے تھے کہ کچھ حبشی بچے کھیل رہے تھے، آپ ؐ کو آتا دیکھ کر جھجکے۔ آپ ؐ نے فرمایا ''اے حبشی بچو! کھیلتے رہو تا کہ یہود و نصاریٰ کو پتہ چل جائے کہ ہمارے دین میں وسعت ہے''۔ ایک اور موقع پر فرمایا ''مجھے ایسی شریعت دے کر بھیجا گیا ہے جو افراط و تفریط سے پاک ہے''۔

ان احادیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ دین اسلام انتہا پسندی کی مخالفت کرتا ہے اور کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کے ذریعے ذہنی و جسمانی سکون حاصل کرنے کی حمایت کرتا ہے۔ تفریحی سرگرمیوں کی بہت سی اقسام ہیں جن کی بدولت نوجوانوں کی شخصیت اُبھرتی ہے اور ان کے کردار کی تعمیر ہوتی ہے مثلاً کھیل، تعلیمی سیر، بزم ادب، مذاکرے، طلبہ کونسل، انفرادی و گروہی مشاغل اور علمی و ادبی مشاغل وغیرہ شامل ہیں۔ ان سرگرمیوں کی بدولت نوجوانوں کی خوابیدہ صلاحیتیں بیدار ہوتی ہیں اور ان کی شخصیت کو جلا ملتی ہے۔ کھیل زندگی کو آسودہ بناتے ہیں اور تفریحی سرگرمیاں شخصیت سازی اور ذہنی تطہیر کا ذریعہ ہیں۔ یہ سرگرمیاں نوجوانوں کی جذباتی نشوونما میں توازن کا ذریعہ ہیں۔ نیز ذاتی اظہار رائے اور تخلیقی صلاحیت بن کر ذہنی سکون کا باعث بنتی ہیں۔

کھیل مثلاً فٹ بال، والی بال، کرکٹ، ٹیبل ٹینس، ہاکی، بیڈمنٹن، گھڑ سواری، تیراکی، نیزہ بازی نوجوانوں کو ذہنی و جسمانی طور پر صحت مند بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

ادب جہاں انسانی معاشرے میں بہترین اقدار کی پاسداری کی ضمانت ہے وہاں معاشرتی تقاضوں سے عہدہ برآہ ہوتے ہوئے بہترین زندگی گزارنے کے اصول و ضوابط سے آگاہ کرتا ہے۔ اگر ادب نہ ہو تو معاشرہ محض مشینی انداز اختیار کر لے اور زندگی کی اہم خوشیاں انسان سے دُور ہو جائیں مثلاً شاعری کو ہی لے لیجئے کہ شاعری میں اللہ تعالیٰ نے بہت طاقت رکھی ہے اور اس کی پرواز عرش تک ہے۔ بشیر سیفی کہتے ہیں:

پڑھنے والوں کے لئے سیفی ہو شاید مشغلہ
زندگی کا حاصل ہے شاعری میرے لئے

شاعری کیا ہے دلی جذبات کا اظہار ہے
دل اگر بے کار ہے تو شاعری بیکار ہے **(مقدمہ شعر و شاعری)**

ارکان خمسہ مثلاً سر سید احمد خان، حالی، شبلی، آزاد اور مولوی نذیر احمد اپنے اپنے میدان میں نوجوانوں کی اصلاح کا فریضہ سرانجام دیا۔ شاعری، مضمون نگاری، سوانح نگاری اور ناول نگاری کے ذریعے قوم کے نوجوانوں کو ذہنی نشوونما کا فریضہ سرانجام دیا۔

کھیلوں سے جہاں جسمانی و ذہنی توانائی پیدا ہوتی ہے وہاں فرمانبرداری، فرض شناسی، تدبر، احسن انتظام، صبر، قناعت، تحمل مزاجی اور دشمنوں کو شکست دینے کے جذبات اور بہت سے اخلاقی محاسن پیدا ہوتے ہیں۔ غور کیجئے اتنی زیادہ خوبیوں والے نوجوانوں میں انتہا پسندانہ خیالات کیونکر پنپ سکتے ہیں۔

اخلاقی طور پر کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ نوجوانوں میں اخلاق عالیہ کی نشوونما ہوتی ہے، مل جل کر کام کرنے سے نوجوانوں میں اچھے معاشرتی رویے پروان چڑھتے ہیں اور انتہا پسندی کا خاتمہ ہوتا ہے۔ متفقہ کوششوں اور مشترکہ مساعی سے منزل مقصود پر پہنچنے کی تربیت کھیلوں کے ذریعے سے حاصل ہوتی ہے۔ ایک اچھا کھلاڑی نظم و ضبط کا پابند ہونے کے ساتھ ساتھ ایثار، اتحاد اور کوشش و محنت کے جذبات سے مزین ہوتا ہے۔ ان سب محاسن کی موجودگی میں انتہا پسندانہ خیالات کی گنجائش ہی نہیں رہتی۔

لگا دی کاغذی ملبوس پر مہر ثبوت اپنی
بشر کے نام کر دی خدا نے کائنات اپنی

صحت مند جسم میں ہی صحت مند دماغ ہو سکتا ہے۔ اگر انسان کی صحت اچھی نہ ہو گی تو جسم بیمار ہو گا تو قدرتی بات ہے کہ وہ آدمی بے چین ہو گا، اسے دماغی سکون حاصل نہ ہو گا۔ جب انسان دماغی طور پر مطمئن نہ ہو گا تو ظاہر ہے وہاں آرام سے کچھ سوچ بھی نہیں سکے گا اور انتہا پسندی اور منفی رویوں کی طرف مائل نہیں ہو گا۔ انتہا پسندانہ خیالات سے چھٹکارہ حاصل کرنے کے لئے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ کوئی نہ کوئی مشغلہ اپنا ئیں۔ قومی زندگی کے ہر شعبے میں کھیلوں کے مقابلوں کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ کھلاڑیوں کو انعامات سے نوازا جاتا ہے اور معاشی حوالے سے کھلاڑیوں کو برتری حاصل ہوتی

ادا کرتی ہیں۔ ان سرگرمیوں سے سماجی رجحانات پیدا ہوتے ہیں اور طلبہ کامیاب زندگی گزارنے کے قابل ہوتے ہیں۔ نوجوانوں کی ذہنی نشوونما، جسمانی اور اخلاقی وروحانی تربیت کو بھی عروج ملتا ہے''۔

ایسے ہی نوجوانوں کے لئے علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں:

؎ خورشید جہاں تاب کی ضو تیرے شرر میں

کھیل اور تفریحی سرگرمیاں جسم میں قوتِ برداشت، قوتِ حافظہ، طاقت اور اعضاء کی مضبوطی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ منفی رجحانات اور انتہا پسندانہ خیالات کی نفی ہوتی ہے۔ کھیل سے انسان کا جسم ٹھیک رہتا ہے اور ذہن تیز ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کھلاڑی ہمیشہ چاق و چوبند اور ہوشیار رہتے ہیں۔

افسوس کہ ہمارے ملک میں کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کو وہ اہمیت نہیں دی جا رہی جو دی جانی چاہیے اور کھیل کے میدان ویران نظر آتے ہیں اور اگر کھیل پر توجہ دی جائے تو ہمارے نوجوان ذہنی و جسمانی طور پر توانا رہ سکتے ہیں اور ہر میدان میں انتہا پسندانہ خیالات کی حوصلہ شکنی ہو سکتی ہے۔ بقول علامہ اقبالؒ:

؎ جھپٹنا پلٹنا، پلٹ کر جھپٹنا
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ

کھیل نظم وضبط سکھاتے ہیں جو نوجوانوں کی تربیت کا سب سے اہم جزو ہے۔ اگر نوجوانوں میں نظم وضبط کا جذبہ ہوگا تو وہ ہر میدان میں کامیابی کے جھنڈے گاڑیں گے۔ نظم وضبط قوم کے عروج وزوال میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جو قوم نظم وضبط کی پابند نہیں ہوتی وہ تباہ و برباد ہو جاتی ہے اور اس کی ترقی رُک جاتی ہے۔ اسی لئے کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کو ضروری قرار دیا گیا ہے تاکہ نوجوان نسل کو نظم وضبط کا پابند کیا جا سکے اور انتہا پسندانہ خیالات سے چھٹکارا حاصل کیا جا سکے۔ بقول علامہ اقبالؒ

؎ فرد قائم ربطِ ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرونِ دریا کچھ نہیں

زمانہ طالب علمی میں ہر نوجوان کو کھیل سے فطری دلچسپی ہوتی ہے۔ اکثر طلباء کھیل میں حصہ لیتے ہیں۔ کھیلنے سے دل کی حرکت تیز ہوتی ہے۔ فشارِ خون تیز ہو جاتا ہے اور خون جسم کے ہر حصے میں تیزی سے گردش کرتا ہے۔ جسم کے بند مسامات کھل جاتے ہیں۔ پھیپھڑوں کا عمل تیز ہو جاتا ہے۔ جسم سے فاضل مادوں کا اخراج ہوتا ہے جس سے انتہا پسندانہ خیالات بھی فاسد مادوں کے ساتھ بہہ جاتے ہیں اور نوجوانوں کی شخصیت میں ٹھہراؤ آجاتا ہے۔

اسلام ایک بامقصد زندگی گزارنے پر زور دیتا ہے۔ زندگی ایسے کاموں میں صرف کرے جس میں دُنیا و آخرت کا فائدہ یقینی ہو ورنہ کم از کم دُنیا و آخرت کا خسارہ نہ ہوتا ہو۔ اسی لئے قرآن حکیم نے سورۃ المومن میں جہاں کامیاب مومنین کی اعلیٰ صفات ذکر کی ہیں، وہاں یہ صفت بھی ذکر کی:

**وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝ (المومن:۳)**

''اور یہ وہ لوگ ہیں جو لغو یعنی فضول باتوں سے اعراض کرتے ہیں''۔

اس آیت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شریعت اسلامیہ میں وقت کی حفاظت اور بامقصد زندگی کے قیام کا حکم دیا گیا ہے اور لہو ولعب اور لغو کی ممانعت کی گئی ہے لیکن تفریح کی ہرگز ممانعت نہیں۔ جس تفریح کے معنی فرحت حاصل کرنے اور جسم وروح کو فرحت پہنچانے کے ہیں وہ اسلام میں جائز بلکہ ایک حد تک مستحسن و مطلوب ہے تاکہ اس تفریح کے ذریعے جسم وروح کا کسل اور طبعی ملال دور ہو کر دوبارہ طبیعت میں نشاط، چستی، حوصلہ، ہمت اور اُمنگ پیدا ہو اور انسان ایک بار پھر بھرپور خوشدلی کے ساتھ زندگی کے اعلیٰ مقاصد کی طرف متوجہ ہو سکے۔ (کھیل اور تفریح کی شرعی حدود از مولانا محمد اشرف عثمانی)

بقول شاعر:

؎ لطفِ جاں حاصل نہ ہوگا تو اگر بیکار رہے
تندرستی کے مقابل سیم و زر بیکار ہے

اسلام ایک فطری مذہب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے شریعت عین انسانوں کی فطرت کے مطابق نازل کی ہے اس لئے اسلامی تعلیمات اس امر کا تقاضا کرتی ہے کہ انسان تنگ دلی سے عمل کرنے کی بجائے خوشی خوشی ان پر عمل کرے اور جسم اور رُوح کے نشاط کے ساتھ زندگی کے اعلیٰ مقاصد کی جانب متوجہ ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

**مَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۝ (الحج:۷۸)**

''اللہ تعالیٰ نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی''۔

سورۃ البقرۃ میں ارشاد ہوتا ہے:

؎ میری ہمتیں بھی تھکی نہیں، میرے شوق اب بھی بلند ہیں
مجھے ہار جیت سے کیا غرض، میری جنگ تھی میں لڑا کیا

مشہور مقولہ ہے کہ جس مُلک کے کھیل کے میدان آباد ہو گئے تو ان کے ہسپتال ویران ہو گئے اور جس مُلک کے کھیل کے میدان ویران ہو گئے تو ان کے ہسپتال آباد ہو گئے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات پیدا کیا ہے اور دُنیا میں انسان کو اپنا خلیفہ بنایا ہے۔ بقول شاعر:

؎ فرشتوں سے بہتر ہے انسان بنا
مگر اس میں پڑتی ہے محنت زیادہ

دورانِ خون، نظامِ اخراج، نظامِ اعصاب وغیرہ ان میں سے ہر نظام کو صحیح طریقے سے کام کرنے کے لئے کام کی نوعیت کے مطابق اعضاء عطا فرمائے اور پھر ان تمام نظاموں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے ان کا آپس میں رابطہ اور توازن پیدا کیا۔ انسان کا یہ داخلی نظام اتنا پیچیدہ ہے کہ جوں جوں انسان اس پر غور کرتا جائے، اسے اپنے تخلیق اور اللہ تعالیٰ کی کاریگری کا حیرت انگیز احساس زیادہ گہرا ہوتا جاتا ہے۔ اسی لئے انسان کو عالم صغیر (عالمِ صغیر) کہا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی پہچان کی خاطر انسان کی تخلیق کی اور اپنی ذات کے اندر کے پہلوؤں سے روشناس کرانے کے لئے انسان کی ذات کو پرکھنے اور اس کے اندر جھانکنے کی تلقین کی۔ ارشاد ربانی ہے:

وَفِی الْاَرْضِ اٰیٰتٌ لِّلْمُوْقِنِیْنَ ○ وَفِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ○ (سورۃ الذّٰریٰت: ۲۱-۲۰)

"اور زمین میں (واضح) نشانیاں ہیں یقین رکھنے والوں کے لئے اور خود تمہاری ذات میں بھی،
تو کیا تمہیں دکھائی نہیں دیتا"۔

یہ پیچیدہ نظام جب تک دُرست حالت میں رہتا ہے انسان خلافتِ الٰہیہ کی ذمہ داریاں پوری طرح نبھانے کے قابل رہتا ہے لیکن جوں ہی اس کے اس جسمانی و دماغی نظام میں انتشار پیدا ہوتا ہے، یہ اپنے فرائض منصبی کو انجام دینے سے قاصر ہو جاتا ہے۔ ان تمام نظاموں کی ہم آہنگی اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ ہے اور بہت بڑی نعمت ہے۔ انسان کی اپنی دُنیا و آخرت کے لئے بھی اور پوری کائنات کے لئے بھی، مشہور مقولہ ہے:

("Health is Wealth")

("صحت دولت ہے"۔)

لیکن درحقیقت صحت دولت سے زیادہ قیمتی ہے۔ انسان غریبی میں، مفلسی و نا داری میں تو گزارہ کر لیتا ہے لیکن صحت کی خرابی اسے مجبور اور لاچار کر دیتی ہے۔ یہ حقیقت عیاں ہے کہ:

؎ فلاحِ دین و دُنیا منحصر ہے تندرستی
غرض سو نعمتوں کی ایک نعمت تندرستی

کھیل اور تفریحی سرگرمیاں دراصل صحت مند مشاغل ہیں۔ اوقاتِ فرصت کا بہترین مصرف ہے۔ اس سے انسان ہشاش بشاش رہتا ہے۔ انسان جتنا زیادہ صحت مند ہوگا اتنا ہی زیادہ تجسس، تحصیلِ علم کا شیدائی ہوگا کیونکہ صحت مند جسم کے اندر ہی صحت مند دماغ پرورش پاتا ہے۔ جسم تو پہلے ہی دماغ کے تابع ہے۔ اگر دماغ پریشان ہوگا تو جسم کے مختلف نظام کیسے دُرست کام کر سکتے ہیں۔

؎ قدرِ صحت مریض سے پوچھو تندرستی ہزار نعمت ہے

اس لئے ضروری ہے کہ وہ تمام باتیں جو انسانی صحت پر منفی اثرات ڈالتی ہیں ان کا سدباب کیا جائے۔ اس لئے کھیل اور تفریحی سرگرمیاں ضروری ہیں۔ تفریحی سرگرمیاں روزمرہ کے کام میں شوق، دلچسپی، انہماک اور تحریک پیدا کرتی ہیں۔ تعلیمی نصاب دماغی قوتوں کو فروغ دیتا ہے مگر طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے میں ناکام رہتا ہے۔ بچے کی شخصیت و کردار کے اس پہلو کو سنوارنے اور نکھارنے کی غرض سے تفریحی سرگرمیوں کو فروغ دینا اشد ضروری ہے۔ کھیل زندگی میں دلچسپی پیدا کر کے منفی اور انتہاپسندانہ خیالات کے خاتمے میں مدد دیتے ہیں۔

اب تعلیم کا مقصد محض تدریس نہیں بلکہ ایسے تعلیمی تجربات فراہم کرنا ہے جو فرد کی مجموعی زندگی کی نشوونما میں ممد و معاون ثابت ہوں۔ جماعتی تدریس اور نصاب کتب یہ فریضہ کما حقہٗ سر انجام نہیں دے سکتیں۔ چنانچہ ایسی سرگرمیوں کا اضافہ ازبس ضروری ہے جن کی بدولت سماجی رجحانات پیدا ہوں تاکہ بچہ خود کو ایک بھرپور اور مکمل زندگی گزارنے کا اہل بنا سکے۔ ماہر تعلیم ڈاکٹر بشریٰ شاہین رقم طراز ہیں کہ:

"ہم نصابی سرگرمیاں طلبہ کی مجموعی شخصیت کی نشوونما میں اہم کردار

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ إِخْوَةٌ

"بے شک مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں"۔

بقول علامہ اقبالؒ:

بُتانِ رنگ وخوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا
نہ تورانی رہے باقی، نہ ایرانی، نہ افغانی

قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے:

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا○ **(آل عمران:۱۰۳)**

"اور یاد کرو احسان اللہ تعالیٰ کا اپنے اوپر جب کہ تھے تم آپس میں دُشمن اور اس نے تمہارے دلوں میں اُلفت ڈال دی اور اس کے فضل سے تم بھائی بھائی بن گئے"۔

اسی طرح سورۃ الانفال میں ارشاد ہوتا ہے:

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّاۤ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ○ **(سورۃ الانفال:۶۳)**

"اور (اللہ تعالیٰ نے) اُلفت ڈالی ان کے دلوں میں۔ اگر تم خرچ کر دیتے جو کچھ زمین میں ہے سارا نہ اُلفت ڈال سکتے ان کے دلوں میں لیکن اللہ تعالیٰ نے اُلفت ڈالی ان (کے دلوں) میں"۔

مسلمانوں اور مُسلم دُنیا نے اگر اب بھی ہوش کے ناخن نہ لئے اور فرقہ پرستی کو جڑ سے اکھاڑ کے نہ پھینکا، اپنی انتہا پسندانہ سوچ کو نہ بدلا اور متشدد رویوں کا خاتمہ نہ کیا اور ہمارے نوجوانوں کی تعصباتی سوچ وسیع القلبی اور وسیع النظری میں نہ ڈھلی تو اُمت مسلمہ عبرت ناک انجام سے دوچار ہوسکتی ہے۔ آج انتہا پسندی کے پیچھے غربت وافلاس، بے روزگاری، ملازمتوں میں عدمِ استحکام، دولت کی غیر منصفانہ تقسیم، تعلیم یافتہ طبقے کی بے توقیری، تنگ دستی کے باعث ذہنی دباؤ، پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر جرائم کی بے تحاشہ تشہیر ہے۔ انتہا پسندی کے خاتمے کے لئے ان وجوہات کا تدارک بہت ضروری ہے۔ ذہنی تناؤ کو کم کرنے کے لئے کھیل اور تفریحی سرگرمیاں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں کیونکہ ایک صحت مند ذہن کے لئے ایک صحت مند جسم کی ضرورت ہوتی ہے۔ بقول جان لاک

"ایک صحت مند جسم میں ہی صحت مند دماغ ہوتا ہے"۔

تنگ دستی اگر نہ ہو غالبؔ
تندرستی ہزار نعمت ہے

صحت بہت بڑی دولت ہے۔ اگر تندرستی نہ ہو تو انسان کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے اور انسان ذہنی تناؤ کا شکار ہو جاتا ہے۔ وہ نہ تو صحیح طریقے سے حقوق اللہ ادا کرنے کے قابل ہوتا ہے اور نہ ہی حقوق العباد۔ تندرستی قائم رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ غذا ہضم ہو کر جزوِ بدن بنے اور اس کے لئے کھیل اور تفریحی سرگرمیاں بے حد کار آمد ثابت ہوتی ہیں۔

جنبش سے ہے زندگی جہاں کی
یہ رسم قدیم ہے یہاں کی

اسلام میں سعی وکوشش اور حرکت کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى○ **(النجم:۳۹)**

"انسان کے لئے وہی کچھ ہے جس کے لئے اس نے کوشش کی"۔

بقول حالیؔ:

نہیں سہل گر صید کا ہاتھ آنا　　تو لازم ہے گھوڑوں کو سرپٹ بھگانا
نہ بیٹھو جو ہے بوجھ بھاری اُٹھانا　　ذرا تیز ہانکو جو ہے دُور جانا
زمانہ اگر تم سے زور آزما ہے　　تو وقت اے عزیزو یہی زور کا ہے

مشہور فلاسفر مارشل پیٹر کے مطابق یہ بات اہمیت کی حامل نہیں کہ انسان لمبی زندگی پائے۔ اہم بات یہ ہے وہ جس قدر جیے صحت مند، کامیاب اور باوقار جیے۔

کھیل سے مُراد ایسا کام کرنا ہے جس سے انسان کی ذہنی اور جسمانی نشوونما ہوتی ہے۔ کھیل انسانی زندگی میں بہت اہمیت کا حامل ہے۔ کھیل انسان کو چاک وچوبند رکھنے کے ساتھ ساتھ مشکلات سے نبرد آزما ہونے کا حوصلہ دیتے ہیں۔ کھیل اور تفریحی سرگرمیاں انسان میں چُستی، پھرتی اور اس جیسی کئی قائدانہ صلاحیتیں پیدا کرتی ہیں جو کسی اور ذریعے سے حاصل نہیں ہو سکتیں کیونکہ کھیل اور تفریحی سرگرمیاں رُوح کی غذا ہوتی ہیں۔ ایک نوجوان جو فزیکل فٹنیس، جسمانی موافقت کے اصولوں سے واقف ہوتا ہے وہ اپنے آپ کو ہر طرح کے حالات کے موافق بنا سکتا ہے۔

خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَطُھَا

''بہترین کام وہ ہیں جن کی بنیاد میانہ روی ہے''۔

ایک اور موقع پر ارشاد فرمایا:

اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ O

''یقیناً حد سے زیادہ خرچ کرنے والے شیاطین کے بھائی ہیں''۔

**(بنی اسرائیل:۲۷)**

انتہا پسندی کے مقابل میں اعتدال پسندی اور حلم ہے۔ جس کا مطلب یہی ہے کہ انتقام کی قدرت رکھنے کے باوجود اشتعال انگیز بات کو برداشت کر لینا، غیظ و غضب کے موقع پر صبر پی لینا، طیش میں نہ آنا اور طبیعت کو قابو میں رکھنا۔ انسان کے اخلاق عالیہ میں حلم ایسا عمدہ اور بلند ترین وصف ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت پسند ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تعلیماتِ نبوی تحمل اور بُردباری کو بڑی فضیلت حاصل ہے۔ عفو و درگزر اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا (النساء:۴۳)

ترجمہ: ''بے شک اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا ہے''۔

وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ **(آل عمران:۱۳۴)**

ترجمہ: ''اور (مومنین) غصے کو روکتے ہیں اور لوگوں (کے قصور) معاف کرتے ہیں''۔ (آل عمران:۱۳۴)

حضرت محمدؐ نے عفو و درگزر کی مثال قائم کرتے ہوئے اپنے چچا ابولہب کی بیوی اُم جمیلہ جو آپؐ کے راستے میں کانٹے بچھاتی تھی، کو بھی معاف فرمادیا۔ اس سب سے بڑھ کر عفو و درگزر اور حلم کا بہترین مظاہرہ ہمیں فتح مکہ کے موقع پر نظر آتا ہے جب آپؐ نے اہل مکہ کے لئے عام معافی کا اعلان کر دیا اور کہا:

''آج تم سب آزاد ہو۔ آج تم پر کوئی سرزنش نہیں''۔

جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تبلیغ دین کے سلسلے میں طائف تشریف لے گئے تو طائف والوں نے آپؐ پر پتھر برسائے، آپؐ کو تکلیف دینے کے لئے اوباش لڑکوں کو آپؐ کے پیچھے لگا دیا جو آپؐ کو پریشان کرتے تھے اور آپؐ پر پتھر برساتے تھے، یہاں تک کہ آپؐ کے جوتے خون سے لہولہان ہو گئے لیکن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طائف والوں کے لئے بددعا نہیں کی اور فرمایا ہو سکتا ہے کہ ان کی نسل سے اہل ایمان پیدا ہوں۔

آج انتہا پسندی اور فرقہ پرستی نے ہماری جڑیں کھوکھلی کر دی ہیں۔ یہ فرقہ پسندی صرف مذہبی ہی نہیں بلکہ لسانی، حسبی نسبی، نسلی، قومی اور خاندانی حد تک جا پہنچی ہے جو انتہا پسندی کی جڑ ہے۔ آج ہماری مساجد ویران، امام بارگاہیں خون آلودہ ہیں، کہیں میزائل گرتے ہیں تو کہیں ایٹم بم، کہیں بم دھماکے ہوتے ہیں اور کہیں گولیوں کی بوچھاڑ ہے۔ ہر جانب ظلم و بربریت کا بازار گرم ہے۔ افسوس کا مقام ہے کہ قاتل بھی مسلمان، مقتول بھی مسلمان، ظالم بھی مسلمان، مظلوم بھی مسلمان۔ ایک جانب **"مہاجر"** کا نعرہ بلند ہوتا ہے تو دوسری طرف جاگ **"پنجابی"** جاگ کی صدا بلند ہوتی ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے دلوں سے کدورتیں دُور کریں، دوسروں سے پیار و محبت کا جذبہ اپنے دلوں میں اُجاگر کریں اور اپنی رائے پر دوسروں کی رائے کو ترجیح دیں۔

قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے:

وَیُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ وَلَوْ کَانَ بِھِمْ خَصَاصَۃٌ O

ترجمہ: ''وہ (یعنی مومن) اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں خواہ وہ خود ضرورت مند ہی کیوں نہ ہوں''۔

بقول شاعر:

اپنے لئے تو سبھی جیتے ہیں اس جہاں میں
ہے زندگی کا مقصد اوروں کے کام آنا

ذاتی فائدے کی بجائے پوری قوم کی منفعت کو پیشِ نظر رکھیں۔ اسی میں ہماری قوم کی بقا کا راز پوشیدہ ہے۔ بقول شاعر:

سب سے بڑی عبادت ہے انساں سے پیار کرنا
اپنا لہو بہا کے دُنیا کی مانگ بھرنا

اسلام فرقہ بندی اور گروہ بندی کی مخالفت کرتا ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے:

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا O **(آل عمران:۱۰۳)**

''اور اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں نہ پڑو''۔

اسی طرح مزید فرمایا گیا:

کُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰہِ اِخْوَانًا

''اللہ تعالیٰ کے بندوں بھائی بن جاؤ''۔

# نوجوانوں میں انتہا پسندی کے خاتمے کے لئے کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کا کردار (انتخاب از)

پروفیسر شاہدہ رشید (ایم۔ فل۔ اُردو)

؎ مجھے ڈرا نہیں سکتی شب کی تاریکی
میری سرشت میں ہے پاکی و درخشانی

آج کے نوجوان کل کے شہری اور مستقبل کے فعال عہدیدار قوم کے عروج و اقبال کے ذمہ دار قوم کی قسمت کے معمار، ملک کی ترقی کے ضامن، قوم کی اُمنگوں کے ترجمان اور قوم کا سرمایہ عظیم ہیں۔

ہمارا مستقبل ان نوجوانوں سے وابستہ ہے۔ اگر یہ نوجوان ہونہار، باحیا اور باکردار اور متوازن شخصیت کے مالک ہونگے تو ہمارا ملک ترقی کرے گا۔ اگر یہ نوجوان صحت مند اور باوقار ہونگے تو قوم و ملک کا مستقبل محفوظ، شاندار اور بے مثال ہوگا۔ جس قوم کے شہریوں میں باشعور، اعلیٰ کردار، بلند سیرت اور متوازن شخصیت کے حامل نوجوان ہوں تو کوئی قوم اس کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتی اور وہ قوم ترقی کی منازل طے کرتی چلی جاتی ہے۔

؎ کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں (علامہ اقبالؒ)

کوئی بھی قوم اپنے ملک و قوم کی تعمیر و ترقی سے صرفِ نظر نہیں کر سکتی۔ کسی بھی قوم کی سربلندی نوجوانوں کی تربیت کے بغیر ممکن نہیں۔ نوجوانوں کی شخصیت کی تعمیر بڑا مشکل اور پیچیدہ عمل ہے۔ اگر ان کی تربیت پر توجہ نہ دی جائے تو بہت سے جوہر کامل خاک میں مل جائیں اور اگر ان کے تعمیرِ کردار پر تھوڑی سی توجہ دی جائے تو یہ نوجوان علامہ اقبالؒ کے اس شعر کی تعبیر بن سکتے ہیں:

؎ اپنا ہر نوجوان ہے حاصلِ ضربِ کلیم
چیر کر دریا کی موجیں پار جا سکتے ہیں ہم

علامہ اقبالؒ کی بھی دُعا ہے:

؎ جوانوں کو سوزِ جگر بخش دے

حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ایسا تاریخی انقلاب برپا کیا کہ بُدّو کہلانے والی قوم پوری دُنیا کے لئے رہنما بن کر اُبھری، جزیرۂ عرب جو سر سے پاؤں تک جہالت میں ڈوبا ہوا تھا، تہذیب و شائستگی کا مرکز بن گیا۔ تاریخ شاہد ہے کہ سترہ سالہ محمد بن قاسم نے برصغیر پاک و ہند کی تاریخ کا رُخ بدل ڈالا۔ نوجوان محمد علی جناح نے برصغیر کے کروڑوں انسانوں کی قسمت بدل دی۔

؎ انسان کی عظمت کو ترازو میں نہ تولو
انسان تو ہر دور میں انمول رہا ہے

انتہا پسندی سے مراد ہے طاقت کے بل بوتے پر شخصی، قومی، مذہبی اور سیاسی سطح پر اپنا مقصد حاصل کرنا اور انتہائی سطح پر جانا کہ واپسی کا کوئی امکان ہی نہ ہو۔

؎ تجھ کو تنہا کر گیا پھر منفرد رہنے کا شوق
اب اکیلے بیٹھ کر یادوں کے منظر دیکھنا

دینِ اسلام میں کسی بھی قسم کی انتہا پسندی خواہ وہ مذہبی ہو یا سیاسی، نسلی ہو یا قومی یا پھر معاشی کی کوئی گنجائش نہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی بھی شخص کو زبردستی شاہراہ بندگی پر نہیں لاتا۔ انسان کو اختیار ہے کہ وہ جو چاہے راستہ اختیار کرے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے:

لَآ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ

ترجمہ: ''دین میں کوئی جبر نہیں''۔

اسلام امن و سلامتی کا دین ہے۔ اُمتِ مسلمہ کو اُمتِ وسط کہا گیا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ

ترجمہ: ''اور اس طرح ہم نے تمہیں درمیانی اُمت بنایا تا کہ تمام انسانوں کے لئے (ہمارے دین) کے شاہد بن جاؤ''۔ **(البقرۃ:۱۴۳)**

انتہا پسندی کی ضد میانہ روی ہے یعنی کسی کام میں حد سے نہ بڑھنا بلکہ درمیانی راستہ اختیار کرنا۔ ہمارا دینِ اسلام ہمیں میانہ روی اختیار کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ارشاد ہے:

پر اوہ ایہہ وی جاندے نیں کہ عشق ہر بندے دے وس دا روگ نہیں:

ے ایمان سلامت ہر کوئی منگے عشق سلامت کوئی ھُو

عالم لوک دل دل مخاطب ہون دی بجائے دماغ نوں متوجہ کردے نیں، نتیجہ ایہہ ہندا اے کہ اوہناں دیاں ساریاں گلاں بےکار رہ جاندیاں نیں۔ ایس دے خلاف حضرت سلطان باھوؒ عقل دیاں گلاں دا بجائے عشق دیاں گلاں کردے نیں کیوں جے عاشق دی اک نگاہ لکھاں ہزاراں نوں تار دیندی اے:

ے اک نگاہ جے عاشق ویکھے لکھ ہزاراں تارے ھُو

بقول اقبالؒ:

ے کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

جہاں دیاں ہڈیاں وچ عشق رچ جائے اوہناں دی حالت بیان کردیاں فرماندے نیں:

ے عشق جنہاں دی ہڈیں رچیا اوہ پھردے چپ چپاتے ھُو
لوں لوں دے وچ لکھ زباناں اوہ کردے گنگی باتے ھُو

پھر اوہناں دا ہتھ اللہ دا ہتھ تے اوہناں دی زبان اللہ دی زبان ہو جاندی اے:

ے ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ
غالب و کار آفریں، کار کشا کار ساز

ایہہ عشق اوہ عشق اے جیہڑا دمِ جبریل تے دلِ مصطفیٰ ﷺ بن جاندا اے:

ے عشق دمِ جبریل عشق دلِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عشق خدا کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، عشق خدا کا کلام

پھر صدقِ خلیل علیہ السلام دی عشق اے تے صبرِ حسینؓ دی عشق اے:

ے سچا عشق حسینؓ علیؓ دا باھوؒ سر دیوے راز نہ بھنے ھُو
نہ کرمت خواجہ خضر دی تیرے اندر آبِ حیاتی ھُو

**تیرے اندر آبِ حیاتی ھُو:**

رب لبھن توں پہلے ضروری اے، جو انسان اپنے من اندر جھاتی پاوے:

مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ

یعنی جس نے اپنے نفس نوں پچھان لیا، اُس نے اپنے رب نوں پچھان لیا۔ ایہہ اللہ دی ذات تاں ہر جا موجود اے بلکہ اوہ تاں شاہ رگ توں وی قریب اے۔

رب لبھناں اے تاں اپنے من وچ ڈھو، باہر جان دی لوڑ نہیں۔ حضرت سلطان باھوؒ فرماندے نیں:

ے اندر ھُو تے باہر ھُو، وت باھوؒ کتھے لبھیندا ھُو
ھُو دا داغ محبت والا دم دم نال سڑیندا ھُو
جتھے ھُو کرے روشنائی اوتھوں چھوڑ اندھیر اویندا ھُو
دوہیں جہانیں غلام اس باھوؒ جیہڑا ھُو نوں صحیح کریندا ھُو

اک ہور جگہ وضاحت کیتی اے:

ے ایہہ تن رب سچے دا حجرہ وچ پا فقیرا جھاتی ھُو
نہ کرمت خواجہ خضر دی تیرے اندر آبِ حیاتی ھُو

پر دل دے اندر دی جھاتی پاون والی اکھ چاہی دی اے۔ شوق دا دیوا بال کے جھاتی پایئے تاں اوہ صاف دسدا اے۔ درویشاں دا کوہ طور ہمیشہ سینے دے اندر رہندا اے۔ اوہ جس ویلے متوجہ ہوندے نیں، تاں ذاتِ مطلق نال ہمکلام ہون دا موقع مل جاندا اے۔

حضرت سلطان باھوؒ نے کئی جگہ فرمایا اے کہ پہلوں انسان نوں اپنے اندر دل خیال کرنا چاہی دا ہر شے سینے دے اندر ملسی:

ے ایہہ تن رب سچے دا حجرہ دل کھڑیا باغ بہاراں ھُو
اندر بھائیں اندر بالن اندر دے وچ دھواں ھُو

سلطان العارفین حضرت سلطان باھوؒ نے پنجابی زبان دے وچ معرفت دے گُل بوٹے کھلائے، زندگی دی سچی تے اُچی قدراں دا پرچار کیتا، جسم پروری دے خلاف تر کیہ تے دل دی صفائی تے زور دتا تے اس مرشد کامل دی نشاندہی کیتی جیہڑا من دے وچ عشقِ حقیقی دی بوٹی لاندا اے۔ اس طرح حضرت سلطان باھوؒ ساڈے لئی چانن دے اوہ دیوے بال گئے جیہڑے قیامت تائیں راہ وکھاندے رہن گے۔

سلوک دے راہ دے مسافر جاندے نیں۔ محبوب دا پیار اپنے آپ نوں وسا ریاں بناں تو ڑ نہیں چڑھدا۔ اہناں اوکھیاں منزلاں نوں طے کرن لئی عشق ہی مدد کر سکدا اے۔

دراصل تصوف دی نیہہ عشق الٰہی اُتے رکھی گئی اے۔ صوفیاں نوں نہ تاں دوزخ داڈر اے، نہ جنت دی پرواہ ہوندی اے۔ اہناں دا اول آخر مقصد دین عشق ہوندا اے جیویں خواجہ فریدؒ فرماندے نیں:

ے عشق اساڈا دین ایمان اے
عشق ہے دکھڑے دل دی شادی
عشق رہبر مرشد ہادی
عشق اساڈا پیر

ایہوں عشق انسان نوں کمال ول لے جاندا اے تے حقیقت اعلیٰ نال واصل کریندا اے۔ ایہو ای اہناں دا مقصد اعلیٰ اے:

ے باجھ وصال اللہ دے باہوؒ دنیا کوڑی بازی ھُو

حضرت سلطان باہوؒ اوہناں عالماں نوں کجھ اہمیت نہیں دیندے جہناں علم تے ساری بنیاد رکھی اے:

ے پڑھ پڑھ علم ہزار کتاباں عالم ہوئے
اک حرف عشق دا نہ پڑھ جانن بھلے پھرن وچارے ھُو
اک نگاہ جاں عاشق ویکھے لکھ ہزاراں تارے ھُو
لکھ نگاہ جے عالم ویکھے کسے نہ کدھی چاہڑے ھُو

فلسفی شعراء وی طرحاں اوہ وی کدی کدی مذہب دے ڈونگیاں رمزاں نوں چھڈ کے تنگی نگواہ بن جاندے نیں کہندے نیں:

ے لا الہ والا کہنا نیاں مذہب کیہ لگدا ساں ھُو

اہناں مذہب دیاں اوپریاں رسماں دا چولا کھچ کے لاہ دتا تاں جے اصل حقیقت توں رستاں رسماں دے جالے لیہ جان، نمازاں پڑھن، حجاں کرن تے مکے جاناں رب نہیں ملدا۔

ے نہ رب عرش معلیٰ نہ رب خانے کعبے ھُو
نہ رب علم کتابیں لبھا نہ رب وچ محرابے ھُو

اک ہور جگہ فرماندے نیں:

ے جے رب ملدا نہاتیاں دھوتیاں ملداں ڈڈاں مچھیاں ھُو

بلکہ

رب اہناں نوں ملدا باہوؒ نیتاں جہناں دیاں اچھیاں ھُو

ساری گل نیت تے مکدی اے، جس خلوص تے نیک نیتی نال اُس دی تلاش کیتی، اُسے نوں رب جلدی مل جاندا اے۔ جیہڑا دل جذبہ عشق توں بیگانہ ہندا اے اوہ بیکار اے:

ے جیں دل عشق خرید نہ کیتا سو دل درد نہ جانے ھُو
جہناں عشق نہ حاصل کیتا اوہ دوہیں جہانیں اُجڑے ھُو

علامہ اقبالؒ نے وی ایسے عشق دی تلقین کیتی اے، جداں عشق ہووے تاں کفر بھی مسلمانی اے:

ے اگر ہو عشق تو کفر بھی مسلمانی

جداں عشق مانیے تاں فاضل فضیلتاں چھوڑ چھڈے نیں اتے:

عقل فکر دیاں سبھ بھل گئیاں جد عشق وجائی تاڑی ھُو

علامہ اقبالؒ نے بھی عقل تے عشق نوں ترجیح دیندیاں ہویاں فرمایا سی:

ے عشق کی اک جست نے طے کر دیا قصہ تمام
اس زمین و آسماں کو بیکراں سمجھا تھا میں

عشق حضرت سلطان باہوؒ دے نزدیک پابندیاں توں ماورا تے لامکانی سہی پر فقر دی منزل طے کرن واسطے شریعت یا عقل دی رہنمائی توں وی اوہ انکار نہیں کردے بلکہ اہناں فرمایا اے:

ے ہر مراتب از شریعت یافتم      پیشوای خود شریعت یافتم

اس طرح فلسفی صوفی ہون دے باوجود اہناں دا فلسفہ شریعت دا پابند اے۔ دراصل عقل دا سہارا عام انساں واسطے ہندا اے، پر فقیر واسطے عشق دا وجود ناگزیر اے۔ عقل ظاہری اکھاں دی روشنی اے، پر دلاں دے ہنیر نوں صرف عشق دا دیوا روشن کر سکدا اے:

ے رات ہنیری کالی دے وچ عشق چراغ کریندا ھُو
شوق دا دیوا بال ہنیرے، متاں لبھے دوست کھڑاتی ھُو

ہوئے۔دراصل حضرت سلطان باھوؒ نے براہ راست رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم توں فیضان باطنی حاصل کیتی سی۔

؎ اگرچہ نیست مارا علم ظاہر ز علم باطنی جاں گشتہ ظاہر

اوہ خود لکھدے نیں کہ میں ساریاں کتاباں سرور دوعالم حبیب خدا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دے حکم مطابق مخلوق دی تلقین لئی لکھیاں نیں۔

حضرت سلطان باھوؒ نے گھٹو گھٹ 140 کتاباں لکھیاں نیں۔ قلم تے نثر دوآں توں کم لیا تے تبلیغ دا چار وسیلہ بنایا۔ ایہہ ساریاں کتاباں عربی، فارسی زبان وچ نیں اتے ایس سرمائے دا ڈھیر سارا حصہ زمانے دے جھکڑاں نے ساڈی نظر توں چھپا لیا اے۔ پھر وی 30 دے لگ بھگ کتاباں بن وی رُشد وہدایت دا سرچشمہ بنیاں ہویاں نیں۔ ایہناں دیاں کتاباں وچوں مجالستہ النبیؐ، عین الفقر، محک الفقر، محکم الفقراء، شمس العارفین، کلید التوحید، حجتہ الاسرار، گنج الاسرار، محبت الاسرار، توفیق ہدایت، اورنگ شاہی، کشف الاسرار، مفتاح العارفین، عقل بیدار، قرب دیدار، نورالہدیٰ، امیر الکونین، گنج بہ بہ، اسرار قادری، دیوان فارسی نیں۔ پر جس کتاب نے ایہناں نوں ہمیشگی دی زندگی بخشی اوہ پنجابی شاعری دا نِکا جیہا مجموعہ اے جیہڑی حرفی دے ڈھنگ وچ لکھیا گیا اے۔ حروف تہجی دے ہر حرف ہیٹھ دو چار شعر یا ابیات نیں۔ ہر مصرے دے اخیر وچ ھُو آوندا اے۔ تھلے دتے وَنگی دے شعر ویکھو:

(الف) اللہ چنبے دی بوٹی مرشد من میرے وچ لائی ھُو
نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہر جائی ھُو
اندر بوٹی مشک مچایا جاں پھلن پر آئی ھُو
جیوے مُرشد کامل باھوؒ جیں ایہہ بوٹی لائی ھُو

"ھُو" دا مطلب اے "اللہ"۔ "ھُو" اِک پُرکیف آواز اے جیہڑی سالک مراقبے دی حالت وچ دل دی گہرائی توں کڈھدا اے۔ ایہہ آواز عبادت دے سانچے وچ ڈھل جاندی اے تے سُنن والے وی "ھُو" دی مستی وچ مست ہو جاندے نیں۔

باھوں ناں دے بڑے اسرار لکھے نیں۔ لفظ باھو دے معنی نیں "ساتھ اللہ جل شانہ دے" یعنی ہر آن اس دی رضا نوں مدنظر رکھن والے۔ حضرت سلطان باھوؒ خود فرماندے نیں:

؎ تو ہمی دانی کہ باھو با خدا است

اک ہور جگہ لکھدے نیں:

؎ ہر چہ خواہی طالب انبا ہو بیاب اسم باھو ہست یعنی گنج وہاب

باھو اگر اُلٹ دتا جاوے تاں وہاب بن والے جیہڑا اک ناں اے اللہ تعالیٰ دا۔ مناقب سلطانی دے مصنف مطابق حضرت سلطان باھوؒ نے اپنی کتاب عین الفقر وچ اپنی والدہ دا شکر ادا کیتا اے جنہاں ایہناں دا ناں باھو رکھیا کیوں جے باھو ایک نقطے نال یاھو بن جاندا اے۔

ڈاکٹر لاجونتی رام کرشن ہوراں اپنی کتاب "پنجابی دے صوفی شاعر" وچ لکھیا اے:

باھو دی شاعری بڑی سادہ تے سدھے سادے ڈھنگ دی اے۔ ایہدا اک اپنا رنگ اے۔ جیہدا اوہ شاعر دے خیالاں تے زبان دے علم اُتے اے۔

ایہدے اندر کسے قسم دی بناوٹ نہیں۔ اک ہور گل ایہہ اے کہ سلطان باھوؒ بڑے پاک صاف انسان سن، ایہناں اندر انسانی پیار گھٹ گھٹ کے بھریا ہویا اے"۔

حضرت سلطان باھوؒ صوفی درویش تے ولی اللہ سن تے اک شاعر دی حیثیت نال وی بڑا اُچا رتبہ رکھدے نیں۔ صوفی شاعراں دے کلام وچ سچے عشق دی تڑپ، حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، دنیا توں بیزاری، آخرت دا ڈر، توحید تے پکا ایمان، مرشد دا ادب ۔۔۔۔ ایسے قسم دے مضمون ملدے نیں۔ ایہہ گلاں سانوں حضرت سلطان باھوؒ دے کلام وچ وی بڑے سوہنے انداز وچ ملدیاں نیں۔ ایہناں وی دوجے صوفی شاعراں وانگوں شاعری نوں دینی تبلیغ تے نیکیاں دی پرچار دا ذریعہ بنایا۔ ساری عمر لوکاں نوں نیکی تے اخلاق دی تعلیم دتی۔

## عشق:

صوفیاء دے نزدیک بندے دا سب توں وڈا فرض ایہہ اے، جو اوہ اپنے رب نوں پچھانے، اوہدی معرفت حاصل کرے۔ ایہہ راہ محبت تے عشق دی راہ اے تے اس واسطے تن من دھن دی بازی لاؤنی پیندی اے۔

## (ادبیات پنجابی)        ابیات۔۔۔۔سلطان باہو

محمد دلشان اسلم فاروقی، ایم۔ایس۔سی۔انٹرنیشنل ریلیشنز

حضرت سلطان باہوؒ شورکوٹ ضلع جھنگ دے اک پنڈ ''اعوان'' وچ 1039 ھ وچ پیدا ہوئے۔ ایہناں دا وصال 1104 ھ / 1691 ء جمادی الثانی دے مہینے وچ ہویا۔ اس وقت ایہناں دی عمر 63 ورھے سی۔

جنہاں شاعراں نے پنجابی شاعری نوں اپنے اظہار دا وسیلہ قرار دتا، ایہناں دی ابتداء پاک پتن والے بابا فرید گنج شکرؒ دے اک گدی نشین شیخ ابراہیم فرید ثانیؒ نے کیتی تے پھر اوہناں دی دسی ہوئی راہ تے بہت سارے چل پئے۔ جنہاں وچوں مادھولال حسینؒ، خواجہ غلام فریدؒ، بلھے شاہؒ، علی حیدرؒ، ہاشم شاہؒ تے سلطان باہوؒ دناں قابل ذکر اے۔

حضرت سلطان باہوؒ حسب نسب دے لحاظ نال حضرت امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ دی اولاد وچوں سن۔ حضرت علیؓ دے اٹھاراں پتر سن، جنہاں وچوں اک دناں امیر زبیری۔ امیر زبیر دی والدہ میمنہ سرتم پہلواں دی اولاد وچوں سن۔ حضرت سلطان باہوؒ دیاں پشتاں توں جا کے حضرت امیر زبیرؒ نال ملدے نیں۔ آپ دے بزرگ حضرت امام حسینؓ دی شہادت دے بعد ایران توں ہوندے خراسان آئے۔ ایہناں وچوں شاہ حسین نے ہرات تے قبضہ کر لیا۔ ایہناں دے بعد ایہناں دا لڑکا امان شاہ سادات بنی فاطمہ دی بڑی امداد تے اعانت کردا ای۔ اس واسطے اس دی اولاد دا لقب ''اعوان'' (معاون سادات) ہویا۔ سادات بنی فاطمہ تے اعوان تن چار پشت تک ہرات وچ رہے۔ پھر عباسی دور دے آخر وچ دریائے اٹک دے کنارے کالا باغ پہنچے۔ سادات بنی فاطمہ نے اپنا مسکن اُچ، بلوٹ، چوآ سیدن وغیرہ بنا لیا۔ اعوان قام کالا باغ دے علاقے تیہرے خٹک تے جنجوعہ قوم دے ہندوآں دے قبضے وچ سن فتح کر لئے تے سون سکیسر تک آ گئے۔ پھر ایہناں نے اسلام دی تبلیغ شروع کیتی۔ کوہستان دے ایہہ اعوان بن وی اپنی شجاعت تے مہمان نوازی وچ مشہور نیں۔ حضرت سلطان باہوؒ دے اسلاف ایہناں ماکاں کالا باغ تے سون دے رئیساں وچوں سن تے دلی دے بادشاہاں دے منصب دار سن۔ حضرت سلطان باہوؒ دے والد بازیدؒ بھی منصب دار سن۔ نہایت متقی، نیک، عالم، بزرگ تے حافظ قرآن۔ آپ ملتان دے حاکم ول چلے گئے تے جد وں ملتان دے حاکم تے راجہ امروٹ دی لڑائی ہوئی تاں حضرت بازیدؒ نے بھرے دریا وچ راجا امروٹ دا سر لاہ دتا۔ شاہجہان ایہہ گل سن کے بڑا خوش ہویا تے شورکوٹ ضلع جھنگ دا اک سالم پنڈ قہرگان، بنجاہ ہزار وگھے زمین بخش دتی۔ حضرت بازیدؒ نے ایتھے ای سکونت اختیار کر لئی تے تھوڑے چر پچھوں 1039 ھ وچ حضرت سلطان باہوؒ پیدا ہوئے۔

حضرت سلطان باہوؒ دی پیشانی توں انوار ولایت نمایاں سن تے ایہیاں گلاں نظر آندیاں سن جنہاں توں اندازہ ہوندا ای کہ ایہہ آئندہ چل کے ولایت دے آسمان دے روشن سورج بنن گے۔ حضرت سلطان باہوؒ نے شورکوٹ وچ والدہ ماجدہ توں تعلیم حاصل کیتی۔ ایہناں دی ولایت تے بزرگی وچ ایہناں دیاں دا بڑا احصرا اے۔ اوہ خود وی اس گل دا اعتراف کر دے نیں:

ے    رحمت حق بر روان راستی        راستی از راستی آراستی

لگے ہوندیاں ای ایہناں دے کمال ظاہر سن۔ ایہہ وی مشہور اے کہ جیہڑا ہندو ایہناں نوں اک واری ویکھدا ای اوہ ضرور کلمہ پڑھ کے مسلمان ہو جاندا ای۔ مشہور اے کہ رمضان دے مہینے صبح توں شام تائیں ماں دا دودھ نئیں پیندے سن۔

تذکرہ نگاراں دا بیان اے کہ اوہ راوی دے کنڈے اک پنڈ بغداد وچ حضرت پیر عبدالرحمٰن قادریؒ کول بیعت واسطے آئے، پر خود کراماتاں وچ ودھ گئے۔ پھر ایہناں دے استاد پیر عبدالرحمٰنؒ ہوراں دے ہتھ بیعت کیتی۔ واپسی تے پیران پیر محبوب سبحانی غلام محی الدینؒ دے باطنی طور تے بیعت

لانے کے بعد عثمان غنی جتنی دیر تک زندہ رہے، ایک دن خالی نہیں تھا جس میں آپ نے کسی غلام کو خرید کر آزاد نہ کیا ہو۔

پھر فرمایا: دل چاہتا ہے جہاں جہاں کوئی بھوکا نظر آئے میں اسے کھلا کھلاتا رہوں، لاکھ مربع میل پر آپ کی حکومت محیط تھی، تین براعظموں پر آپ کا سکہ چلتا تھا، غربت وافلاس کو آپ نے اس طرح زمین سے جڑ سے اکھاڑ دیا کہ لوگ سروں پر زکوۃ اُٹھا کر پھرتے تھے، لیکن زکوۃ لینے والا کوئی نہیں تھا۔

تیسری خواہش ظاہر کی کہ میں ہر وقت قرآن ہی پڑھتا رہوں، جب بھی وقت ملے قرآن پڑھوں، جب آپ شہادت کے جام نوش کر رہے تھے تو اس وقت بھی قرآن پاک کی تلاوت فرما رہے تھے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی اپنی تین خواہشات لے آئے، فرمایا آقا میری بھی تین خواہشات ہیں۔ میں یہ چاہتا ہوں دنیا میں کہیں بھی مہمان نظر آجائے میں اس کی مہمان نوازی کرتا رہوں۔ مہمانوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کے میں انہیں کھانے کھلایا کروں۔

دوسری آرزو یہ ہے کہ سخت گرمی ہو اور علی کے روزے ہوں۔ روزے رکھنا مجھے بہت پسند ہے تیسری خواہش یہ کہ علیؓ جب تک زندہ رہے ہاتھ میں تلوار ہو دین کی سربلندی کے لئے جہاد کرتا رہے۔

اسلام کے دامن میں اور اس کے سوا کیا ہے؟

اک ضرب ید اللہی، اک سجدہ شبیری

فوراً جبرئیل امین دوڑے دوڑے زمین پر آئے اور فرمایا، آپ کے صحابہ اپنی اپنی آرزوئیں پیش کر رہے ہیں میری بھی آرزو ہے۔ مجھے بھی تین لوگوں سے بڑی محبت ہے میرا دل بھی چاہتا ہے جتنے بھی بھولے بھٹکے ہیں سب کو سیدھا راستہ دکھاؤں اور جو عیال دار ہے، غریب ہے، مسکین ہے، اس کے باوجود وہ عبادت گزار ہے، میں اس عبادت گزار سے پیار و محبت کروں۔

دوسرا وہ خوش نصیب جو عیال دار ہیں، لیکن وہ دستِ سوال دراز نہیں کرتا، صبر و قناعت کا دامن تھام کر رکھتا ہے، میں اس سے پیار کروں۔

ابھی یہ مجلس برخاست نہیں ہوئی کہ اللہ کا پیغام آیا کہ اے جبرئیل! میرے محبوب اور انکے صحابہ کو بتا کہ مجھے بھی تین لوگوں سے بہت محبت ہے مجھے تین بندے بڑے پیارے لگتے ہیں، ایک وہ جو اپنا مال بھی خرچ کرتا ہے اور اپنی جان کو بھی خرچ کرتا ہے۔ جہاد کرتا ہے۔ دوسرا وہ شخص جو فاقہ ہو جائے، اگر مالی اسباب میں کمی آجائے پھر بھی میری بارگاہ میں جھکا رہتا ہے۔

تیسرا وہ اگر اس سے کوئی غلطی یا کوتاہی ہو جائے یا کوئی گناہ ہو جائے اور وہ توبہ کرے میری بارگاہ میں آنسو بہائے، رونا شروع کر دے مجھے اس گناہ گار پر بڑا پیار آتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں بھی اللہ کے پیارے محبوب حضرت محمد ﷺ، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کی ان آرزوں اور خواہشوں کو اپنانے کی اور ان پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنَ

"اللہ نے نماز کو میری آنکھوں کی ٹھنڈک قرار دیا"۔

نماز پڑھتا ہوں تو میرے سینے میں ٹھنڈک پیدا ہو جاتی ہے۔ میری آنکھیں جو ہیں وہ روئیتِ قلبی سے اللہ کے دیدار کرتی ہیں۔ جب میں سجدہ کرتا ہوں روئیتِ قلبی سے اللہ کا دیدار سے با مشرف ہوتا ہوں اور میری آنکھوں کو ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔ اے ابوبکر صدیق تجھے کیا پسند ہے؟

عرض کیا میرے آقاؐ مجھے بھی تین چیزیں بہت پسند ہیں، میرا دل چاہتا ہے کہ اللہ مجھے مال عطا کرتا جائے اور میں آپؐ کے قدموں پر اللہ کی رضا کے لئے نثار کرتا جاؤں، جان و مال خدمتِ اقدس میں پیش کرنا۔

پروانے کو چراغ تو بلبل کو پھول بس

صدیق کے لئے ہے خدا کا رسولؐ بس۔ (علامہ اقبال)

اے میرے آقا ﷺ دوسری آرزو یہ ہے کہ میری آنکھیں ہوں میرے سامنے چہرہ "والضحی" کا ہو۔ سرکارؐ آپ کا دیدار ہو بس۔ کیسی پیاری آرزو ہے؟ پر وہ فرمانگئے تو اللہ تعالی نے سرکار کے قدموں جگہ عطا کی کر لے قیامت تک اپنے محبوبؐ کا دیدار کر۔

آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیسری آرزو یہ ہے کہ میری صاحبزادی ہو، وہ آپ کی شریکِ حیات ہو اور آپ کی خدمت گزار ہو۔ یہ آرزو بھی اللہ نے پوری کی، سیدہ عائشہ صدیقہ سرکارؐ کی شریکِ حیات بنیں۔ جن سے تہائی دین امت کو نصیب ہوا۔

فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالی عنہ آپ بول پڑے کہ آقا مجھے بھی تین چیزوں سے بڑی محبت ہے میں بھی چاہتا ہوں زندگی میں تین کاموں میں لگا رہوں۔ آپؐ نے دریافت کیا، اے عمر تیری تین خواہشات کونسی ہیں؟ عرض کیا آقا دل چاہتا ہے کہ جب تک میں زندہ رہوں میں دنیا میں ہر جگہ نیکی کو پھیلاتا رہوں، ہر جگہ اسلام کا جھنڈا بلند ہوتا رہے۔ لاکھ مربع میل فتح کیا۔ بڑی بڑی دو سپر طاقتیں جو ہیں، ان کو اپنی زیرنگیں کیا۔ دوسری خواہش یہ ہے آقا کہ جہاں جہاں برائی دیکھوں اس برائی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکوں۔

امر بالمعروف و نہی عن المنکر کروں۔ برائیوں کو مٹا دوں، آپ نے صرف ممالک ہی فتح نہیں کئے، وہاں آپ نے اسلام کا ایسا پہرہ بٹھا دیا کہ بھیڑ اور بھیڑیئے ایک ہی گھاٹ سے پانی پیتے تھے، کسی بھیڑیئے میں جرأت نہیں تھی کہ کسی بھیڑ پر حملہ کردے۔ سرکار دو عالمؐ نے فرمایا کہ اے عمر فاروق! لوگ شیطان سے ڈرتے اور بھاگتے ہیں، وہ جسم میں گھس جاتا ہے لیکن اے عمر جہاں سے تم گزرتے ہو، شیطان جو برائیوں کی جڑ ہے وہ راستہ چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے۔

إِنَّ الشَّيْطٰنَ يَفِرُّ مِنْ ظِلِّكَ.

عمر فاروق نے فرمایا۔ آقا تیسری آرزو یہ ہے کہ میں بوسیدہ اور پرانا لباس پہنا کروں۔ اس میں بھی کئی محدثین نے کئی پہلو بیان کئے ہیں کہ لباس تقوی کا بھی ہوتا ہے، لباس ہدایت کا بھی ہوتا ہے، شرم و حیا کا بھی ہوتا ہے تو آپ نے پرانے لباس کا ذکر کیا

ایک اللہ والے سے پوچھا گیا کہ دو قسم کے کھانے ہوں، آپ تازہ روٹی کی بجائے باسی روٹی کو پسند کرتے ہیں، وجہ کیا ہے؟ کہا وہ اس لئے کہ وہ حضورؐ کے دور کے نیا دہ قریب ہے۔ سرکار دو جہاںؐ نے فرمایا کہ سب سے بہتر زمانہ میرا ہے۔

"خَيْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِيْ".

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ، وہ بھی بیٹھے ہوئے تھے وہ بھی کہنے لگے کہ آقا مجھے بھی تین چیزوں سے بڑی محبت ہے۔ میرا دل یہ چاہتا ہے کہ جہاں جہاں مجھے غلام نظر آئیں میں انہیں خرید کر آزاد کرتا رہوں۔ سیدنا عثمان غنی کا سیرت نگاروں نے بڑی چھان پھٹک کر کے یہ بات لکھی، اسلام

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب معراج کی رات اللہ کی قرب کی منزلوں میں گئے تو پوچھا محبوبؐ میرے لئے کیا لائے ہو؟ تو عرض کی

"اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰةُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ".

(تم پر) بھی (سلامتی ہو اے میرے) پیارے نبیؐ اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں تجھ پر نچھاور ہوں۔

مجھے خاک میں ملا کر میری خاک بھی اڑا دے

تیرے نام پہ مٹا ہوں مجھے کیا غرض نشاں سے

مجھے قبول فرمالے میرا سب کچھ تجھ پر قربان ہے۔ بندہ مومن کی زندگی کا بنیادی مقصد عبادت خداوندی ہے۔

عبادت کچھ تو کر غافل ٹھکانہ گور ہے تیرا

کہاوت ہے کہ خالی ہاتھ گھر جانا نہیں اچھا

اللہ کو راضی کرنے کے لئے انسان جو بھی طریقہ اختیار کرے، شریعت کے راستے میں رہتے ہوئے، اس کو عبادت کہتے ہیں۔

حضور علیہ صلوٰ السلام صحابہ کرام کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے، بڑا خوشگوار ماحول تھا، محبت کی باتیں ہو رہی تھیں، سرکارؐ نے فرمایا کہ میرے صحابہ میرا دل چاہتا ہے، میرے دل کی آرزو ہے، خواہش ہے۔ اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں تین چیزوں کو ڈال دیا ہے۔

صحابہ نے فرمایا۔ وہ کون سی چیزیں ہیں؟ تو فرمایا کہ:

"اللہ نے میرے دل میں خوشبو کی محبت کو ڈالا ہے، مجھے خوشبو سے پیار ہے۔ وہ خوشبو پھولوں کی ہو، وہ خوشبو کردار کی ہو، وہ خوشبو ایمان کی ہو، وہ خوشبو اللہ تعالیٰ کی تمجید کی ہو، اللہ کی ثنا کی ہو، وہ خوشبو نیکی کی ہو، ہدایت کی ہو تقویٰ کی ہو، وہ خوشبو اللہ کی محبت کی ہو، مجھے خوشبو سے پیار ہے۔ اچھا کردار خوشبو ہے۔ اچھی عادات و اطوار یہ بھی خوشبو ہے، ایمان کی دولت بھی خوشبو ہے، تقویٰ کی دولت بھی خوش بو ہے۔

سرکارؐ ایک دن اپنی قمیص کے بٹن کھول کر فرمانے لگے اور فرمایا، صحابہ مجھے (ہند) سے اللہ کی خوشبو آ رہی ہے۔ مجھے رحمٰن کی خوش بو آ رہی ہے، مجھے یمن سے اللہ کی خوش بو آ رہی ہے، پوچھا گیا، آقا کیسی خوش بو؟ فرمایا، میرے عشاق ہیں جو یمن میں ہونگے، اور میرے عشاق ہیں جو آنے والے ادوار میں ہند میں ہونگے۔

برصغیر پاک و ہند میں علامہ اقبال نے جب یہ شعر پڑھا، وہ بے اختیار پکار اٹھے،

میر عربؐ کو آئی ٹھنڈی ہوا جہاں سے

میرا وطن وہی ہے، میرا وطن وہی ہے

لو کو کیا پوچھتے ہو میں کس جگہ کا رہنے والا ہوں، میرا وہ وطن، وہیں ہے جہاں ساڑھے تیرا سو سال پہلے نبی سرکار دو جہاں کو اللہ کی خوشبو آئی تھی۔

اللہ نے میرے دل میں عورت کے لئے محبت ڈال دی، وہ عورت ماں کی حیثیت سے ہو، بیٹی کی حیثیت سے ہو، بیوی کی حیثیت سے ہو، عورت کا احترام کرنا، اس سے پیار کرنا، اس کی خیر خواہی کرنا اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں ڈال دیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم میں سے سب سے بہتر وہ ہے جو اپنی بیوی کے حقوق ادا کرنے میں سب سے بہتر ہے۔ یہ نہیں کہ جس کے ماتھے کا محراب بڑا ہو، جس کی داڑھی سب سے لمبی ہو، جس کا کلہ سب سے اونچا ہو۔

"خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ وَاَنَا خَيْرُكُمْ لِاَهْلِيْ".

"میں سب سے بہتر ہوں کیونکہ میں اپنی بیویوں کے حق میں سب سے بہتر ہوں"۔

تیسرا فرمایا:

"قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ".

ہے، کبھی منٰی میں جاتا ہے کبھی وہ وقوف عرفات کرتا ہے، مذدلفہ میں کھلے آسمان کے نیچے رات گزارتا ہے، وہ آکر رمی جمرات کرتا ہے، وہ حلق کرواتا ہے بال صاف کرواتا ہے، وہ قربانی دیتا ہے، وہ طواف زیارت کرتا ہے، وہ اللہ کی تسبیحات میں ہمہ تن جسمانی طور پر مصروف ہوجاتا ہے۔

یہ جہاد کیا ہے؟ جہاد اللہ کی رضا کے لئے

"وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ "(المائدہ:35)

انسان سر پر کفن باندھ کر اللہ کے دین کے لئے میدان میں نکل آتا ہے۔

وہ زخمی بھی ہوتا ہے شہید بھی ہوجاتا ہے، غازی بھی ہوجاتا ہے

مجاہدین کے گھوڑوں کی شان بھی اللہ تعالی نے قرآن میں بیان کی:

"وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًاO فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًاO فَالْمُغِيْرٰتِ
صُبْحًاO فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًاO"(العدیت: 1تا4)

تو وہ مجاہدین جو اللہ کے لئے اپنے دین کے لئے قربان ہوجاتے ہیں۔ان کی عبادت، جسمانی عبادت ہے۔

جان دی دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

جتنی بھی عبادات ہیں، کلمہ طیبہ سے لے کر نماز، روزہ، زکوۃ، حج، جہاد تک انسان اپنے جسم کے ساتھ مخلوق کو آسودگی دے سکتا ہے، وہ اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے اپنی توانائیاں صرف کرسکتا ہے تو یہ سب کچھ جسمانی عبادت کے زمرے میں آتا ہے۔

قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ.

"اے میرے محبوب تم اعلان کر دو بتا دو سب کو بے شک میری نماز، میری قربانی، میری زندگی، میری موت سب کچھ اللہ پہ قربان کرتا ہوں"۔

میری زندگی کا مقصد تیرے دیں کی سرفرازی
میں اسی لئے مسلماں، میں اسی لئے نمازی

عبادت کا ایک مرحلہ ہوا زبان سے، دل کی اتھا گہرائیوں سے، اللہ کی تسبیح کرنا تحمید کرنا، تکبیر پڑھنا، تہلیل کرنا، دوسرا اپنے جسم کو اللہ کے سانچے میں ڈھال دینا۔

عبادت کا تیسرا مرحلہ مال سے ہوتا ہے، مال جو اللہ نے عطا کیا ہے اللہ فرماتا ہے"وہ لوگ کامیاب ہو گئے جنہوں نے اپنے جسموں کے ساتھ، اپنے مال کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کیا"زکو کیا ہے؟ اے بندہ مومن، اے میرے بندے مال میں نے تمہیں دیا ہے، یقینا تیری محنت بھی شامل ہے، تیری کوشش بھی شامل ہے لیکن میرا حکم ہے کہ سال کے بعد اڑھائی فی صد کے حساب سے اپنے دیئے ہوئے مال جو میں نے تمہیں دیا ہے، میرے دیئے ہوئے مال میں سے زکوۃ ادا کر۔قربانی بھی ادا کر، عیدالضحیٰ آرہی ہے اللہ کی رضا کے لئے اس کے نام پر قربانی کے جانور پیش کرو، اور دل میں یہ آرزو ہو کہ اے اللہ آج تو جانور پیش کررہا ہوں کل اگر جان بھی دینی پڑی تو تیرے نام پر وہ بھی قربان کردوں گا۔

مال خرچ کرنا، زکوۃ ادا کرنا، صدقہ یا فطرا ادا کرنا، قربانی پیش کرنا، اللہ کی رضا کے لئے عشر پیش کرنا، حج پر خرچ کرنا، اپنی آل اولاد کی خدمت کرنا، ضرورت وحاجت مندوں پر مال خرچ کرنا، یہ سب کچھ مالی امداد کے ضمن میں آتا ہے۔اللہ تعالی نے فرمایا کہ بے شک اللہ نے مومنوں کی جانوں اور مال جنت کے بدلے خرید لئے۔

"إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ"(التوبہ:11)

"بے شک اللہ تعالی نے مومنوں کی جانوں اور مالوں کو جنت کے بدلے خرید لیا ہے"۔

فرشتے بہت اعلیٰ اور افضل ہیں لیکن اللہ نے حضرت آدم کو حکم نہیں دیا کہ تم فرشتوں کو سجدہ کرو، بلکہ فرشتوں کو حکم دیا کہ تم آدم کو سجدہ کرو، پس تمام فرشتوں پر حضرت آدم کو عظمت عطا کی، عزت عطا کی، رتبہ عطا کیا، مرتبہ عطا کیا۔ آدم کے آگے سرخم تسلیم ہو گئے۔ اشرف المخلوقات کو فرشتوں نے سجدہ کیا۔

جنات کی تخلیق کا بھی ایک مقصد ہے، سورج چاند، ستاروں اور ہواں کی تخلیق کا ایک مقصد ہے، ہر شے با مقصد ہے۔ انسان کی تخلیق کا مقصد اللہ نے بیان کیا کہ انسان سب سے بلند ہے رتبے میں فضیلت میں، اشرف المخلوقات ہونے میں۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ آدَمَ "(بنی اسرائیل: 70)

"بے شک ہم نے بنی آدم کو بڑی عزت اور بزرگی عطا کی ہے"۔

لہٰذا اس کی تخلیق کا اعلیٰ مقصد بھی بیان کر دیا۔

"وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ"(الذاریات: 56)

"اے حضرت انسان تیری تخلیق کا مقصد یہ ہے کہ تو اللہ کی عبادت کیا کر۔" تجھے میں نے اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے، باقی کائنات کی ہر شے تیری خدمت پر معمور ہے۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا(البقرہ: 29)

"زمین و آسمان کی ہر شے اے انسان تیری خدمت کے لئے ہے"۔

میں نے سورج چاند ستاروں ہواں فضاں ہر شے کو تیرے لئے مسخر کر دیا ہے۔

جانور پیدا کئے تیری وفا کے واسطے

کھیتیاں سرسبز ہیں تیری غذا کے واسطے

چاند سورج اور ستارے ہیں ضیا کے واسطے

سارا جہاں تیرے لئے اور تو خدا کے واسطے

انسان کو صرف عبادت کے لئے پیدا کیا، اور عبادت کا مطلب ہے اللہ کے آگے انتہائی عاجزی اور انکساری کا اظہار کرنا۔

عبادت کے تین مرحلے ہوتے ہیں۔ تین طریقوں سے عبادت ہوتی ہے:

1۔ انسان کی زبان ہر وقت اللہ کی تسبیح کرتی رہے تحمید کرتی رہے تہلیل میں مصروف رہے، تکبیرات میں مصروف رہے۔

سبحان اللہ، (اے اللہ تو پاک ہے)

الحمد للہ۔ ( اے اللہ ساری تعریفیں تیرے لئے ہیں)

اللہ اکبر (اے اللہ تو سب سے بڑا ہے)

لا إلہ الا اللہ (اے اللہ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں)

بندے کی زبان اللہ کا ذکر کرے، اس کی حمد و ثناء کرے۔

2۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ انسان کا جسم بھی اللہ کی عبادت میں لگ جائے۔ وہ بھی اللہ تعالیٰ کے آگے سر نا زخم کرے تسلیم کرے، اپنی پیشانی کو اس کے آگے زمین پر رکھ دے، وہ تذلل کے آخری درجے میں چلا جائے، اے اللہ میرے جسم میں جو سب سے معزز مقام جو ہے وہ پیشانی ہے میرا سر ہے، میری ناک ہے مولا میں سب کچھ تیرے قدموں میں نچھاور کرتا ہوں۔ یہ نماز کیا ہے یہ جسمانی عبادت ہے یہ روزہ اے اللہ تیرا حکم ہے۔

"ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ" (البقرہ:187)

"تم رات تک روزے کو پورا کرو"۔

سحری سے لے کر غروبِ آفتاب تک انسان کھانے پینے کے علاوہ ناجائز خواہشات سے رک جاتا ہے، اس لئے کہ میرے اللہ کا حکم ہے، اللہ خوش ہوتا ہے تو یہ روزہ کیا ہے؟ یہ جسمانی عبادت ہے۔ یہ حج کیا ہے؟ یہ جسمانی عبادت ہے۔

انسان اللہ کی رضا کے لئے گھر سے نکل کھڑا ہوتا ہے، کعبہ کا طواف کرتا

# انسانی تخلیق کا مقصد (خطبہ جمعہ)

مقرر: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم اما بعد فاعوذ باللّٰہ

مِن الشیطٰن الرجیم.

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ. (الذاریات:56)

وقال النبی ﷺ: اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ.

زندگی آمد برائے بندگی۔ زندگی بے بندگی، شرمندگی۔

قرآن مقدس کی مشہور آیت مبارکہ اور حدیث رسول ﷺ آپکی خدمت میں تلاوت کرنے کا شرف حاصل کیا ہے۔ اللہ رب العالمین نے اس آیت مبارکہ میں میری اور آپکی زندگی کا مقصد بیان کیا ہے۔ ہر شے کی تخلیق کا کوئی نہ کوئی مقصد ہوتا ہے۔

پنکھے کا کام یہ ہے کہ یہ ہوا دے۔ اگر یہ ہوا دینا بند کردے، اس کی وائینڈنگ خراب ہو جائے، اس کے پر ٹیڑھے ہو جائیں اور یہ اپنا مطلوبہ مقصد پورا نہ کرے، تو اس کو چھت سے اتار دیا جاتا ہے، اس کی مرمت کی جاتی ہے، ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ اس کو کباڑیے کو دے دیا جاتا ہے وہ اس کو بھٹی میں ڈال دیتا ہے۔

جوتے کا کام ہے وہ ہمارے پاؤں کو پتھروں سے، گرد سے، مٹی سے محفوظ رکھتے ہیں، چلنے میں مدد دیتے ہیں۔ کپڑے انسان کا ستر ڈھانپتے ہیں۔ عینک ہمیں دور اور نزدیک دیکھنے میں مدد دیتی ہے۔ اسی طرح موٹر سائیکل گاڑی وغیرہ ہمارے سفر کو آسان کرتی ہے تو جس مقصد کے لیے جو چیز ہے وہ مقصد پورا کرتی رہے تو اس کی قدر و عزت ہوتی ہے۔

اس شے کی نگرانی و نگہبانی بھی ہوتی ہے نیز خدمت بھی ہوتی ہے۔ اگر وہ اپنا اصل مقصد پورا نہ کرے، تو اس کی کوئی عزت و منزلت نہیں۔ وہ اپنے مرتبے اور مقام سے گر جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے کلام پاک میں اسی طرح کسی چیز کا ذکر کیا۔

"رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا" (آلِ عمران:191)

"اے اللہ اس روئے زمین پر تو نے کسی شے کو بے مقصد پیدا نہیں کیا"۔

ہر شے کا کوئی نہ کوئی مقصد ہے، انسان کو گندم، چاول جتنی بھی اجناس ہیں، یا فصلیں ہیں یہ ہماری خوراک بنتی ہیں، پھل ہماری خوراک بنتا ہے حلال جانور انسان کے لئے خوراک کا کام کرتے ہیں، سواریوں کے کام آتے ہیں اور کاروبار کا ذریعہ ہیں۔ کائنات کی ہر شے کوئی نہ کوئی مقصد رکھتی ہے۔ لہذا حضرت انسان کی تخلیق کا بھی کوئی مقصد ہے۔ اس کو اشرف المخلوقات کہا گیا ہے۔

"لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ" (التین:04)

"بے شک ہم نے انسان کو بہترین ساخت میں پیدا فرمایا"۔

اللہ فرماتا ہے کہ میں نے سب سے حسین ترین اگر کوئی مخلوق بنائی ہے تو اے حضرت انسان وہ تو ہے تجھ سے زیادہ حسین کوئی شے کائنات میں نہیں، حضورؐ فرماتے ہیں۔ "اے انسان میں نے تجھے اپنی صورت میں پیدا کیا"۔ تو اللہ کی بہترین مخلوق انسان ہے، فرشتہ ہونے سے بہتر ہے انسان بننا۔ مگر اس میں پڑتی ہے محنت زیادہ۔

فرشتہ لقب دینے سے میری تحقیر ہوتی ہے

میں مسجود ملائکہ ہوں مجھے انساں ہی رہنے دو

AZEEM EDUCATIONAL CONFERENCE Regd.

Awareness - Education - Confidence

# 41st International Conference on Islamic History

*Caliphate of Umar R.A.*

**Organized by**

Azeem Educational Conference (Regd.)

The **41st Annual Farooq-e-Azam Day & International Conference on Islamic History** was organized by **Azeem Educational Conference (Regd.)** to commemorate Caliphate of the 2nd righteous Caliph of Islam and companion of Holy Prophet, Hazrat Umar Farooq (RA), on Saturday, 26th September 2021 at Sir Syed Memorial Society, Islamabad.

Some 700-800 people attended the event. Twin-cities have always been welcoming, people from all walks of life attended. Dr Sultan Bashirudin Mehmood (Sitara e Imtiaz), former Director General of Pakistan Atomic Energy Commission, attended as the Chief Guest. Syed Ahmad Masood, President Sir Syed Memorial Society, Pir Sultan ul Arifeen, Chancellor Mohiuddin Islamic University, Azad Kashmir attended the conference. Dr Umer Hayat, Chairman Faculty of Islamic Studies, Government University of Faisalabad, Dr Moinuddin Hashmi, Chairman Faculty, Seerat-un-Nabi, AIOU, Dr Hafiz Muhammad Sajjad Chairman, Faculty Comparative Religious Studies, AIOU, Islamabad, also attended. The conference was presided by the Patron-in-Chief of Azeem Educational Conference (Regd.), Dr Muhammad Azeem Farooqi.

The event was divided into four sessions. All the sessions were well-organized and managed. And had the right balance of different aspects of life, for instance, the first session started with the recitation of Holy Quran which was followed by *Naat-e-Rasul*. Research papers on the life and different aspects of Hazrat Umar were presented by national and international researchers. Academicians, researchers, *ulema*, and jurisprudents all attended the International Conference on Islamic History.




The first segment featured talks on themes like tasavuf and sufism by scholars like Mr Muhammad Waseem Farooqi. Professor Suleman Butt was the next speaker, he talked about the importance of the rights and duties in *shariah* and *tariqa*. The third speaker, Barrister Muhammad Asif Raza talked on "balance between *Huqooq-ul-Ibaad* and *Huqooq-ullah*".

Second session featured national and international scholars who presented their research work on

different aspects of Caliphate of Umar Farooq (RA), like: minority rights, equity, leadership skills, accession, and personal life of Hazrat Umar. Audience put forth their queries which were answered by the researchers. This marks the basis of any healthy academic debate.

The second session continued with a Special segment of **"*Subh-e-Azeem*"** hosted by Imran Khan, powered by **Aur TV Network**. This segment featured academicians, speakers, scholars, and researchers. ship and comparison with the second rightly guided caliph of Islam. The speakers also emphasized on the need to restore and revive the lost values of Islam, particularly from a leader's perspective.

Muhammad Umar Nawaz Cheema, Dr Hafiz Muhammad Sajjad, Musarrat Azeem Farooqi, Dr Umar Hayat, Dr Noor ul Hassan Hashmi and Anam Shezaddi were the speakers, and presented their research papers, and briefed about their findings.

Third session brought a change in taste for the




The primary theme of this segment was "*The traits of Farooq-e-Azam in the light of contemporary era*". The major focus was on the common ground between era of Umar and today's era. Speakers talked about different aspects of Hazrat Umar's life, as a leader, as a person, and as a visionary. One important aspect which was taken under consideration: today's leader-

audience. The little hearts of Al-Fouz-ul-Azeem Quran Academy, Islamabad presented some harm-warming performances. They performed **99 names of Allah**, and ***Qaseedah Burdah Shareef***. The performances were enjoyed by the people and distinguished guests alike.

Audience also enjoyed exhibition of a documenta-

ry film on the journey of Azeem Educational Conference and the core team. AEC is a non-profit organization and aims to promote academic, cultural, and literal values among the people, particularly the youth of the country. AEC has proudly been rendering its services for the people for over two decades.

This marked the end of the third segment, and the initiation of the fourth segment. In the fourth segment, *dastars* and certificates were awarded and distributed among students, spiritual successors, and distinguished guests. What makes this *dastar* and



certificate distribution ceremony interesting is the fact that it has been an important part of the Annual International Conference on Islamic History and has been going on since many years.

In the final segment of the conference, Patron-in-Chief Azeem Educational Conference (Regd.), Dr Muhammad Azeem Farooqi concluded the sessions. In his speech, he talked about the dire need to incorporate faith with modern values. In his speech he talked about the *seerat* of the second rightly guided caliph of Islam, his vision, and the need to talk integrate today's education with Islamic knowledge, he emphasized on the need to ensure a peaceful world, to incorporate faith with harmony and tolerance. Dr Farooqi's conclusive remarks were followed by *dua*, and that's how the international conference ended.

The best part about this international conference on the topic Islamic history was well-categorized, well-curated, well-executed, and moderated brilliantly, as it had many flavors in it's essence. During the breaks, *aarifana kalam* and *ballads* were recited, for the audience. The conference was broadcasted live on various social media platforms, in association with **Aur TV Network**. Everyone had access to the event, which is still available for viewership for general masses on Aur Network as well on many social media outlets of AEC and its sister organizations like The Curtain Raiser Productions, and Azeem English Magazine.

**درود شریف:**

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَاَصْحَابِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَیْہِ.

**آیاتِ قرآنی:**

سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ O وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ O وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ O (الصفت: 180 تا 182)

**تکبیر:**

اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ.

**(دعائے ایصالِ ثواب):**

یا ربِ کریم آپ کی رضا اور خوشنودی کے لئے جو کچھ پڑھا، پڑھایا، ملک کیا گیا اہتمام بزم ہوا تبرک، کھانے، شیرینی وغیرہ کا انتظام کیا گیا وہ آپ کی بارگاہِ ربوبیت میں پیشِ خدمت ہے۔ اپنے تمام لطف وکرم سے قبول فرمائیں۔ (قارئین آمین کہتے جائیں)۔

اگر پڑھنے، پڑھانے، تلفظات وآداب وغیرہ میں کوئی کمی بیشی کوتاہی رہ گئی ہو تو اسے معاف فرمادیں اور اس کا کامل اجر وثواب ہماری طرف سے ھدیۃً وتحفۃً امام الانبیاء، امام المرسلین، ختم النبیین جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی بارگاہِ نبوت و رسالت میں پیش کرتے ہیں مولا! قبول فرمائیں۔ (آمین)

حضور اکرم ﷺ کے اپنی بارگاہِ بندہ نواز میں درجات بلند سے بلند ترین فرمائیں نیز آپ کے وسیلہ جلیلہ سے تمام انبیاء ومرسلین، صحابہ کرام، اہلِ بیتِ اطہار، صحابیات، مجاہدینِ اسلام، شہداء اسلام، اہلِ ایمان، مومنین و مومنات کی ارواح کو بھی ہدیۃً تحفۃً پیش کرتے ہیں ان کے حق میں بھی قبول و منظور فرمائیں اور تمام سلاسل طریقت کے خواجگان، اولیاء کرام متعلقین و متوسلین بالخصوص تمام آئمہ اہلِ بیت، آئمہ فقہ وشریعت، خواجگانِ نقشبندیہ، مجددیہ، چشتیہ، قادریہ، سہروردیہ، نوریہ، قلندریہ، فریدیہ، نوشاہیہ، رفاعیہ، وغیرہ کو پیش کرتے ہیں، ان کے حق میں قبول فرمائیں۔ نیز تمام مومنین، مومنات، مسلمین، مسلمات حضرت آدم کی امت سے لیکر قیامت آنے والے اہلِ ایمان کے حق میں قبول فرمائیں۔ (آمین)

ان امورِ خیر کی حسنات وبرکات سے ہم سب کو بالخصوص اہلِ خانہ کو مستفید فرمائیں جن مقاصد کے حصول کے لئے یہ محفل برپا ہوئی وہ پورے فرمائیں۔ صغیرہ کبیرہ گناہ معاف فرمائیں، شرِ نفس، شرِ شیطان، شرِ مال وغیرہ سے محفوظ فرمائیں اور دین دونیا اور آخرت کی بھلائیاں عطا فرمائیں۔ (آمین)

☆ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ. (سورۃ البقرہ: 201)

☆ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. (سورۃ الانبیاء: 87)

☆ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ. (سورۃ الاعراف: 32)

☆ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ.
(آلِ عمران: 8)

☆ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا لَھَا مَا کَسَبَتْ وَعَلَیْھَا مَا اکْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَہٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ.
(سورۃ البقرہ: 286)

سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ O وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ O وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ O (الصفت: 180 تا 182)

آمین۔ بجاہ النبی الکریم و صلی اللہ تعالی علی رسولہ خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ وبارک وسلم.

# ایصالِ ثواب کے لئے آیاتِ قرآنی

انتخاب: الفوز العظیم انٹرنیشنل قرآن اکیڈمی، اسلام آباد

afaiqa.com

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

(1) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ(۱) لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ(۲) وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ
اَعْبُدُ(۳) وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ(۴) وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ(۵)
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ(۶)(سورۃ الکافرون:آیات 1 تا 6)

(2) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ(۱) اَللّٰهُ الصَّمَدُ(۲) لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ(۳) وَلَمْ
يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ(۴)

(سورۃ الاخلاص:آیات 1 تا 4)

(3) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ(۱) اَللّٰهُ الصَّمَدُ(۲) لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ(۳) وَلَمْ
يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ(۴)

(سورۃ الاخلاص:آیات 1 تا 4)

(4) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ(۱) اَللّٰهُ الصَّمَدُ(۲) لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ(۳) وَلَمْ
يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ(۴)

(سورۃ الاخلاص:آیات 1 تا 4)

(5) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ(۱) مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ(۲) وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا
وَقَبَ(۳) وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ(۴) وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا
حَسَدَ(۵)(سورۃ الفلق:آیات 1 تا 5)

(6) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ(۱) مَلِكِ النَّاسِ(۲) اِلٰهِ النَّاسِ(۳) مِنْ
شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ(۴) الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ(۵)
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ(۶)(سورۃ الناس:آیات 1 تا 6)

(7) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ(۱) الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ(۲) مٰلِكِ يَوْمِ
الدِّيْنِ(۳) اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ(۴) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ(۵) صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ(۶) غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ(۷).(سورۃ الفاتحہ:آیات 1 تا 7)

(8) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓO ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَO الَّذِيْنَ
يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَO
وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ
هُمْ يُوْقِنُوْنَO
اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْمُفْلِحُوْنَO البقرہ:آیات 1 تا 5)

**مزید آیاتِ قرآنی:**

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ .( سورۃ الاعراف:56)

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ . (سورۃالانبیاء:107)

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ
النَّبِيّٖنَ ط وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا.(الاحزاب:40)

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا
عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا .(الاحزاب:56)

# توبہ کی فضیلت

**اسلاف کے مشن پر چلنا:**

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ O (البقرة: 222)

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْا إِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا O (التحریم: 8)

وَإِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا O (النحل: 18)

تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو گننا چاہو تو گن نہیں سکو گے۔

یہ دو آنکھیں، دو کان، دو آنکھیں یہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہی تو ہیں۔ جس شخص کو یہ یقین ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ ہی میرا رب ہے۔ وہ مجھ کو رزق دیتا ہے، زمین و آسمان اسی کے قبضے میں ہیں۔ وہ زیادہ استغفار پڑھتا ہے، زیادہ معافی مانگتا ہے۔ صوفیاء تصوف کا یہ عقیدہ ہے کہ "جو دم غافل سو دم کافر" ہر لحظہ اللہ تعالیٰ کا ذکر۔ اللہ تعالیٰ کے ذکر میں کمی آجائے تو وہ اپنے آپ کو بہت بڑا گناہگار سمجھتے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر عبادات میں رقت نہ آئے تو اس کو بھی گناہ سمجھتے ہیں۔

اے اللہ! میں سب سے زیادہ گنہگار ہوں، میں سب سے زیادہ بدعمل ہوں، میں سب سے زیادہ مخلوق کو تنگ کرنے والا ہوں۔ اے خدایا! مجھ کو معاف کر دے میری توبہ۔

احادیث میں آتا ہے کہ ایک شخص سفر پر روانہ ہوا اور صحرا سے اس کا گزر ہوا۔ اس کے پاس پانی ختم ہو جائے، کھانے کو کچھ نہ ہو۔ اردگرد کوئی آبادی بھی نہ ہو۔ کچھ دن وہ رہے، زندگی کی کوئی اُمید بھی باقی نہ رہے۔ وہ خود ہی اپنی قبر کھودے اور اس میں لیٹ جائے اور موت کا انتظار کرنے لگے۔ اس موقع پر اس کو اس کا اونٹ مل جائے، پانی اور سامانِ سفر بھی مل جائے تو اس کو کتنی خوشی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کو اس شخص سے بھی کہیں زیادہ اس شخص پر خوشی ہوتی ہے جو ہر طرف مایوس ہو جانے کے بعد ندامت کا ایک آنسو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بہاتا ہے۔ اس کا ایک آنسو گرنے سے پہلے پہلے اللہ تعالیٰ اس کے سارے گناہ معاف کر دیتے ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بڑھ کر تو کوئی عظمت کے لائق نہیں تھا۔

آپؐ روزانہ پانچ پانچ نمازیں پڑھنے کی بجائے چھ، چھ، سات، سات نمازیں پڑھتے، ہر لمحے اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہتے۔ ہم اپنے آپ کو بڑا جنتی سمجھتے ہیں۔ سارے نبی اللہ تعالیٰ سے دُعائیں، التجائیں کرتے رہے۔ اے اللہ! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہمیں معاف فرما۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ O (الاعراف: 23)

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ O

(الانبیاء: 87)

اے خدایا! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا بیشک تو ہمیں معاف کرنے والا ہے۔

عیسائیوں نے یہ پروپیگنڈا کیا ہوا ہے کہ ایک مرتبہ معافی مانگ لینے سے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں انسان پیدائشی گناہگار ہے جب کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلٰى فِطْرَةِ الْإِسْلَامِ O

ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔

پیدائشی طور پر انسان معصوم ہوتا ہے۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّأَتُوْبُ إِلَيْهِ O

جس کو جتنی زیادہ اللہ کی رحمت کی ضرورت ہو، اُمید ہو وہ اتنا ہی زیادہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جھکتا ہے۔ زیادہ کچھ چاہیے تو زیادہ عبادت اور دُعائیں کرو۔ اسلام پوری دُنیا میں پھیل جائے، ساری دُنیا مسلمان ہو جائے، نمازیں پڑھے، قرآن پڑھے، ذکر کرے، اللہ اللہ کرے، زندگی ایسے گزارو کہ مرنے کے بعد بھی یاد رکھیں۔

(پروفیسر صاحب فرماتے ہیں کہ باپ کی رضا میں اللہ تعالیٰ کی رضا ہے۔ ماں باپ کی دُعائیں لینے والے اگر ماں، باپ دُنیا سے رخصت بھی ہو جائیں تو ان کی دُعاؤں سے مستفید ہوتے رہتے ہیں)

# (ملفوظات فاروقی) اطاعتِ والدین، والدین کا درجہ ومقام

(ماہانہ محفل انگریزی ماہ کا پہلا بدھ عظیم اکیڈمی، گوندلانوالہ روڈ، گوجرانوالہ) **حافظ غلام مصطفٰے تبسم** (پی ایچ ڈی اسکالر)

وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيرًا O (بنی اسرائیل: 24)

اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَات

حضرت علقمہؓ کا واقعہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی بھی ہیں، مجاہد بھی ہیں، تہجد گزار بھی ہیں۔ جنگیں بھی لڑی ہوئی ہیں لیکن نزع کا وقت قریب آیا تو عجیب عجیب باتیں کرنے لگے۔ صحابہ کرامؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بُلایا۔ حضور سرورِ عالم، نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمانے لگے: علقمہ! کلمہ پڑھو۔ کہنے لگے حضورا کون سا کلمہ؟

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سمجھ گئے کہ اس کے ماں باپ ناراض ہیں۔ فوراً ماں کو بُلایا وہ کہنے لگیں: اس نے مجھے ستایا، رُلایا ہے، میں اسے معاف نہیں کروں گی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لکڑیوں کا ایک گٹھا اکٹھا کرو اور علقمہ کو اس کے اندر پھینک دو۔ یہ سڑ کر سوا ہو جائے، ہمیں اس کی ضرورت نہیں۔

**احادیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:**

جس نے یہ پتہ کروانا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس سے کتنا خوش ہے تو یہ پتہ کروائے کہ اس کا والد اس سے کتنا خوش ہے۔

"باپ کی رضا میں اللہ تعالیٰ کی رضا ہے"۔

خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو روزانہ اپنے والدین کا چہرہ دیکھ کر سو، حجوں کا ثواب لیتے ہیں۔

والدین کا محبت سے ایک مرتبہ چہرہ دیکھنے سے ایک حج کا ثواب ہوتا ہے۔

وہ لوگ خوش قسمت ہیں جن کے ماں باپ حیات ہوں اور وہ ان کی خدمت کر کے جنت حاصل کرے، ان کی خدمت کرے۔

ایک صحابی رسول حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضورؐ! میں کسی کام سے گیا ہوا تھا، میری غیر موجودگی میں میرے والد نے میری امانت اور روپیوں میں سے کچھ روپے خرچ کر دیئے ہیں۔ حضورؐ میری سفارش کریں۔ آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمانے لگے "تیری جائیداد، تیرا مال، تیری اولاد، تیرا سب کچھ تیرے باپ کا ہے۔ تم بھی اس کے ہو، وہ چاہے خرچ کرے، چاہے صدقہ وخیرات کرے، چاہے جو مرضی کرے تجھے بولنے کا کوئی حق نہیں۔ تیری جرأت کیسے ہوئی سفارش کروانے کی؟"۔

ماں باپ اگر حیات نہ ہوں تو ان کی قبر پر جا کر اس کی مٹی کو پکڑ کر دُعا کریں۔ ماں باپ کے پاؤں کو، ان کی قمیض، کرتے کو گواہ بنا کر دُعا کی جائے وہ مقبول ہو جاتی ہے۔ اس کی قبولیت میں کوئی شک نہیں، کوئی شک نہیں، کوئی شک نہیں۔

کے معنی ہیں حد سے بڑھ جانا یا حد سے ہٹ جانا یا زیادتی کرنا یا زیادہ ہو جانا۔ اس لئے مہنگی چیز کو غالی کہتے ہیں کہ اس کی قیمت حد سے بڑھ گئی یا اس کی قیمت بڑھ گئی۔ یوں ہی درمیانی راہ چھوڑ کر افراط یا تفریط یعنی زیادتی کمی میں پڑ جانا غلو ہے۔ یہاں غلو کے کئی معنی بن سکتے ہیں۔ یہودیوں نے جناب مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق بہت تفریط کی کہ ان کی نبوت کا انکار کر دیا بلکہ ان کے نسب شریف پر اعتراض کیا، ان کی طیبہ طاہرہ ماں پر بہتان لگا دیا۔ یہ تفریط کا غلو ہوا اور عیسائیوں نے انہیں خدا یا خدا کا بیٹا کہہ دیا یہ افراط کا غلو ہوا یا یہود نے حضرت عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہا۔ یہ افراط کا غلو ہوا اور عیسائیوں نے جناب مسیح کو خدا کا بیٹا کہا۔ یہ بھی افراط کا غلو ہوا۔ لہذا لا تغلوا میں دونوں قوموں سے خطاب ہے۔

**سوال نمبر 127: زبان داؤدی میں بنی اسرائیل پر کیسے لعنت ہوئی؟ (المائدہ آیات 78-79)**

**جواب:** حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ ایلہ بستی کے باشندے یہود تھے ان کے دین میں ہفتہ کے دن شکار حرام تھا۔ ان لوگوں نے زمانہ داؤدی میں حیلہ سے ہفتہ کو شکار کر لیا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے ان پر بددعا کی کہ خدایا انہیں بندر بنا دے۔ چنانچہ وہ سب کے سب بندر بنا دیئے گئے۔ یہ زبان داؤدی میں ان پر لعنت ہے۔

**سوال نمبر 128: مسلمانوں کے ساتھ دشمنی میں کون لوگ شدید ہیں؟ (المائدہ آیت 82)**

**جواب:** ان تمام کفار میں سخت اور بدترین دشمن مسلمانوں کا دو قوموں کو پاؤ گے۔ اول نمبر یہود، دوسرے نمبر وہ جنہوں نے کسی قسم کا شرک کیا یعنی مشرکین کہ یہ دونوں قومیں مسلمان کی جان، ان کے مال عزت، آبرو کے ہر طرح سے دشمن ہیں اور ان تمام کفار میں دوستی میں قریب تر مسلمانوں سے ان لوگوں کو پاؤ گے جو پہلے اپنے آپ کو نصاریٰ کہتے تھے۔ اب مسلمان ہو گئے۔

**سوال نمبر 129: عیسائیوں کا مسلمانوں کی دوستی سے قریب تر ہونا کیوں ہے؟**

**جواب:** عیسائیوں کا مسلمانوں کی دوستی سے قریب تر زیادہ نرم ان لوگوں کو پاؤ گے جو پہلے اپنے آپ کو نصاریٰ کہتے تھے۔ ہوا تین وجہوں سے ہے۔ ایک یہ کہ ان میں اب تک بڑے بڑے علماء ہیں ان میں تارک لذ نیا خدا پرست درویش و راہبین ہیں اور ان کے عوام کے دلوں میں تکبر اور اپنی بڑائی نہیں۔ عموماً ان کے دلوں میں تواضع و انکسار ہے۔ بخلاف یہود کے کہ یہ حاسد پکے دنیا دار بڑے لالچی، سخت متکبر ہیں۔ ان کے دلوں میں کوئی نصیحت اثر نہیں کرتی۔

**سوال نمبر 121: عیسائیوں کے الوہیت مسیح کے متعلق کون کون سے عقیدے ہیں؟ نیز قرآن نے اس کی کیسے تردید فرمائی؟**

**جواب:** عیسائیوں کی الوہیت مسیح کے متعلق مختلف عقیدے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ تیسرے خدا ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ خود خدا ہیں۔ رب تعالیٰ نے ان کی شکل میں دُنیا میں ظہور فرمایا۔ اس آیت کریمہ میں اس تیسرے فرقے کی نہایت شاندار تردید فرمائی گئی کہ ارشاد ہوا وہ عیسائی نرے کافر و مشرک ہیں جو کہتے ہیں کہ جناب مسیح ابن مریم ہی خدا ہیں اور خدا مسیح ابن مریم ہی ہے۔ (نعوذباللہ)

**سوال نمبر 122: عیسیٰ مسیح کا کیا مطلب ہے؟**

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام شریف عیسیٰ ہے یعنی شرافت والے، لقب مسیح ہے یا مسح سے بنا ہے بمعنی چھونے والے یعنی چھو کر مردوں کو زندہ، بیماروں کو اچھا کرنے والے ہیں۔

**سوال نمبر 123: عقیدہ تثلیث کا کیا مطلب ہے؟ قرآن نے اس کا کیسے رد کیا؟**

**جواب:** الوہیت مسیح کے متعلق عیسائیوں کے بہت فرقے ہیں اور ان کے مختلف عقیدے۔ پچھلی آیت میں ان عیسائیوں کی تردید کی گئی جو کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی خدا ہیں۔ اب اس عیسائی فرقہ کی تردید ہے جو کہتے ہیں کہ الہ تین ہیں۔ چنانچہ ارشاد ہوا کہ ان عیسائیوں کی طرح وہ عیسائی بھی سخت کافر ہیں جو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ تین معبودوں میں سے ایک معبود ہے۔ خواہ اس طرح کہ ایک اللہ کے تین جزء ہیں یا اس طرح کے مستقل تین الہ ہیں یا اس طرح کے دو صفات ایک ذات الہ ہیں یا اس طرح کہ دو ذات اور ایک صفت الہ ہیں پھر خواہ اس طرح کہ حضرت مسیح، مریم، اللہ تعالیٰ الہ ہیں یا اس طرح کہ مسیح مریم روح القدس الہ ہیں۔ غرضیکہ کسی طرح تثلیث کا عقیدہ رکھیں کافر ہیں۔ معبود صرف ایک ذات واحد صمد وکا در ہے جس میں کسی طرح دوئی ممکن نہیں۔

**سوال نمبر 124: حضرت مریم کی عظمت کن وجوہ کی بناء پر ہے؟**

**جواب:** جناب مریم بذات خود بھی اچھی ہیں اور چند وجوہ سے ان کی عظمت میں اور چار چاند لگ گئے۔

(۱) ان کی والدہ حنّہ نے انہیں بیت المقدس کی خدمت کے لئے اللہ تعالیٰ سے مانگا۔ یہ ان کے اخلاص ان کی عظمت کا باعث ہوا۔

(۲) ان کی پرورش بیت المقدس میں ہوئی۔

(۳) ان کی تربیت حضرت زکریا علیہ السلام نے کی۔

(۴) ان کو جنتی میووں سے پرورش کیا گیا جسے اللہ تعالیٰ یہ نعمتیں بخشے وہ صدیقہ ہی ہوگی۔

**سوال نمبر 125: کتنے انبیاء کرام کو وفات نہیں آئی؟**

**جواب:** حضرت ادریس جنت میں زندہ ہیں، حضرت الیاس زمین پر اور حضرت خضر علیہ السلام سمندروں پر، حضرت عیسیٰ علیہ السلام چوتھے آسمان پر زندہ ہیں۔

**سوال نمبر 126: غلو سے کیا مراد ہے؟ قرآن پاک کا کیا حکم ہے؟**

**جواب:** لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ (اپنے دین میں حد سے نہ بڑھو) غلو سے جس

توبہ اور عبادات کرکے رب کو راضی کرلیتا ہے۔

☆ غافل یہاں کی آفتوں میں اسباب پر نظر کرتا ہے اور اسباب کی طرف دوڑتا ہے۔ ٹھنڈی ہوا موسم کی تبدیلی یا فلاں وجہ سے یہ بیماریاں یا خسارے آئے رجوع الی اللہ نہیں کرتا، جاہل راحتوں کو اپنے کمال کا نتیجہ سمجھتا ہے۔ آفتوں کو رب تعالیٰ کا ظلم کہتا ہے اور نیا وہ کافر ہوجاتا ہے۔

☆ یہ یہودی جاہل تھے۔ مال کم ہوجانے پر اللہ تعالیٰ کے بے ادب بن گئے اور نیا وہ غضب و لعنت کے مستحق ہوئے۔

بزرگوں کے پاس حاضری اس لئے دی جاتی ہے کہ دل کی غفلت دُور ہو۔

**سوال نمبر 116: کیا یہود و نصاریٰ سے اپنی کتابیں قائم کرنے میں ثواب واضافہ کا وعدہ ہے؟ (المائدہ آیت 66)**

**جواب:** اگر اب بھی یہ لوگ توراۃ و انجیل اور تمام کتب آسمانیہ کو قائم کرلیں کہ ان کی ہدایت کے موافق آپ پر ایمان لے آویں تو ہم ان کی روزی میں دنیاوی برکتیں دیں گے کہ وہ اوپر کی طرف سے یعنی میوہ دار درختوں کے پھل کھائیں اور نیچے کی طرف سے یعنی کھیتوں سے ہر قسم کے دانے کھائیں۔

**سوال نمبر 117: درمیانی اُمت (اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ) سے کون مراد ہے؟ (المائدہ آیت، 66)**

**جواب:** ایک میانہ روی کرنے والی جماعت موجود ہے۔ جیسے عبداللہ ابن سلام اور ان کے ساتھی یہود اور نجاشی بادشاہ حبشہ اور ان کے ساتھی۔

**سوال نمبر 118: آیت 67 میں نبی پاک کو کیا خصوصی حکم ارشاد فرمایا گیا ہے؟**

**جواب:** میرے رسول! تمام آیات قرآنیہ، احکام شرعیہ، تبلیغیہ بدستور لوگوں تک پہنچائے جاؤ۔ اس تبلیغ میں کسی کے دھمکانے کی پرواہ نہ کرو۔ اگر بالفرض محال آپ نے ایک حکم شرعی کی بھی نہ تبلیغ کی تو گویا آپ نے کسی حکم کی تبلیغ نہ کی جیسے اگر کسی نے نماز کا ایک رکن یا شرط ادا نہ کی تو گویا کوئی رکن ادا نہ کیا یا اگر آپ نے تبلیغ بند کردی تو اب ہوگا کہ جیسے آپ نے گذشتہ میں بھی تبلیغ رسالت نہ فرمائی۔ آپ مطمئن رہیں، اللہ تعالیٰ بدظن دشمن انسانوں کے شر سے آپ کو ہمیشہ بچائے گا کہ وہ نہ تو آپ کو قتل کرسکیں گے، نہ آپ کا دین روک سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا اور آپ کے دین کا حافظ و ناصر ہے۔

**سوال نمبر 119: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تبلیغ اور علماء کی تبلیغ میں کیا فرق ہے؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضورؐ کے دین کے علماء کی تبلیغ میں کئی طرح فرق ہے۔ ایک یہ کہ حضورؐ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبلغ ہیں۔ علماء حضورؐ کی طرف سے مبلغ ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عقائد، عبادات، معاملات، ان کے فرائض، واجبات، سُنتیں، مستحبات، حرام مکروہات، ہر چیز کے ایسے مبلغ ہیں کہ ان میں سے ایک چیز کی تبلیغ نہ کرنا گویا بالکل تبلیغ نہ کرنا ہے۔ علاوہ ازیں علماء پر بقدر طاقت تبلیغ ہے حتیٰ کہ قرب قیامت فتنہ زمانہ میں علماء پر تبلیغ واجب نہ رہے گی۔

**سوال نمبر 120: اہل کتاب کا اپنی کتب پر ایمان کیسے مکمل ہوگا؟ نیز ان کو کیا ہدایت کی گئی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا تسلی دی؟**

**جواب:** اے اہل کتاب! تمہارے ایمان کا دعویٰ لاشی ہے جب تک تم توراۃ و انجیل اور آسمانی کتابوں کا سکھایا ہوا راستہ، ان کی بتائی ہوئی باتیں، سکھائے ہوئے احکام کو قائم نہ کرو کہ ان محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان قبول کرلو کہ تمام آسمانی کتابوں نے ان پر ایمان لانے کی سخت تاکید کی ہے۔ ان محبوب کو ماننا ان تمام کتب کو قائم کرنا ہے۔ اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر یہ لوگ ایمان نہ لاویں تو آپ پرواہ نہ کریں۔ ان کا کفر و سرکشی تو اس حد تک پہنچ چکی ہے کہ آپ پر اُترا ہوا قرآن، آپ کے فرمان پاک، آپ کے معجزات انہیں ایمان بخشنے کی بجائے ان کے کفر و سرکشی کو اور بھی زیادہ کردیں گے۔ ان کی شرارتیں بڑھتی ہی رہیں گی اور ہر آیت کا انکار کریں اور زیادہ ضد پر کمربستہ ہوں گے۔ ایسی کافر قوم پر ہرگز غم نہ کریں۔

**سوال نمبر 107: یہود و منافقین بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا حاصل کرتے تھے؟ (المائدہ آیت 61)**

**جواب:** یہود و منافقین کو آخرت کی فکر نہیں۔ انہیں دن رات یہی فکر رہتی ہے کہ مسلمانوں کو اپنے ایمان کا یقین کس طرح دلائیں۔ کبھی کسی کے دروازے پر جا کر قسمیں کھا کھا کر کہہ رہے ہیں کہ ہم پکے مسلمان ہیں۔ ہم کو منافق نہ سمجھنا، کبھی کسی کی چوکھٹ پر سر جھکا کر کہہ رہے ہیں۔ غرضیکہ ان کی جان عجیب تنگی و ضیق میں ہے۔ حضورؐ کا آستانہ ایمان و عرفان وغیرہ کی ٹکسال ہے جہاں ایمان بنتا ہے۔ جہاں رحمٰن ملتا ہے جب وہ وہاں سے ایمان نہ پاسکے تو وہ ایمان کس دُکان سے لائیں گے؟

**سوال نمبر 108: بنی اسرائیل کے ہاں ربّانی اور اَحبار کس کو کہتے تھے؟ (المائدہ آیت 62)**

**جواب:** بنی اسرائیل کے ہاں تارک الدنیا مشائخ کو ربّانی کہا جاتا تھا اور دینی علم رکھنے والے کو حبر یا احبار کہتے تھے۔

**سوال نمبر 109: علماء کی کتنی قسمیں ہیں۔ وضاحت کریں؟**

**جواب:** علماء تین قسم کے ہیں۔ علماء شیطانی، علماء نفسانی، علماء ربانی۔

بدعمل عالم جو لوگوں کو بے دین بنائیں علماء شیطانی ہیں۔

بے عمل ہے۔ بے فیض عالم جن سے کسی کو دینی نفع نہ پہنچے وہ علم کو صرف دُنیا کمانے کا ذریعہ بنائیں وہ نفسانی عالم ہیں۔ باعمل عالم جن سے لوگوں کو دینی فیض پہنچتا رہے جن کی زبان پر فرمانِ ربانی ہو، دل میں فیضان ہو وہ ربانی علماء ہیں، یہی نائب رسول ہیں۔

**سوال نمبر 110: علماء کی شان میں نبی پاکؐ نے کیا فرمایا؟**

**جواب:** میری اُمت کے علماء بنی اسرائیل کے نبیوں کی طرح ہوں گے۔ یہ علماء گویا پارس ہیں ان کی صحبت اکسیر ہے۔

**سوال نمبر 111: زبانی گناہ کون سے ہیں جن سے علمائے یہود کو منع کیا گیا ہے؟ (المائدہ آیت 62)**

**جواب:** زبانی گناہ ہے جیسے جھوٹ بولنا، مسلمانوں کو گالیاں دینا، ان کی غیبتیں کرنا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان اقدس میں بیہودہ بکواس کرنا۔

**سوال نمبر 112: آج کے دور میں ایک عالم کی کیا کیا ذمہ داری ہے؟ (المائدہ آیت 63)**

**جواب:** عالم پر زبانی، قلمی، عملی تبلیغ فرض ہے وہ خود بھی گناہوں سے بچے، نیکیاں کرے اور دوسروں کو بھی اس پر عمل کرائے۔ اگر عالم گناہ دیکھ کر باوجود وقدرت کے منع نہ کرے تو سخت گناہ گار ہے۔ یہ فائدہ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ الخ سے حاصل ہوا۔

**سوال نمبر 113: آیت نمبر 64 کس موقع پر نازل ہوئی؟**

**جواب:** جب آیت کریمہ مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا الخ" کون ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض حسنہ دے کہ وہ اُسے دوگنا کردے"۔ (البقرۃ: ۲۴۵) نازل ہوئی تو بعض یہود نے کہا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ بندھ گئے یعنی وہ فقیر ہوگیا کہ اسے قرض مانگنے کی حاجت پیش آئی۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

**سوال نمبر 114: گھر میں برکت پیدا کرنے کے لئے اور ناچاقی ختم کرنے کا کیا طریقہ ہے؟**

**جواب:** جو شخص اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت داہنا پاؤں دروازہ میں پہلے رکھے، بسم اللہ شریف پڑھ کر داخل ہوا کرے اور گھر والوں کو سلام کیا کرے۔ اگر گھر خالی ہو تو بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ کہہ لیا کرے۔ فجر کی سُنتیں گھر پڑھ کر 70 بار استغفار پڑھ لیا کرے تو ان شاء اللہ گھر میں اتفاق، روزی میں برکت رہے، مجرب ہے۔

**سوال نمبر 115: صوفیاء کے مطابق دُنیا میں کتنی قسم کے لوگ ہیں؟ (المائدہ آیت 66)**

**جواب:** صوفیا فرماتے ہیں کہ دُنیا میں انسان دو قسم کے ہیں۔ عاقل، جاہل۔

☆ عاقل رب کی نعمت پا کر شاکر بن جاتا ہے، وہ سمجھتا ہے کہ یہ نعمت میرے کمال سے نہیں عطاء ذوالجلال سے ہے اور مصیبت پر صابر ہو جاتا ہے وہ یقین کرتا ہے کہ مجھ سے کچھ گناہ ہوئے ہیں اس لئے یہ آفت آئی۔

سوال نمبر 101: آیت نمبر 54، المائدہ کس کے متعلق نازل ہوئی اور کیا وجہ تھی؟

جواب: یہ آیت کریمہ حضرت ابوبکر صدیقؓ اوران کے ساتھیوں کے متعلق نازل ہوئی جنہوں نے اپنی خلافت کے زمانہ میں مرتدین پر بہت جہاد فرمائے۔ مسیلمہ نے دعوئ نبوت کیا، عہد صدیقی میں اس سے بہت بڑا معرکہ جہاد ہوا جسے جنگ یمامہ کہتے ہیں۔ اس جنگ میں حضرت وحشیؓ کے ہاتھوں مسیلمہ دوزخ رسید ہوا۔

سوال نمبر 102: مرتدین سے جہاد کرنے والوں کی کیا صفات بتائی گئی ہیں؟

جواب: ان میں حسب ذیل چھ صفات ہوں گی۔

(۱) اللہ تعالیٰ ان سے خصوصی محبت کرتا ہے، دائمی کرتا ہے، وہ سب خدا کے محبوب بندے ہیں۔

(۲) وہ بھی اللہ تعالیٰ سے دل وجان سے دائمی محبت کرتے ہیں کہ اپنے نفس کے لئے کچھ نہیں کرتے جو کرتے ہیں رضائے الٰہی کے لئے کرتے ہیں۔

(۳) مسلمانوں پر بہت نرم کہ کسی مسلمان کا دل نہیں دکھنے دیتے۔

(۴) کافروں پر نہایت سخت کہ ان کی پروا نہیں کرتے۔ ان کے دل میں کسی کافر کی ہیبت نہیں آتی۔

(۵) یہ محبوب بارگاہ ربوبیت، مرتدین پر فی سبیل اللہ جہاد کریں۔ ان کی شان وشوکت کو ختم کردیں گے۔

(۶) اس جہاد کے متعلق کسی مخالف کی مخالفت اپنے پرایوں کی ملامت سے نہ ڈریں گے۔

سوال نمبر 103: آیت نمبر 55 اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وَھُمْ رٰکِعُوْنَ کس موقع پر نازل ہوئی؟

جواب: حضرت جابر ابن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ ایک بار حضرت عبداللہ ابن سلامؓ بارگاہ نبوت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے مسلمان ہوجانے کی وجہ سے ہماری یہودی قوم بنی قریظہ اور بنی نضیر نے ہم کو چھوڑ دیا اور آپس میں قسمیں کھالیں کہ ہمارے ساتھ نشست وبرخاست اور میل ملاپ نہ کریں گے۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ جس میں ارشاد فرمایا کہ اب تمہارے دوست اللہ، رسول اور سارے مومنین ہیں۔

سوال نمبر 104: کیا اہل کتاب اور کفار جو دین اسلام کا مذاق اڑائیں۔ ان کو دوست بنانا جائز ہے؟ (المائدہ آیت 57)

جواب: ارشاد خدا ہے "اے مسلمانو! تم یہود ونصاریٰ وغیرہ اہل کتاب، ان کے علاوہ اور کفار کو اپنا دوست نہ بناؤ، انہیں یار نہ سمجھو، یہ تو وہ ہیں جو تمہارے دین اسلام کا مذاق اڑاتے، ٹھٹھا کرتے ہیں۔ جو تمہارے دین کے دشمن ہیں وہ تمہارے دوست کیسے ہوسکتے ہیں؟ اگر تم سچے پکے مومن ہو تو اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ قولاً، اعتقاداً، عملاً ہر طرح متقی رہو، متقی مرد کا تقویٰ ایمان کا زیور ہے۔

سوال نمبر 105: اذان کی کیا اہمیت ہے؟ (المائدہ آیت 58)

جواب: تمام دینوں کے اعلانات سے اسلامی اذان ہر طرح نہایت اعلیٰ و بالا ہے۔ مشرکین کے سنکھ، عیسائیوں کے گھنٹے، یہودیوں کے ناقوس کی بے معنی آوازوں سے اسلامی اذان کی آوازیں کہیں اعلیٰ وافضل ہیں کہ ان میں اللہ تعالیٰ کی حمد، نبی کی نبوت کا اعلان بھی ہے۔ نماز کا بلاوہ بھی، نماز کے فوائد کا اعلان بھی ہے جس سے نماز کی ترغیب ہوتی ہے۔ ایسی پیاری چیز کا جو قوم مذاق اُڑائے وہ تمہاری دوست کب ہوسکتی ہے۔

سوال نمبر 106: جب یہود نے اسلام کو شر اور مسلمانوں کو شریر کہا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے کتنے عیب بتائے؟

جواب: یہود نے اسلام کو شر اور مسلمانوں کو شریر کہا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے پانچ عیوب گنوائے۔

(۱) ان کا لعنتی ہونا۔

(۲) غضب وقہر کا مستحق ہونا۔

(۳) ان کا بندر وسُؤر ہونا۔

(۴) ان کا بت پرست ہونا وغیرہ۔

(۵) اُن کا منافقانہ طرزِ عمل پر قائم ہونا۔

آیات 46-47)

**جواب:** حضرت عیسیٰ کی چار صفات بیان فرمائیں۔

(۱) ان کا انبیاء بنی اسرائیل کے بعد آنا، ابن مریم ہونا۔

(۲) تورات کی تصدیق کرنا (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بشارت دینا، پرہیزگاروں کو نصیحت فرمانا۔ چونکہ نبی کی معرفت کتاب کی معرفت سے پہلے ہے اور نبی کی عظمت سے کتاب کی عظمت کا ظہور ہے)۔

(۴) صاحب انجیل ہونا۔

**سوال نمبر 97: انجیل شریف کی کون سی پانچ صفات بتائی گئی ہیں؟ (المائدہ آیات 46-47)**

**جواب:** انجیل شریف کی پانچ صفات بیان فرمائیں اس میں ہدایت ہونا،

☆ نور ہونا۔

☆ تورات کی تصدیق کرنا۔

☆ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بشارت دینا۔

☆ پرہیزگاروں کو نصیحت فرمانا۔

☆ چونکہ نبی کی معرفت کتاب کی معرفت سے پہلے ہے اور نبی کی عظمت سے کتاب کی عظمت کا ظہور ہے اس لئے پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی صفات بیان ہوئیں بعد میں انجیل کے اوصاف کا ذکر ہے۔

**سوال نمبر 98: شریعت اور منہاج میں کیا فرق ہے؟ وضاحت کریں؟ (المائدہ آیت 48)**

**جواب:** اصطلاح میں کھلے راستہ کو شرعہ کہا جاتا ہے جس پر بہ آسانی چل سکیں اس سے ہی شارع عام ہے یعنی جرنیلی سڑک، دین کے واضح و کھلے احکام کو شریعت کہتے ہیں کیونکہ ہر شخص اس پر بہ آسانی چل کر اللہ تعالیٰ تک پہنچ سکتا ہے۔ یہی آخری معنی یہاں مراد ہیں یعنی خدائی رب کا کھلا راستہ، منہاج بنا ہے نہج سے بمعنی فراخی وچوڑائی، اصطلاح میں چوڑے راستہ کو منہاج کہا جاتا ہے۔ شریعت اور منہاج یا تو ایک ہی معنی میں ہیں تکرار تاکید کے لئے ہے یا اللہ تعالیٰ تک پہنچانے والا راستہ شریعت ہے اور شریعت تک پہنچانے والے راستہ منہاج۔

**سوال نمبر 99: آیت 55 المائدہ میں ایمان والوں کو کس بات سے منع فرمایا اور اس کی کیا سزا ہے؟**

**جواب:** ترجمہ آیت نمبر 53 "اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ۔ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں سے جو کوئی ان سے دوستی رکھے تو وہ انہیں میں سے ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ بے انصافوں کو راہ نہیں دیتا"۔

اس آیت کریمہ میں چار باتیں ارشاد ہوئیں۔

(۱) یہود و نصاریٰ کی دوستی سے ممانعت۔

(۲) اس ممانعت کی حکمت بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ۔

(۳) اس محبت کی دو سزائیں ایک دُنیاوی فَإِنَّهُ مِنْهُمْ۔

(۴) دوسری اُخروی لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ۔

**سوال نمبر 100: آیات 52-53 میں منافقین سے متعلق کون سی چار باتوں کا تذکرہ ہے؟**

**جواب:** ترجمہ" اب تم انہیں دیکھو گے جن کے دلوں میں آزار ہے کہ یہود و نصاریٰ کی طرف دوڑتے ہیں کہتے ہیں ہم ڈرتے ہیں کہ ہم پر کوئی گردش آجاوے تو نزدیک ہے اللہ تعالیٰ فتح لادے یا اپنی طرف سے کوئی حکم پھر اس پر جو اپنے دل میں چھپایا تھا پچھتاتے رہ جائیں۔ (المائدہ آیت 52)

ان آیات کریمہ میں چار باتیں بیان فرمائی گئی ہیں۔ ایک تو منافقین کا دلی بیماری نفاق میں مبتلا ہونا۔ دوسرے ان کا یہود و نصاریٰ سے گھلا ملا ہونا۔ ان کے جسموں کا مسلمانوں کے ساتھ رہنا۔ تیسرے ان کی معذرت کا بیان کہ ہم کفار سے کیوں ملتے ہیں۔ چوتھے ان کے عذر کی تردید فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ میں پہلی بات کا ذکر ہے يُسَارِعُوْنَ میں دوسری بات کا۔ يَقُوْلُوْنَ الخ میں تیسری چیز کا۔ فَعَسَى اللّٰهُ میں چوتھی چیز کا ذکر ہے۔

قرظی کو مار دیتا تو وہ ایک دیت بلکہ اس سے بھی کم ادا کرتا تھا۔ ان کا یہ ظالمانہ رواج عرصہ سے چلا آ رہا تھا۔

**سوال نمبر 90: یہود مدینہ کی کون کون سی بُرائیاں ارشاد فرمائیں گئیں؟ (المائدہ آیات 41-42)**

**جواب:** ان یہود کی حرکتیں یہ ہیں کہ آپ کا کلام فیض ترجمان نہیں سُنتے۔

☆ اپنے پوپ پادریوں کے جھوٹ کو سُنتے ہیں۔

☆ حرام خوری، سود، رشوت، چوری ان کا محبوب مشغلہ ہے۔

☆ یا ان کے پوپ پادریوں کا یہ حال ہے کہ اگر ان کے پاس مقدمہ پیش ہو تو جھوٹے امیر کی سُنیں گے۔

☆ سچے غریب کی نہ سُنیں گے۔

☆ رشوت کھاتے ہیں پھر یہ آپ سے ہدایت کیسے لیں گے۔

**سوال نمبر 91: وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ O**

" اور وہ آپ کے کیسے حاکم (فیصل) بناتے ہیں اور حالانکہ اُن کے پیش تورات مقدس ہے"۔ التورۃ آیت کریمہ 43 المائدہ کن یہودیوں کے متعلق نازل ہوئی اور کیوں؟

**جواب:** یہود خیبر کے بارے میں نازل ہوئی جو تورات کے ہوتے ہوئے بھی آپ سے فیصلہ کروانے آئے جب کہ تورات کا فیصلہ اور نبی پاک ﷺ کا فیصلہ ایک ہی تھا جو انہوں نے پھر بھی نہ مانا۔

**سوال نمبر 92: اس آیت میں تورات شریف کی کون سی چھ صفات بیان کی گئی ہیں؟ (المائدہ آیت 44)**

**جواب:** اس آیت میں تورات شریف کی چھ صفات بیان ہوئی ہیں۔

☆ اس کا مُنَزَّلٌ مِنَ اللّٰہ ہونا۔

☆ اس میں ہدایت اور نور ہونا۔

☆ اس پر انبیاء، اولیاء، علماء کا عمل ہونا۔

☆ اس کی حفاظت انبیاء، اولیاء، علماء کے ذمہ ہونا۔

**سوال نمبر 93: تورات کی اتنی صفات کے باوجود پھر بھی قرآن پاک پر ہی عمل کیوں ضروری ہے؟ (المائدہ آیت 44)**

**جواب:** نزول تورات کے وقت اس میں ہدایت و نور دونوں تھے۔ منسوخ ہونے کے بعد اب ہدایت ناسخ کتاب میں ہے نہ اس میں۔ رات میں تارے ہادی بھی ہوتے، نورانی بھی مگر دن میں نہ ہدایت رہتے ہیں نہ نورانی۔ اب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد اگر کوئی صحیح تورات پر عمل بھی کرے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ مانے تو کافر ہوگا۔ آج اگر موسیٰ علیہ السلام بھی ہوتے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کرتے۔ یہ مطلب ہے کہ اب تورات کی ان آیات میں ہدایت و نور ہے جن میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بشارت ہے۔ ان کی اتباع کا حکم ہے کہ وہ آیات منسوخ نہیں ہوئیں۔ عقائد، بشارتیں اور قصے والی آیات منسوخ نہیں ہوا کرتیں۔

**سوال نمبر 94: یہودیوں میں قصاص کے کیا قوانین رواج پا گئے تھے۔ جن کی تردید کی گئی؟ (المائدہ آیات 45)**

**جواب:** سیدنا عبداللہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہود میں رواج ہو گیا تھا کہ اگر عورت کو مرد قتل کردے تو قاتل کو قتل نہ کرتے تھے۔ اس کے اس عمل بد کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں فرمایا گیا کہ تورات میں تو جان کا بدلہ جان قرار دیا گیا تھا یہ مرد و عورت کا فرق ان یہود کی تحریف ہے۔ (تفسیر مدارک) بلکہ اُنہوں نے ادنیٰ اعلیٰ شریف ورذیل قوموں کے خون میں بھی یہی اندھیر اکر رکھا تھا حتیٰ کہ بنی نضیر کو اعلیٰ مانتے تھے بنی قریظہ کو ادنیٰ اگر کوئی نضیری کسی قرظی کو قتل کر دیتا تو قاتل کو ہرگز قتل نہ کرتے تھے بلکہ اس کی دیت بھی آدھی دلواتے تھے (تفسیر خازن، کبیر، روح المعانی وغیرہ) وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ O

**سوال نمبر 95: جان کے بدلے جان کے علاوہ قرآن پاک نے کون کون سے اعضاء کا قصاص لینے کا حکم دیا ہے؟**

**جواب:** چار: آنکھ، ناک، کان، دانت

**سوال نمبر 96: حضرت عیسیٰ کی کون کون سی صفات بتائی گئی ہیں؟ (المائدہ**

3۔ فلاح وکامیابی کا وعدہ فرمایا۔ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ O

**سوال نمبر 81: رب تک رسائی بوسیلہ انبیاء و اولیاء ہے۔ مختصراً بیان کریں؟**

**جواب:** (۱) حضورؐ کی ولادت پاک سے پہلے حضورؐ کے وسیلہ سے بنی اسرائیلیوں کا جنگوں میں فتح مانگنا۔

(۲) مقبول بندوں کی حیات شریفہ میں ان کا وسیلہ اختیار کرنا۔ جیسے بنی اسرائیل سے حضرت موسیٰ سے پانی مانگا۔

(۳) بزرگوں کی وفات کے بعد ان کا وسیلہ پکڑنا۔ جیسے صحابہؓ نے بارش کی دُعا کی۔

(۴) بزرگوں کے تبرکات سے وسیلہ پکڑنا۔ جیسے حضرت یوسف کے کرتے سے یعقوبؑ کی بینائی دُرست ہوگئی۔

حضرت خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کی مدد سے یتیم بچوں کی گرتی ہوئی دیوار بنائی اور وجہ بیان کی۔ وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا (الکہف:۸۲) ''ان بچوں کا باپ نیک تھا''۔ اس لئے ان پر رب کا یہ کرم ہوا کہ ان کی گرتی ہوئی دیوار ان دو مقبولوں کے ذریعہ بنا دی گئی۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے فرمایا: اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِىْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِىْ يَاْتِ بَصِيْرًا (یوسف:۹۳) ''میری یہ قمیض لے جاؤ اور ابا جان کے چہرہ پر ڈال دو وہ انکھیارے ہو جائیں گے۔ یہ ہے زندہ نبی کے تبرکات کا وسیلہ۔

بنی اسرائیل کو حکم ہوا کہ تم تابوت سکینہ کو جہاد میں اپنے ساتھ رکھو فتح پاؤ گے۔

حضرت کبشہؓ نے اپنے مشکیزہ کا منہ کاٹ کر رکھ لیا تھا جس سے منہ لگا کر حضورؐ نے پانی پیا تھا۔ مدینہ کے بیماروں کو یہ چمڑا کا ٹکڑا دھو کر پلاتی تھی، انہیں شفاء ہوتی تھی۔

**سوال نمبر 82: چوری کی کیا تعریف ہے؟**

**جواب:** محفوظ مال محفوظ جگہ سے چھپ کر لے لینا شریعت میں چوری کہلاتا ہے۔ محفوظ مال وہ ہے جس کا لینا اسے جائز نہ ہو۔ محفوظ جگہ وہ ہے جہاں جانا اسے جائز نہ ہو۔

**سوال نمبر 83: چوری کا نصاب کیا ہے؟ یا کتنے رقم کی چوری پر سزا ہے؟**

**جواب:** چوری کے نصاب میں آئمہ دین کا بڑا اختلاف ہے۔ ہمارے امام اعظمؒ کے ہاں دس درہم یعنی پونے تین روپیہ کی قیمت کا مال چوری کا نصاب ہے کہ اس سے کم کی چوری پر ہاتھ نہ کٹے گا۔

**سوال نمبر 84: چوری کی سزا کے لئے کتنے گواہوں کی ضرورت ہے؟ (المائدہ، آیات 36-40)**

**جواب:** چوری کا ثبوت دو مردوں کی گواہی سے ہوگا یا چور کے دوبار چوری کا اقرار کر لینے سے ہوگا۔ صرف مال برآمد ہونا کافی نہیں۔ یہاں ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی کافی نہیں۔

**سوال نمبر 85: نماز میں چوری کیا ہے؟**

**جواب:** حدیث شریف میں ہے کہ بدترین چور وہ ہے جو اپنی نماز میں چوری کرے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! نماز میں چوری کیسے ہوتی ہے؟ فرمایا کہ نماز میں رکوع وسجدہ پورا نہ کرنا نماز کی چوری ہے۔

**سوال نمبر 86: قرآن پاک میں یٰاَیُّهَا الرَّسُوْلُ کتنی بار آیا ہے؟**

**جواب:** دوبار۔ سورۃ المائدہ، آیت نمبر 41 اور 67

**سوال نمبر 87: علمائے یہود جو ایمان کی دولت سے محروم رہے وہ کون کون تھے؟**

**جواب:** کعب بن اشرف، کعب ابن اسد، سعید ابن عمرو اور مالک ابن صیف۔

**سوال نمبر 88: مدینہ میں یہود کے کتنے قبیلے آباد تھے؟ نیز ان کے کیا نام تھے؟**

**جواب:** تین۔ بنو نضیر، بنو قریظہ، بنو قینقاع (المائدہ، آیات 41-42)

**سوال نمبر 89: یہود مدینہ میں قصاص کا رواج کیا تھا؟**

**جواب:** بنی نضیر اونچے مانے جاتے تھے اور بنی قریظہ نیچے اس اونچ نیچ کے نتیجہ کے طور پر ان کا طریقہ یہ تھا کہ اگر بنی قریظہ کا کوئی شخص کسی نضیری کو مار دیتا تو وہ اس مقتول کے وارثوں کو ڈبل دیت (خون بہا) دیتا اور اگر کوئی نضیری کسی

(۳) کوئی نابینا کنوئیں میں گر رہا تھا اسے گرنے سے بچالیا۔

(۴) کوئی شخص خودکشی کررہا تھا اسے سمجھا بجھا کر اس حرکت سے باز رکھا۔

(۵) کوئی شخص قتل ہونے والی حرکت کرنا چاہتا تھا۔ قتل یا نا۔ اسے اس حرکت سے باز رکھا جس سے اس کی جان بچ گئی۔

(۶) کسی بچی کو ظالم ماں زندہ دفن کرنا چاہتی تھی اسے اس حرکت سے روک لیا بلکہ بچی کو اپنی پرورش میں لے لیا اور دفن نہ ہونے دیا۔

(۷) کسی پر شیر یا سانپ حملہ کررہا تھا اُسے اس سے بچالیا۔

(۸) کسی گھر میں آگ لگ گئی یا کسی بستی میں پانی کا طوفان آگیا۔ زلزلہ آگیا۔ اس نے وہاں کے آدمی کو جلنے یا ڈوبنے یا مرنے سے بچالیا وغیرہ۔

**سوال نمبر 77: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں گذشتہ انبیاء کرام کی تعلیمات کا تذکرہ کس کس مقصد کے تحت کیا ہے؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں گذشتہ کتب اور گذشتہ نبیوں کی بعض تعلیمات کا ذکر فرمایا اس کے تین مقاصد ہیں۔ کبھی ان تعلیمات پر مسلمانوں سے عمل کرانا مقصود ہوتا ہے جیسے قصاص کے احکام زبور شریف سے نقل فرمائے۔ اِنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ الخ (المائدہ، آیت )

کبھی صرف بنی اسرائیل کی سرکشی بیان فرمانے کے لئے نقل فرمائے جاتے ہیں۔ ہمارے لئے قابل عمل نہیں۔ لَا تَعْدُوْا فِی السَّبْتِ (النساء آیت 154) ہفتہ کے دن شکار نہ کرو اور اس کی مخالفت پر عذاب آجانے کا ذکر فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ (البقرۃ:۶۵)

کبھی یہ دونوں مقصود ہوتے ہیں۔ ہم سے عمل کرانا، اسرائیلیوں کی سرکشی کا ذکر فرمانا کہ ہم بھی اس سے پرہیز کریں۔ جیسے نماز، زکوٰۃ، روزہ وغیرہ کا التزام اور سودخوری سے پرہیز وغیرہ۔

**سوال نمبر 78: اسلام میں دہشت گردی کی کیا سزا ہے؟ (المائدہ، آیات 33-34)**

**جواب:** جو لوگ اللہ کے رسول سے جنگ کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں، اس کے دوستوں کو ستاتے ڈراتے ہیں اس طرح کہ اللہ تعالیٰ کی زمین میں فساد پھیلاتے پھرتے ہیں۔ راستے بند کرتے ہیں۔ ڈکیتی پر کمر بستہ رہتے ہیں۔ ان کی سزا یہ ہے کہ اگر وہ صرف قتل کریں مال نہ لوٹیں تو ان سب کو ضرور قتل کردیا جائے۔ کسی طرح معافی نہ دی جائے اور اگر قتل بھی کریں مال بھی لوٹیں تو ان کو سولی پر لٹکا دیا جائے۔ اس طرح کہ ان زندہ کو اونچے درخت اونچی میخ پر بازار میں لٹکا دیا جائے، ان کا پیٹ پھاڑ دیا جائے پھر یونہی لٹکا رکھا جاوے حتیٰ کہ سوکھ جاوے یا بگڑنے کا اندیشہ ہوجائے اور اگر صرف مال ہی لوٹیں کسی کو قتل نہ کریں تو ان کے دو طرفہ ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں کہ داہنا ہاتھ، بایاں پاؤں کاٹا جائے اور اگر انہوں نے مسلمانوں کو صرف ڈرایا دھمکایا مگر نہ کسی کو قتل کیا نہ کسی کا مال لوٹا تو انہیں ان کے گھر بار سے نکال دیا جائے۔ اس طرح کہ انہیں جیل میں ڈال دیا جائے حتیٰ کہ صحیح توبہ کریں۔ یہ تو ان کی دنیاوی سزائیں ہیں۔ اخروی سزا اس کے علاوہ ہے۔

**سوال نمبر 79: ڈاکو کی کتنی قسمیں ہیں اور ان کی کتنی سزائیں ہیں؟ (المائدہ، آیات 33-34)**

**جواب:** ڈاکو چار قسم کے ہیں اور ان کی سزائیں بھی چار طرح کی ہیں۔

☆ صرف قتل کردینے والے، ان کی سزا قتل ہے۔

☆ قتل کرکے لوٹنے والے، ان کی سزا سولی ہے۔

☆ صرف مال لوٹنے والے ان کی سزا داہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں کاٹنا ہے۔

☆ صرف دہشت پھیلا دینے والے، راستہ بند کردینے والے ڈاکو جو قتل یا لوٹ مار کریں ان کی سزا صرف قید ہے۔

**سوال نمبر 80: آیت نمبر 35 میں مسلمانوں کو کامیابی پانے کے لئے کتنے حکم دیئے گئے ہیں؟ (المائدہ، آیت 35)**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں مسلمانوں کو تین چیزوں کا حکم دیا ہے اور ان تین چیزوں کا ایک نتیجہ ارشاد فرمایا۔

1۔ تقویٰ، وسیلہ کی تلاش۔ وَابْتَغُوْا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ O

2۔ مجاہدہ کا حکم دیا۔ وَجَاهِدُوْا فِیْ سَبِيْلِهٖ O

**سوال نمبر 69: عمل قبول ہونے کی کیا شرطیں ہیں؟**

**جواب:** عمل قبول ہونے کی دو شرطیں ہیں عمل کا اچھا ہونا۔ عامل کا متقی ہونا۔ تقویٰ دل، تقویٰ جسمانی نفی واثبات کا مجموعہ ہے یعنی ممنوع کاموں سے بچنا، اچھے کام کرنا، تقویٰ ولی ہے اللہ تعالیٰ کی مقبول چیزوں کی تعریف کرنا۔

**سوال نمبر 70: دُنیا میں عموماً جھگڑے کی کیا بنیادیں ہوتی ہیں؟ (المائدہ آیات 27-28)**

**جواب:** دُنیا میں پہلا قتل ایک عورت کی وجہ سے ہوا۔ جھگڑے کی بنیادیں تین ہیں۔ زن (عورت)، زر (دولت، پیسہ)، زمین جن میں زن بڑی بنیاد ہے اس لئے شریعت میں عورت پر پردہ وغیرہ کی پابندی لگائی ہے۔ آگ محدود رہتے مفید ہے۔ حد سے باہر آئے تو ہلاکت ہے۔

**سوال نمبر 71: قابیل نے ہابیل کو کس طرح قتل کیا؟ (المائدہ آیات 30-31)**

**جواب:** ایک دن ہابیل اپنے جانور کسی پہاڑی پر چرا رہے تھے۔ دوپہر میں کسی سایہ دار درخت میں سوگئے۔ قابیل نے بڑا وزنی پتھر ان کے سر پر مارا جس سے ان کا سر کچلا گیا اور وہ فوت ہوگئے۔ (تفسیر خازن، رُوح وغیرہ) منگل کا دن تھا اور حضرت آدم علیہ السلام بیت اللہ تشریف لے گئے ہوئے تھے۔

**سوال نمبر 72: قتل ہابیل کے وقت دُنیا کے نظام میں کیا کیا تبدیلیاں آئیں؟ (المائدہ آیات 30-31)**

**جواب:** اس قتل کے وقت حضرت آدم علیہ السلام کعبۃ اللہ کے حج میں تھے۔ آپ نے وہاں ہی دیکھا کہ بعض درخت خاردار ہوگئے پہلے کسی درخت میں کانٹے نہ ہوتے تھے۔ بعض درختوں کے پھل کھٹے بعض کے پھیکے۔ پہلے سب کے میٹھے ہوتے تھے۔ زمین کا رنگ گندمی ہوگیا۔ پہلے اس مٹی کا رنگ یہ نہ تھا۔ (تفسیر صاوی وروح البیان) اسی وقت آپ سمجھ گئے کہ آج کوئی بڑا حادثہ ہوا ہے۔

**سوال نمبر 73: قتل ہابیل کہاں رونما ہوا؟ ہابیل کی عمر کتنی تھی؟ (المائدہ آیات 30-31)**

**جواب:** اس میں اختلاف یہ ہے کہ یہ قتل کہاں واقع ہوا؟ بعض نے فرمایا کہ بصرہ میں ہوا۔ بعض نے فرمایا کہ زمین ہند میں بلکہ بعض نے کہا کہ خود مکہ معظمہ میں غار حرا کے پیچھے ہوا اور اس وقت حضرت آدم علیہ السلام طواف کعبہ کر رہے تھے۔ اس وقت ہابیل کی عمر بیس یا پچیس سال تھی۔ (رُوح البیان وخازن)

**سوال نمبر 74: حضرت آدم علیہ السلام کو قتل ہابیل کا کیسے پتا چلا؟ (المائدہ آیات 30-31)**

**جواب:** قتل کا یہ واقع ہوتے ہی قابیل کا رنگ سیاہ ہوگیا پہلے سفید تھے۔ دل نہایت سخت ہوگیا۔ جب حضرت آدم علیہ السلام گھر آئے تو قابیل سے پوچھا کہ ہابیل کہاں ہے؟ بولا کہ میں ہابیل کا محافظ نہ تھا۔ مجھے خبر نہیں کہ وہ کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا مجھے معلوم ہوتا ہے کہ تو نے اسے قتل کردیا ہے ورنہ تو پہلے گورا تھا۔ اب کالا کیوں ہوگیا۔ پہلے زمین خون ایسے ہی چوس لیتی تھی جیسے آج پانی کو چوس لیتی ہے۔ آپ کی اس وقت کی دُعا سے زمین نے خون چوسنا جذب کرنا چھوڑ دیا تاکہ آئندہ قتل کا سراغ خون سے لگ سکے۔ آپ کو قتل ہابیل سے بہت صدمہ ہوا۔

**سوال نمبر 75: حضرت آدم علیہ السلام کے خلیفہ کون تھے۔ وہ کب پیدا ہوئے؟**

**جواب:** قتل ہابیل کے پچاس سال بعد حضرت شیث علیہ السلام اکیلے پیدا ہوئے اور آپ ہی حضرت آدم علیہ السلام کے خلیفہ اور نبی برحق ہوئے۔ آپ اول سے عابد، زاہد، شب زندہ دار تھے۔ (عام تفاسیر و رُوح البیان وغیرہ)

**سوال نمبر 76: کسی کو زندہ کرنے کی کون کون سی صورتیں ہیں۔ (المائدہ آیت 32)**

**جواب:** کسی کو زندہ کرنے کی بہت سی صورتیں ہیں۔

(۱) کوئی شخص بھوک یا پیاس سے مر رہا تھا اسے کھلا پلا کر موت سے بچا لیا۔

(۲) کوئی شخص ظلماً قتل ہو رہا تھا اسے قاتل ظالم سے چھڑا لیا۔

یہودیوں کو اب تک حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کوئی اُلفت نہیں۔ یہ لوگ ان جناب سے دُوری ہیں۔ اُمت مصطفوی اپنے نبی پر آج بھی فدا ہے۔ حضورؐ کے ہاں اُمت کے میلے لگے ہیں۔ دُنیا کھینچ کر وہاں پہنچتی ہے جو نہ پہنچیں وہ فراق میں روتے ہیں۔ مگر حضرت موسیٰ علیہ السلام فلسطین میں یہودیوں سے صرف بارہ میل پر ہیں لیکن یہ بدنصیب وہاں قطعاً نہیں جاتے۔ یہ ہے اس بددُعا کا ظہور۔

**سوال نمبر 62: میدان تیہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔ نیز یہود کا قیام وہاں کتنا عرصہ تھا؟**

**جواب:** ارض سے مُراد زمین شام و مصر کے درمیان ایک وسیع علاقہ ہے جسے علاقہ تیہ کہتے ہیں جہاں بنی اسرائیل چالیس سال کے لئے قید کر دیے گئے تھے۔ اس میدان کی پیمائش میں اختلاف ہے۔ غالباً یہ نو کوس چوڑا اور تیس میل لمبا ہے۔ یہ بنی اسرائیل چھ لاکھ تھے۔ (تفسیر کبیر وغیرہ)

**سوال نمبر 63: قیام تیہ میں بنی اسرائیلیوں پر کیا کیا انعامات ہوئے؟**

**جواب:** اس عرصہ میں ان کی غذا کے لئے ان پر من و سلویٰ اُتارا گیا۔ من میٹھا حلوہ تھا اور سلویٰ نمکین کباب جو روزانہ ان کو قدرتی طور پر مل جاتے تھے۔ ایک پتھر سے بارہ چشمے پانی کے جاری کر دیے گئے جس پر یہ پانی پئیں، نہائیں۔ اس دوران میں ان کے کپڑے نہ پھٹے، نہ میلے ہوئے۔ جو بچہ ان کے پیدا ہوتا اس پر قدرتی ناخن کا لباس ہوتا جو اس کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ بڑھتا جاتا تھا۔ رات کو روشنی کے لئے ایک ستون نمودار ہوتا تھا جو اس میدان میں بجلی کی ٹیوب کا کام دیتا تھا۔ دن کو ہلکا بادل ان پر سایہ کرتا تھا۔ (رُوح المعانی والبیان وکبیر وخازن وغیرہ)

**سوال نمبر 64: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے متعلق مختصراً بتایئے؟ (المائدہ آیت)**

**جواب:** جب آپ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے دُعا کی کہ مولیٰ مجھے بیت المقدس سے قریب کر دے تاکہ میں اس زمین پاک میں دفن ہوؤں۔ چنانچہ رب تعالیٰ نے آپ کو اس زمین پاک سے قریب فرمادیا۔ حضورؐ فرماتے ہیں کہ اگر میں وہاں ہوتا تو تم کو موسیٰ علیہ السلام کی قبر دکھاتا۔ لب سڑک ہے۔ ایک سُرخ ٹیلے کے پاس ہے۔ یعنی مقدس سے ایک پتھر پھینکنے کی بقدر دُور ہے۔ آپ کی عمر شریف ایک سوبیس سال ہوئی۔ (خازن)

**سوال نمبر 65: حضرت یوشع بن نون نے بیت المقدس کیسے فتح کیا؟ نیز ان کی وفات کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** یوشع علیہ السلام آپ کے خلیفہ اور نبی بنے۔ اُنہوں نے بیت المقدس فتح کیا۔ جب حملہ کیا تو جمعہ کا دن تھا۔ سورج ڈوبنے لگا اگر ڈوب جاتا تو ہفتہ کی رات آجاتی۔ اس دین میں ہفتے کے دن جنگ حرام تھی تو جہاد حرام ہوجاتا۔ دُشمن ایک دن کی مہلت پا کر پھر تیاری کر لیتا۔ اس لئے آپ نے سورج سے کہا کہ تو بھی مامور ہے، میں بھی مامور ہوں، ذرا ٹھہر جا مجھے فتح کر لینے دو پھر ڈوبنا۔ چنانچہ سورج ٹھہر گیا۔ جب آپ نے بیت المقدس فتح فرمالیا تب سورج ڈوبا۔ جب یوشع علیہ السلام کی وفات ہوئی اور آپ کو افرائیم پہاڑ میں دفن کیا گیا۔ آپ کی عمر ایک سو چھبیس سال ہوئی۔ آپ موسیٰ علیہ السلام کے بعد ستائیس سال زندہ رہے۔ (تفسیر خازن)

**سوال نمبر 66: حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹے جو آپس میں لڑے۔ ان کے نام کیا تھے؟ نیز ان کی وجہ نزاع کیا تھی؟ (المائدہ آیت 27)**

ہابیل اور قابیل۔ اقلیما جو ہابیل کے لئے جائز تھی لیکن قابیل جس کے لئے اس سے نکاح جائز نہ تھا وہ کرنا چاہتا تھا۔ نیز قربانی دی گئی جو کہ ہابیل کی قبول ہوئی جس پر حسد میں آکر قابیل نے ہابیل کو قتل کر دیا۔

**سوال نمبر 67: حضرت آدم علیہ السلام کی زندگی میں ان کی کتنی اولاد ہو چکی تھی؟**

**جواب:** چالیس ہزار انسان بیٹے، پوتے، نواسے سب ملا کر۔

**سوال نمبر 68: دور آدم میں قربانی کیسے قبول ہوتی تھی؟ (المائدہ آیت 27)**

**جواب:** اس زمانہ میں قربانی قبول ہونے کی علامت یہ تھی کہ سفید رنگ کی غیبی آگ آسمان سے آتی اور قربانی کی چیز کو جلا جاتی تھی۔ مردود قربانی پر آگ نہ آتی تھی، نہ جلاتی تھی وہ یونہی پڑی رہتی تھی۔

☆ پہلی نعمت نبوت ہے۔

☆ بنی اسرائیل میں بہت زیادہ نبی تشریف لائے۔ کسی قوم کسی قبیلہ میں اتنے نبی نہ آئے جتنے بنی اسرائیل میں۔

☆ وَجَعَلَكُمْ مُلُوْكًا یعنی بنی اسرائیل کو سلطنت عطا ہوا جیسے بنی اسرائیل میں نبی بہت آئے ایسے ہی ان میں سلاطین وبادشاہ بہت ہوئے۔ حتیٰ کہ بعض وہ ہستیاں بھی ہیں جو نبی بھی ہیں سلطان وبادشاہ بھی جیسے یوسف علیہ السلام اور داؤد علیہ السلام سلیمان علیہ السلام۔

☆ "وَاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ"۔ یہ بنی اسرائیل کی تیسری خصوصی نعمت کا ذکر ہے۔ اٰتیٰ کا فاعل رب تعالیٰ ہے۔ اس سے مُراد دریا کا چیرنا فرعون کو ہلاک کرنا، پتھر سے پانی کے چشمے جاری فرمانا، ان پر من وسلویٰ اُتارنا، بادل سے ان پر سایہ کرنا وغیرہ ہے۔

**سوال نمبر 56: ارض مقدس سے کون سی سرزمین مراد ہے۔ نیز اس کو پاک زمین کیوں کہا جاتا ہے؟ (المائدہ آیت 21)**

**جواب:** ارض مقدسہ کے معنی ہیں صاف کی ہوئی زمین کہ وہ جگہ وبائی بیماریوں، قحط، بھوک آفات سے صاف کردی گئی ہے کہ وہاں یہ بلائیں نہیں آتیں یا پاک دستھری کی ہوئی زمین جسے اللہ تعالیٰ نے شرک وکفر سے پاک فرمادیا کیونکہ وہ حضرات انبیاء کرام کی قیام گاہ ہے۔ قوم جبارین کا وہاں تسلط عارضی ہے جس سے اس کی اصلی پاکی وبزرگی میں فرق نہیں پڑتا۔ اس سے مراد زمین بیت المقدس ہے۔ جیسا کہ حضرت ابن عباسؓ امام سدی اور ابن زید نے فرمایا۔

**سوال نمبر 57: اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کو یاد کرنا کیسا ہے؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی نئی و پرانی نعمتیں یاد کرنا، یاد رکھنا ان کا چرچا کرنا بڑی عبادت ہے۔ خواہ شخصی نعمتیں ہوں، قومی ودینوی نعمتیں یا اُخروی۔ پھر یاد کرنا خواہ قولاً ہو یا اعتقاداً یا عملاً۔ جیسا کہ ارشاد ہے " وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝" (الضحیٰ:11)

**سوال نمبر 58: قوم جبارین کون تھی؟ نیز بنی اسرائیلیوں کا ان کے بارے کیا خیال تھا؟ (المائدہ آیت 22)**

**جواب:** قوم جبارین سے مراد وہ عمالقہ قوم ہے جو قوم عاد کی بقیہ تھی جو اس وقت بیت المقدس میں قابض تھی۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ مصر میں صرف ایک جابر بادشاہ تھا فرعون۔ باقی اس کے سارے تابع اور تابعین میں بعض لوگ مومن تھے۔ پھر وہ فرعون بھی قدوقامت میں ہماری طرح تھا۔ اس کے باوجود رب تعالیٰ نے ہم کو اس پر جہاد کرنے کا حکم نہ دیا بلکہ خود ہی اسے غرق کر دیا تو یہاں فلسطین میں تو ہزاروں جباروں کی تعداد ہے۔ رب تعالیٰ ہم کو ان سے جہاد کرنے کا حکم کیوں دے رہا ہے۔ انہیں بھی خود ہی ہلاک کردے پھر ہم کو وہاں آباد کردے۔

**سوال نمبر 59: حضرت موسیٰ کے کون سے دو صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کا تذکرہ خصوصیت سے آیا ہے؟ (المائدہ آیت 23)**

**جواب:** ایک تو حضرت کالب ابن یوقنا یعنی موسیٰ علیہ السلام کے بہنوئی یعنی آپ کی بہن حضرت مریم بنت عمران کے خاوند۔ دوسرے حضرت یوشع ابن نون ابن افرائیم ابن یوسف علیہ السلام یعنی یوسف علیہ السلام کے پڑپوتے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی بعد میں آپ کے خلیفہ بنے اور حکمران ہوئے۔

**سوال نمبر 60: حضرت موسیٰ کے مقرب صحابہ کرام (دو) نے بنی اسرائیلیوں کو کیا ہدایت فرمائی؟ (المائدہ آیت 23)**

**جواب:** ان صحابہ کرامؓ نے فرمایا کہ اللہ کے بندو! ہمت کرو، دروازہ شہر میں گھس جاؤ، ان شاءاللہ اگر تم نے دروازہ پر قبضہ کرلیا تو غالب تم ہی رہو گے کیونکہ ان لوگوں کے جسم قوی ہیں مگر دل کمزور ہے۔ ایسے موٹے بیل لڑنے میں بہادر نہیں ہوتے۔ اگر تم سچے مسلمان ہو تو اپنے رب پر بھروسہ کرو۔ وہ ہی کافی کارساز ہے۔ ایمان توکل وہ ہتھیار ہے جس کا جواب کفار کے پاس نہیں۔

**سوال نمبر 61: حضرت موسیٰ نے اپنے اور اپنی قوم کے درمیان دُوری کی بددعا کی اس کا کیا مطلب ہے؟ اور اس بددعا کا اثر کیا ہوا؟ (المائدہ آیت 24)**

**جواب:** مجھے ان بدنصیبوں سے دور کردے۔ جب قوم نبی سے دُور ہو گئی تو اب رب تعالیٰ سے قرب کیسے حاصل کرے گی؟ اس بددعا کا اثر یہ ہے کہ

**سوال نمبر 49: یہودیوں کے کوئی دو مشہور راہبوں کے نام لکھئے؟**

**جواب:** رافع ابن حرملہ۔ وہبن ابن یہودا۔

**سوال نمبر 50: فترت کا لغوی معنی کیا ہے نیز دور فترت سے کیا مراد ہے؟ (المائدہ آیت 19)**

**جواب:** فترۃ بنا ہے فتر یا فتور سے۔ اس کے لغوی معنی ہیں بند ہو جانا، ہلکا پڑ جانا ٹھہر جانا کہا جاتا ہے۔ فَتَرَ بِشَيْئٍ اَيْ سَكَنَتْ.

☆ اردو میں بھی کہا جاتا ہے عقل میں فتور آگیا۔ فلاں قوم میں فتور پڑ گیا۔

☆ اصطلاح میں فترت دو نبیوں کے درمیان کے زمانہ کو کہتے ہیں جب کہ پہلے نبی کے احکام دنیا سے منقطع ہو جاتے ہیں۔

☆ دین سُست و ہلکا پڑ جاتا ہے۔ حضرت عیسیٰ کے آسمان پر تشریف لے جانے کے بعد سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے تک کے زمانہ کو زمانہ فترت کہتے ہیں اور اس زمانے کے لوگوں کو اصحاب فترت کہا جاتا ہے۔ وہی یہاں مراد ہے۔

☆ یہ زمانہ قریباً چھ سو سال کا ہے۔

☆ کیونکہ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت پاک ۵۶۹ء پانچ سو انہتر عیسوی میں ہے۔

☆ جن مفسرین شارحین نے چھ سو سال کہے ہیں وہ تقریبی ہیں۔

☆ اس زمانہ کے لوگوں کو صرف عقیدہ توحید کافی تھا۔

☆ اتنے عرصہ میں دُنیا میں کوئی نبی تشریف نہیں لائے۔

**سوال نمبر 51: بشیر و نذیر ہونا ہر نبی کی صفت ہے۔ یہ بتائیے دوسرے انبیاء کرام اور ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بشارت اور نذارت میں کیا فرق ہے؟ (المائدہ آیت 19)**

**جواب:** سارے نبی بشیر و نذیر تھے مگر ان کی بشارت و نذارات اور حضورؐ کی بشارت و نذارات میں تین طرح فرق ہے۔

☆ ایک یہ کہ وہ حضرات خاص قوم کے بشیر نذیر تھے۔

☆ ہمارے حضورؐ سارے جہاں کے بشیر و نذیر ہیں۔ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ○ (الفرقان)

☆ دوسرے یہ کہ وہ حضرات ایک خاص وقت تک کے بشیر و نذیر تھے ہمارے حضورؐ تا قیام قیامت بلکہ روز قیامت کے بھی بشیر و نذیر، کیونکہ آپ کی نبوت کبھی منسوخ نہیں۔

☆ تیسرے یہ کہ ان تمام حضرات کی بشارت و نذارات سن کر تھی۔ حضورؐ کی بشارت و نذارات دیکھ کر۔

☆ حضورؐ نے معراج میں جنت وہاں کے طبقے، دوزخ وہاں کے درجات ان سب کے مستحقین بلکہ رب کی ذات و صفات کو دیکھا۔ اس لئے بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ تنوین فرمایا گیا یعنی شاندار بشیر و نذیر حضورؐ کی ذات اقدس ہے۔

**سوال نمبر 52: حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ کے درمیان کتنا عرصہ ہے؟ نیز اس کے دوران کتنے انبیاء کرام تشریف لائے؟**

**جواب:** حضور موسیٰ عیسیٰ علیہما السلام کے درمیان ستر ہ سو یعنی تقریباً دو ہزار سال کا فاصلہ ہے۔ اس دوران میں ایک ہزار رسول سے زیادہ تشریف لائے۔

**سوال نمبر 53: حضرت عیسیٰ اور نبی پاکؐ کے درمیان کتنا عرصہ ہے؟ نیز اس میں کتنے انبیاء کرام تشریف لائے؟**

**جواب:** حضرت عیسیٰ اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان قریباً چھ سو سال کا فاصلہ ہے۔ اس درمیان میں کوئی نبی نہ آئے۔

**سوال نمبر 54: حضرت اسماعیل کے کتنے سالوں بعد حضرت محمدؐ تشریف لائے؟**

**جواب:** حضرت اسماعیل اور حضورؐ کے درمیان قریباً چار ہزار سال کا عرصہ ہے۔ اہل عرب بنی اسماعیل ہیں۔

**سوال نمبر 55: حضرت موسیٰ نے اپنی قوم کو کون سی تین خاص نعمتیں یاد کروائیں؟ (المائدہ آیت 20)**

**جواب:** وہ نعمتیں یہ ہیں "اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْبِيَآءَ"۔ اِذْ یا تو ظرفیہ ہے اور یہ جملہ اُذْكُرُوْا کا مفعول بہ ہے اِذْ تعلیلیہ ہے اور یہ جملہ اُذْكُرُوْا کی علت ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس موقع پر تین خصوصی نعمتوں کا ذکر فرمایا۔

☆ آپ کو موت آسکتا۔

☆ اللہ تعالیٰ کا تمام آسمانی زمینی چیزوں کا مالک ہونا جن میں حضرت مسیح بھی داخل ہیں یعنی آپ کا مملوک الٰہی ہونا۔

☆ اللہ تعالیٰ کا قادر و غالب ہونا اور حضرت مسیح کا مقدور یعنی تحت قدرت داخل ہونا۔

☆ یہ دلائل عبدیت مسیح کے ہیں اور عیسائیوں کے تمام دلائل کے جوابات "یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ" میں دے دیئے گئے ہیں۔

**سوال نمبر 44: حضرت عیسیٰ کو مسیح کیوں کہتے ہیں؟**

**جواب:** انہیں مسیح فرمایا یعنی چھو کر مردے زندہ فرمانے والے اور بیماروں کو شفا دینے والے۔ یہ معجزے اللہ کریم نے انہیں عطا فرمائے تھے۔

**سوال نمبر 45: یہودیوں اور عیسائیوں کے کون سے گمراہ کن عقائد ہیں (نجات کے متعلق)؟ (المائدہ آیت 18)**

**جواب:** حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں نعمان ابن آصی، بحری ابن عمرو، وشاش ابن عدی یہود کی جماعت حاضر ہوئی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اسلام کی دعوت دی اور اسلام قبول نہ کرنے پر خدا کے عذاب سے ڈرایا۔

یہ لوگ بولے کہ ہم تو اللہ تعالیٰ کے پیارے اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں، ہم کو عذاب ہوسکتا ہی نہیں۔ آپ دوسروں کی فکر کریں۔ انہیں عذاب سے ڈرائیں۔

عیسائی عموماً اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا اور اللہ تعالیٰ کو آسمانی باپ کہتے ہیں کیونکہ ایک بار حضرت مسیح نے فرمایا تھا کہ میں اپنے اور تمہارے باپ کے پاس جارہا ہوں اور ہم کو عذاب نہیں ہوسکتا کیونکہ حضرت مسیح ہمارے گناہوں کے کفارہ میں سولی پاچکے ہیں۔ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

**سوال نمبر 46: یہود و نصاریٰ کو ان کے غلط عقائد پر کس طرح سرزنش فرمائی گئی؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ گذشتہ زمانوں میں تمہاری بداعمالیوں کی وجہ سے دُنیا میں آسمانی عذاب کیوں آئے۔

☆ حتیٰ کہ تم ایک زمانہ میں بندر، سور بنا کر ہلاک کر دیئے گئے۔

☆ اب تم پر عذاب الٰہی کیوں آرہے ہیں کہ تمہاری بدکاریوں کی وجہ سے سلطنت تم سے چھنی، عزت تمہاری ختم ہوئی، دوسری قوموں کے دست نگر تم بنا دیئے گئے۔

☆ آخرت میں بھی تم دوزخ میں کیوں جاؤ گے۔

☆ تم خود کہتے ہو کہ یہود چالیس دن دوزخ میں رہیں گے۔

☆ دُنیاوی واُخروی عذابوں کا تم پر آنا تمہارے دعویٰ کو باطل کرتا ہے۔

☆ لہٰذا تمہارا یہ قول محض غلط ہے۔

☆ عام مخلوق کی طرح تم بھی انسانی مخلوق ہو۔ لہٰذا اگر تم نیک بنو، نیک رہو تو بخشے جاؤ گے۔ بد بنو گے تو سزا پاؤ گے۔

اللہ تعالیٰ پر کسی کا دعویٰ نہیں، وہ مالک ومختار ہے۔

**سوال نمبر 47: کیا یہود و نصاریٰ کی سرزنش میں ہم مسلمانوں کے لئے بھی کوئی سبق ہے؟**

**جواب:** کوئی شخص ایمان و نیک اعمال سے بے نیاز نہیں ہوسکتا۔ کسی درجہ کا انسان ہو۔ ایمان کا بھی حاجت مند ہو اور نیک اعمال کا بھی۔ آج کل بعض محبت اہل بیت کے مدعی اور بعض جاہل بے دین پیر فقیر اس دھوکے میں ہیں کہ حضرت حسینؓ شہید ہو کر ہمارے گناہوں کا کفارہ دے گئے۔ ہم علیؓ کے، حسینؓ کے یا غوث پاکؒ کے ملنگ ہیں۔ ہم کو اعمال کی کیا ضرورت ہے؟ یہ خیال کفر ہے اور ایسے خیال والا کافر ہے۔ یہ وہی عیسائیوں والا عقیدہ ہے کہ مسیح کی سولی ہمارے گناہوں کا کفارہ ہوگی۔ جب ہر شخص جسمانی زندگی کے لئے دھوپ، آسمان، زمین، غذا، پانی، ہوا کا حاجت مند ہے تو رُوحانی زندگی کے لئے مُحمد اور رسولوں کی اطاعت سے بے نیاز کیسے ہوسکتا ہے۔

**سوال نمبر 48: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے کون سی قوم آپؐ کے اوصاف بتایا کرتی تھی؟**

**جواب:** قوم یہود۔ (المائدہ آیت نمبر 19)

سی آیتوں کو خوب ظاہر فرماتے رہتے ہیں۔ قول سے بھی، عمل سے بھی اور بہت سی معافیاں بھی دے دیتے ہیں۔

☆ تمہاری چھپائی آیتوں کو ظاہر نہیں کرتے۔ ان کے اظہار کی ضرورت نہیں۔ وہ بلاوجہ تمہارے عیب ظاہر نہیں کرتے ہیں۔

☆ تم سب لوگوں کے پاس یا اہل کتاب کے پاس اللہ تعالیٰ کا بڑا عظیم الشان نور آیا جو ہمیشہ چمکے گا نہ چھپے گا، نہ بجھے گا یعنی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ایک کتاب آئی جو ہر بات ظاہر فرماتی ہے یعنی قرآن مجید۔

☆ اس نور و کتاب کے ذریعے اللہ تعالیٰ جنت کے راستوں کی ہدایت ان لوگوں کو دیتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی مرضی کی اتباع کرے گا۔ اس کی رضا پر چلے گا با مراد ہو گا۔

**سوال نمبر 40: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نور ہیں۔ وضاحت کریں؟ (المائدہ آیات 15-16)**

**جواب:** حضورؐ اللہ تعالیٰ کا نور ہیں۔ رب تعالیٰ نے جیسے حضورؐ کو اور بہت سی صفات بخشی۔ حضورؐ رسول اللہ ہیں، نبی اللہ، حبیب اللہ ہیں۔ یونہی حضورؐ نور اللہ ہیں۔

☆ یہ فائدہ قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتَابٌ مُّبِيْنٌO کی پانچویں تقسیم سے حاصل ہوا۔ حضورؐ کی نورانیت صرف عقلی نہیں بلکہ حسی بھی ہے۔

☆ چنانچہ حضور انورؐ کے جسم اقدس کا سایہ نہ تھا۔

☆ حضور اکرمؐ کے چہرہ انور سے نور دیکھا جاتا تھا۔ اس لئے حضورؐ کے اسماء طیبہ میں ایک نام نور بھی ہے۔

☆ روح سب کی نور ہے۔ حضور اکرمؐ کا جسم اطہر بھی نور ہے۔

☆ حضورؐ کی اولاد مطہرات بھی نور ہیں اس لئے حضرت عثمانؓ کا لقب ذوالنورین ہے یعنی دو نور والے۔

☆ اس لئے کہ آپؓ کے نکاح میں حضورؐ کی دو صاحبزادیاں حضرت رقیہ و کلثومؓ آگے پیچھے آئیں۔

☆ جیسے عیسیٰ "كَلِمَةُ اللّٰهِ اور رُوْحٌ مِّنْهُ" اور روح منہ یعنی روح اللہ ہیں۔

☆ یونہی حضورؐ نور من اللہ، نور یعنی نور اللہ ہیں۔

☆ کسی شہر کو منورہ نہیں کہا جاتا سوائے مدینہ منورہ کے۔ یہ شہر نورانی کیوں کہلایا اس لئے کہ یہاں اللہ تعالیٰ کے نور کا ظہور ہے۔ ان کی تجلی گاہ ہے۔

**سوال نمبر 41: کیا ایک شخص میں ایمان اور کفر اکٹھا ہو سکتا ہے؟**

**جواب:** ایمان و کفر ایک دل میں ایک شخص میں جمع نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ رب تعالیٰ نے کفر کو ظلمت و تاریکی فرمایا اور ایمان کو روشنی و نور۔ اور ظاہر ہے کہ روشنی و اندھیرا ضدیں ہیں۔ دو ضدیں کبھی جمع نہیں ہو سکتیں۔ اس لئے دیکھا گیا ہے کہ کافر و مومن میں اتحاد و یگانگت نہیں ہوتی۔

**سوال نمبر 42: آیت نمبر 17 کی روشنی میں عیسائیوں کے فرقوں یعقوبیہ اور ملکانیہ فرقوں کے عقائد کا رد کریں؟**

**جواب:** یہ آیت کریمہ نجران کے عیسائیوں یعقوبیہ اور ملکانیہ فرقوں کے متعلق نازل ہوئی جن کا عقیدہ یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ کی روح ان کے جسم میں حلول کر لیا ہے اس لئے جناب عیسیٰ علیہ السلام میں خدائی اس طرح حلول کئے ہوئے ہے جیسے آفتاب چاند میں روشنی یا آگ میں حرارت یا پھول میں رنگ و بو۔ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ جس میں بہت مدلل طریقہ سے ان کے اس عقیدے کا رد کیا گیا کہ عیسیٰ پیدا ہوئے، کھاتے پیتے رہے اور حیات و ممات کے مراحل در پیش ہیں جن سے اللہ تعالیٰ منزہ ہے۔

**سوال نمبر 43: الوہیت مسیح کے رد پر آیت نمبر 17 میں کون کون سے دلائل دیئے گئے ہیں؟**

**جواب:** اس آیت کریمہ میں حق تعالیٰ نے عیسائیوں کے مشہور عقیدے الوہیت مسیح کی تردید میں چار قوی دلائل فرمائے اور عیسائیوں کے تین دلائل کے بہترین جوابات دیئے۔ چنانچہ تردید الوہیت مسیح کے لئے حسب ذیل دلائل فرمائے۔

☆ ان کا ابن مریم ہونا۔

☆ ماں کے شکم سے پیدا ہونا۔

پھر جناب مریمؑ انہیں مصر لے گئیں۔

جب آپ بارہ سال کے ہوئے تو آپ کو شام کی بستی ناصرہ میں لائیں۔

ناصرہ کے رہنے والوں کو ناصری یا نصاریٰ کہا جانے لگا۔

پھر دین عیسائیت کا نام نصرانیت اور عیسائیوں کا نام نصاریٰ ہو گیا۔

**سوال نمبر 37: بھول جانے اور بھلانے میں کیا فرق ہے؟ نیز سزا کس پر ہے؟**

**جواب:** بھول جانے اور بھلا دینے میں فرق ہے۔ اسلام میں بھول جانے پر سزا نہیں، بھلا دینے پر سزا ہے۔ روزہ میں بھول کر کھا لیا۔ روزہ نہ ٹوٹا، نہ وہ گناہگار ہوا۔

مگر جو شخص قرآن مجید یاد کرکے دور چھوڑ دے حتیٰ کہ قرآن بھول جائے تو مجرم ہے کہ یہ بھولنا نہیں بھلانا ہے۔

عیسائیوں نے احکام الٰہی بھلا دیئے تھے۔ دانستہ طور پر ان سے بے پروا ہو کر انہیں چھوڑ بیٹھے لہٰذا مجرم ہوئے۔

**سوال نمبر 38: عیسائی فرقہ بازی کیسے شروع ہوئی۔ مختصراً لکھیے؟**

**جواب:** تفسیر روح البیان نے اس جگہ عیسائیوں کی فرقہ بندی کا واقعہ بیان فرمایا ہے کہ:

☆ یہودیوں کو عیسائیوں سے سخت عداوت تھی۔

☆ ان کی عیسائیوں سے کئی خطرناک جنگیں ہوئیں۔

☆ یہود کے ایک بڑے پوپ بولس (پولس) نے تدبیر کی۔

☆ اس نے اپنی ایک آنکھ پھوڑی اور اپنے آپ کو کانا کرکے عیسائیوں کے علاقہ میں گیا اور بولا۔ ایک رات حضرت رُوح اللہ عیسیٰ علیہ السلام خواب میں میرے پاس تشریف لائے۔ میں نے حضرت کے ہاتھ پر توبہ کی اور عیسائی بنا۔

عیسیٰ نے مجھے اپنے خاص علوم عطا فرمائے ہیں۔

☆ سارے عیسائی بولس (پولس) کے بہت ہی معتقد ہو گئے۔

☆ پولس عیسائیوں کو احکام شرعیہ سکھانے لگا۔ کبھی ان کو بُری باتوں کا حکم دیتا اور اپنی توجیہ کرتا عیسائی حیران رہ جاتے۔

☆ جب بولس نے اپنا پورا اثر جما لیا تو عیسائیوں میں بدعقیدیاں پھیلانا شروع کر دی۔ چنانچہ ایک بار بولا کہ اے عیسائیو! تمہارا قبلہ مشرق ہے کیونکہ اسی سمت سورج، چاند، ستارے طلوع ہوتے ہیں۔

☆ ایک رات اس نے اپنے پاس ایک پادری کو بُلایا اور سمجھایا کہ تجھے خبر ہے کہ حضرت مسیح مردوں کو زندہ اور بیماروں کو تندرست کرتے تھے۔ لہٰذا حضرت خدا ہیں۔

☆ پھر ایک دوسرے پادری سے کہا کہ عیسیٰ کا باپ کوئی نہیں۔ ان کا باپ تو اللہ تعالیٰ ہے اور جناب مریمؑ اس رب کی زوجہ ہیں۔

☆ تیسرے پادری سے کہا کہ خدا تین ہیں ایک رب، دوسرے حضرت مسیح، تیسری جناب مریمؑ۔

اس طرح اور بہت سی قسم کی بدعقیدگیاں مختلف پادریوں کے دلوں میں جمادیں اور ایک شب پراسرار طریقہ سے غائب ہو گیا۔

☆ عیسائیوں کو یقین ہو گیا کہ اسے عیسیٰ نے اپنے پاس بُلا لیا۔

☆ چنانچہ عیسائی اس وقت چار فرقوں میں بٹ گئے۔

☆ چنانچہ منطوریہ، یعقوبیہ، ملکانیہ فرقوں کی آپس میں بڑی خطرناک جنگ ہوئی۔

ان کی فرقہ بندی اور فرقوں میں بغض و عداوت دُنیاوی عذاب ہے۔ آخرت کا عذاب اس کے علاوہ ہو گا۔

**سوال نمبر 39: آیات 15-16 میں اہل کتاب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کون کون سی صفات بتلائی گئی ہیں؟**

**جواب:** قرآن پاک میں ارشاد ہوا کہ اے اہل کتاب! یعنی توراۃ و انجیل کو ماننے والے یا جاننے والو!

☆ تمہارے پاس ہمارے وہی رسولؐ آگئے جن کی بشارتیں تمہاری کتابوں، تمہارے رسولوں نے دی تھیں۔

☆ ان کے تم پر بہت احسانات ہیں جن میں سے ایک احسان یہ ہے کہ تم توراۃ و انجیل کی جو آیات اب تک چھپاتے، بدلتے رہے، ان میں بہت

جائے، ریا کا دخل نہ ہو۔ آئندہ کسی طرح اسے باطل نہ کر دیا جائے۔ یہاں قرض حسنہ سے مراد وہ زکوٰۃ کے علاوہ دوسرے صدقات ہیں۔ اسے صدقہ نافلہ کہتے ہیں صدقہ واجبہ میں زکوٰۃ، عشر، فطر اور قربانی اور نذر وغیرہ شامل ہیں۔

**سوال نمبر 32: قوم جبارین کون تھی اور کہاں آباد تھی؟ (المائدہ، آیت 12)**

**جواب:** غرق فرعون کے بعد جب بنی اسرائیل مصر میں مقیم ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ تم سب زمین شام کی بستی اریحاء کی طرف چلو۔ اریحاء قوم جبارین / کنعانیین کا دارالخلافہ تھا۔ یہ کفار جبارین ایک ہزار بستیوں کے بادشاہ تھے۔ ہر بستی باغات وسبزہ سے پُر تھی۔ دارالخلافہ اریحاء کو بنایا تھا۔ اریحاء بیت المقدس سے قریباً تیس، چالیس میل کے فاصلہ پر تھی۔ اب اس بستی کو ریحان کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان بنی اسرائیلوں سے فرمایا تھا کہ وہ جگہ تمہاری جائے قرار ہوگی۔ ہم مجاہدین کی مدد فرمائیں گے۔

**سوال نمبر 33: بنی اسرائیل نے قوم جبارین سے جہاد کرنے سے کیوں انکار کیا؟**

**جواب:** ان نقیبوں سے عہد لیا کہ وہاں کے حالات صرف ہم سے بیان کریں۔ اپنی قوم یعنی بنی اسرائیلوں سے ہرگز نہ کہیں۔ یہ بارہ نقیب جب اریحاء پہنچے تو اُنہوں نے کنعانیوں کو بہت قدآور اور عظیم زور پایا اور ان کے پاس مالوں کی فراوانی، دولت کی بہتات تھی۔ ان کی عظیم زوری، قدوقامت اور جوانی دیکھ کر یہ بارہ نقیب مرعوب ہو گئے۔ وہاں سے واپس آئے سوائے حضرت کالبؑ اور حضرت یوشع علیہ السلام کے سب نے اپنا عہد توڑ دیا۔ اپنی اپنی قوموں سے قوم کنعانیین کی طاقت وقوت، دولت اور کثرت مال کا خوب چرچا کیا جس سے بنی اسرائیل گھبرا گئے اور کنعانیوں سے جہاد کرنے سے انکار کر دیا اور بولے اے موسیٰ آپ اور آپ کا رب جا کر اس قوم سے جنگ کریں ہم تو یہاں ہی رہیں گے۔ ہم میں اس قوم سے لڑنے کی طاقت نہیں۔

**سوال نمبر 34: آیت نمبر 12 المائدہ میں کتنے عہدوں کا تذکرہ ہے جو بنی اسرائیل سے لئے گئے اور کیا وعدہ خداوندی ہوا؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے ان بنی اسرائیلوں سے وعدہ فرمایا کہ میری رحمت، میرا کرم میری نگرانی تمہارے ساتھ ہے۔ اگر تم لوگوں نے نمازیں قائم رکھیں کر ہمیشہ صحیح طور پر صحیح وقت پر پڑھتے رہے اور تم زکوٰۃ دیتے رہے اور میرے رسولوں پر ایمان لا کر قائم رہے یا غریب مسلمانوں کو بغیر سود قرضہ دیتے رہے یا غیرت مند مسلمانوں غریبوں کو جو خیرات لینے سے شرم کریں۔ قرض کے بہانہ صدقے دیتے رہے۔ ان سب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ کرم پر قرض قرار دیا ہے کہ تم کو اس کا بدلہ ضرور ملے گا۔ اگر تم نے یہ اعمال کئے تو ہم تمہارے سارے چھوٹے بڑے گناہ معاف فرما دیں گے اور تم کو ایسے باغات عطا فرمائیں گے جن کے نیچے دودھ، شہد، پانی، شراب طہور کی نہریں رواں ہیں۔ وہاں سے تم کو کبھی نکالیں گے نہیں۔

**سوال نمبر 35: پانچ عہد توڑنے پر بنی اسرائیل کو کون سی پانچ سزاؤں کی وعید سنائی؟ (المائدہ آیت 13)**

**جواب:** پانچ عہد یہ ہیں 1۔ نماز قائم کرنا، 2۔ زکوٰۃ دینا،
3۔ انبیاء کرام پر ایمان لانا، 4۔ انبیاء کرام کی تعظیم کرنا اور
5۔ رب تعالیٰ کو قرض حسنہ دینا۔ یہ عہد بنی اسرائیل سے لئے گئے۔

پانچ عہد توڑنے پر جو پانچ سزائیں سنائی گئی وعید ہیں:

(۱) لعنت پڑی (۲) دل کی سختی ہوئی

(۳) تحریف کلمات الٰہیہ کا جرم ہوا

(۴) بہت سے عہد بھول جانا مقدر بنا۔

(۵) ہمیشہ خیانتیں کرنا شیوہ بنا۔

یہ پانچ سزائیں اُن کے حصہ میں آئیں۔ لہٰذا ہمیں ان سے سبق سیکھنا چاہیے۔

**سوال نمبر 36: حضرت عیسیٰ کی قوم کو نصاریٰ کیوں کہتے ہیں اور ان کے دین کو نصرانیت کیوں کہا جاتا ہے؟**

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسکندر رومی کے تین سو چار سال بعد بیت اللحم میں پیدا ہوئے۔ بیت اللحم بیت المقدس سے بارہ میل کے فاصلہ پر ہے۔

یہاں میثاق سے مُراد وہ میثاق نہیں جو عالم ارواح میں بندوں سے لیا گیا تھا۔ وہ تو کُل تین عہد تھے۔ ایک اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا عہد جو سب سے لیا گیا جس کے بعد ہے "قَالُوْا بَلٰی" سب نے کہا "ہاں"۔

دوسرا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے آپ کی مدد کرنے کا عہد جو انبیاء کرام سے لیا گیا۔ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ (آل عمران:۸۱)

اور تیسرا وہ عہد جو علمائے بنی اسرائیل سے لیا گیا تھا تبلیغ تو رات کے متعلق۔

بلکہ یہاں وہ عہد و پیمان مراد ہے جو جبارین کنعانی کفار سے جہاد کرتے وقت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے لیا کہ جہاد میں بزدلی نہ دکھیں، ڈٹ کر کفار کا مقابلہ کریں۔

**سوال نمبر 28: نقیب کا کیا مطلب ہے؟ نیز وہ کون تھے؟ ان کا سردار کون تھا؟ (المائدہ آیت 12)**

**جواب:** چونکہ اُس وقت بنی اسرائیل کے بارہ گروہ تھے۔ اس لئے یہ بارہ نقیب چنے گئے۔

ہر گروہ سے ایک نقیب یعنی سے مراد ہے۔

ہر سردار کو اپنی قوم اور اپنے سبط میں بھیجنا تبلیغ کے لئے یا مراد ہے۔

مقام اریحاء میں بھیجنا قوم کنعانیین کی جاسوسی کرنے اور ان کے حالات معلوم کرنے کے لئے۔ نقیب بنا نقب سے ہے۔

نقب سے مُراد وسیع یعنی بڑا سوراخ۔ اسی لئے پہاڑ کے بڑے راستہ کو نقب کہتے ہیں کہ وہ پہاڑ میں وسیع سوراخ کر کے بنایا جاتا ہے۔ نقب زنی بھی اسی سے بنا ہے۔

اصطلاح میں نقب کے معنی ہیں تفتیش اور تجسس و تلاش۔

یہاں نقیب بمعنی اسم مفعول ہے یعنی چنے ہوئے، تلاش کئے ہوئے لوگ جنہیں قوم نے اپنی سرداری یا نمائندگی کے لئے چن لیا۔

یا بمعنی اسم فاعل ہے یعنی اپنی قوم کے حالات کی تلاش و تجسس، میں رہنے والے لوگ۔

بہر حال نقیب اس سردار کو کہتے ہیں جو قوم کا نگران ہو ان میں مبلغ ہو۔

خیال رہے کہ یہ نقیب بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے چنے گئے اور قوم میں تبلیغ کے لئے اور کنعانی کفار میں جاسوسی کے لئے بھیجے گئے تھے۔

**سوال نمبر 29: اسلامی نماز اور بنی اسرائیلی نماز میں کیا فرق ہے؟ (المائدہ آیت 12)**

**جواب:** اسلامی نماز اور اسرائیلی نماز میں چند طرح سے فرق ہے۔

☆ اسلامی نماز دن رات میں پانچ بار ہے۔ اسرائیلی نماز دو بار۔

☆ اس نماز میں رکوع ہے۔ یہودی نماز میں رکوع نہ تھا۔ جیسا کہ واركعوا مع الراكعين (البقرۃ:۴۳) کی تفسیر میں عرض کیا جا چکا ہے۔

☆ اسلامی نماز میں تلاوت قرآن فرض ہے۔ ان کی نماز میں تلاوت تو رات فرض نہ تھی۔ ورنہ تو رات ضائع نہ ہوتی۔ تو ہمارے قرآن کی بقاء کا ذریعہ نماز ہے کہ اس کی وجہ سے مسلمان کے بچہ بچہ کو کچھ سورتیں یاد کرنا پڑتی ہیں۔ تراویح کی برکت سے بعض لوگ حافظ ہوتے ہیں۔

☆ ہماری نماز میں التحیات ہے۔ ان کی نماز میں نہ تھی۔

☆ بہر حال اصل نماز کی نوعیت میں فرق تھا۔

☆ یونہی ان کے ہاں نماز جمعہ، نماز عیدین، نماز کسوف، نماز استخارہ وغیرہ نہ تھی۔ اسلام میں یہ نمازیں ہیں۔

**سوال نمبر 30: اسلامی زکوٰۃ اور بنی اسرائیلی زکوٰۃ میں کیا فرق ہے؟**

**جواب:** بنی اسرائیل پر مال کا چوتھائی حصہ زکوٰۃ فرض تھی۔ ہمارے ہاں سونے، چاندی وغیرہ کی زکوٰۃ چالیسواں حصہ ہے اور پھل، سبزی و اناج پر عُشر ہے۔

**سوال نمبر 31: زکوٰۃ اور قرض حسنہ میں کیا فرق ہے؟**

**جواب:** قرض حسنہ وہ صدقہ ہے جو حلال اور پیارے مال سے برغبت کیا

**(ii) وضو کے حوالے سے روزِ قیامت مسلمانوں کی کیا فضیلت ہوگی؟**

**جواب:** اگرچہ وضو پچھلی اُمتوں میں بھی تھا مگر نبی اکرمؐ کے ارشاد کے مطابق آپؐ کے اُمتیوں کے وضو سے تر ہونے والے اعضا روزِ قیامت چمک رہے ہوں گے جن کو آپؐ نے غُرِّ المحجلین (یعنی چمکنے والے اعضاء والے) ارشاد فرمایا ہے۔

**سوال نمبر 23: آیت نمبر 7 المائدہ میں نبی اکرمؐ کے صحابہ کرامؓ کا کیا مقام و مرتبہ ارشاد فرمایا گیا؟**

**جواب:** فرمایا کہ اے میرے محبوبؐ کے صحابہؓ! ہم نے تمہیں اپنے محبوب کی صحبت کے لئے چنا۔ تمہارے چرچے آسمانی کتب میں کئے تمہیں بعد والوں کا پیشوا بنایا۔ تمہیں ایمان کی کسوٹی بنایا جس کے دل میں تمہاری محبت ہوگی۔ وہ بامُراد ہوگا۔

**(ii) آیت نمبر 8 المائدہ میں کون سے پانچ تاکیدی احکام دیئے گئے؟**

**جواب:** (۱) اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے تمام احکام پر مضبوطی سے قائم رہنا۔

(۲) انصاف سے گواہی دینا۔

(۳) جوشِ غضب میں بے انصافی نہ کرنا۔

(۴) ہمیشہ عدل کرنا۔

(۵) اللہ تعالیٰ سے ڈرنا (ہر حال میں)۔

**سوال نمبر 24: قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے کتنی قسم کے وعدوں کا تذکرہ کیا ہے؟ آیت نمبر 9 المائدہ میں کس قسم کے وعدے کا ذکر ہے۔**

**جواب:** قرآن کریم میں وعدے کی چار صورتیں ہیں۔

(۱) بندے سے فرما دینا کہ اس مضمون کی درخواست دے دو۔ بندہ یقین کرتا ہے کہ اللہ کریم نے عطا کا وعدہ فرمایا جیسے دعاؤں والی آیات۔

(۲) کسی بھکاری سے کہہ دینا کہ اس جگہ پہنچ جانا یہ بھی وعدہ ہے جیسے ہمیں بارگاہِ رسالت مآب جانے کا حکم دیا۔

(۳) کسی سے فرما دینا کہ ممکن ہے ہم تمہیں کچھ دے دیں۔ جیسے لعلکم تتقون. لعلکم تفلحون۔ جیسے الفاظ آتے ہیں۔

(۴) صاف صاف کہہ دینا کہ ہم تم سے یہ وعدہ کرتے ہیں کہ تمہیں دیں گے۔

اس آیت کریمہ نمبر 9 المائدہ میں اس وعدے کا تذکرہ ہے۔

**سوال نمبر 25: کون سی دو چیزیں یاد رکھنا عبادت ہے اور کون سی دو چیزوں کو بھلا دینا عبادت ہے۔ (المائدہ آیت 11)**

**جواب: یاد رکھنے والی چیزیں:**

(۱) اپنے گناہ یاد رکھنا (۲) اللہ تعالیٰ کی نعمتیں یاد رکھنا

(۳) توبہ کرنا عبادت ہے (۴) شکر کرنا عبادت ہے۔

**بھلانے والی چیزیں:**

(۱) اپنی عبادات اور دوسروں کے ساتھ کی گئی نیکیاں بھول جانا یعنی ان پر فخر نہ کرنا تقویٰ ہے۔

(۲) دوسروں کی بُرائیاں جو اس نے ہمارے ساتھ کیں۔ بھول جانا عبادت ہے۔

**سوال نمبر 26: کون کون سی چیزوں کو یاد رکھنا ہے؟ اور کون کون سی چیزوں کو بھولنا عبادت ہے؟ (المائدہ آیت 11)**

**جواب:** دو چیزیں یاد رکھنا عبادت ہے اور دو چیزیں بھول جانا عبادت ہے۔ اپنے گناہ یاد رکھنا، توبہ کرتے رہنا عبادت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں یاد رکھنا، شکر کرتے رہنا عبادت ہے۔ اپنی عبادات اور نیکیاں جو کسی کے ساتھ کی جائیں ان کا بھول جانا عبادت ہے۔ ان پر فخر نہ کرنا تقویٰ ہے۔ دوسرے کی بُرائیاں جو اس نے ہمارے ساتھ کیں بھول جانا عبادت ہے۔ یہاں اللہ تعالیٰ کی نعمت یاد رکھنے کا حکم دیا گیا ہے جو عبادت ہے بلکہ عبادت کا مغز ہے جو اللہ تعالیٰ کی نعمتیں یاد رکھے گا وہ عبادات سے غفلت گناہوں پر ہمت نہ کر سکے گا۔

**سوال نمبر 27: میثاق کا کیا مطلب ہے؟ قرآن پاک میں کتنی قسم کے عہدوں کا تذکرہ ہے؟ (المائدہ آیت 12)**

**جواب:** میثاق بنا ہے وثق سے بمعنی مضبوطی و پختگی، میثاق وہ پختہ وعدہ ہے جس کی مخالفت پر کچھ سزا دی جائے گی۔

☆ تیروں کے ذریعے قسمت معلوم کرنا۔

**نوٹ:** جانوروں کی جان نکلنے سے پہلے اگر تکبیر "بسم اللہ، اللہ اکبر" پڑھ کر ذبح کرلیا ہو تو وہ جانور حلال ہوگا۔

**سوال نمبر 18: قرآن پاک میں نازل ہونے والی آخری آیت کون سی ہے؟ اور کب نازل ہوئی؟**

**جواب:** قرآن پاک کی نازل ہونے والی آخری آیت جو کہ جمعۃ المبارک کے دن 9 ذی الحج 10 ہجری کو حجۃ الوداع کے موقع پر نازل ہوئی وہ آیت یہ ہے:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ○

(ترجمہ) "آج میں نے مکمل کر دیا تمہارا دین اور پوری کردی تم پر اپنی نعمت اور میں نے پسند کرلیا تمہارے لئے اسلام کو بطور دین"۔

**سوال نمبر 19: انسانوں کے لئے شکار کرنے والے کون کون سے جانور یا پرندے ہیں؟ ان کے بارے میں کیا حکم ہے؟ (آیت 4، المائدہ)**

**جواب:** وہ شکاری جانور یا پرندے جن کو انسان شکار کرنا سکھا سکتا ہے وہ یہ ہیں۔ چیتا، کتا، باز، شکرا، شاہین وغیرہ۔ ان کے متعلق حکم یہ ہے کہ ان شکاری جانوروں اور پرندوں کو چھوڑتے وقت بسم اللہ، اللہ اکبر پڑھ لیا کرو۔ اگر وہ زندہ جانور پکڑ کر لائیں تو دوبارہ بسم اللہ، اللہ اکبر، اللہ اکبر پڑھ لیا کرو۔ ان پر عمل کرو۔

**سوال نمبر 20: وضو کے کتنے اور کون کون سے فرائض ہیں؟ (المائدہ آیت 6)**

**جواب:** (i) وضو کے چار فرائض ہیں:

(۱) پورا چہرہ دھونا (۲) کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھونا

(۳) چوتھائی سر کا مسح کرنا (۴) ٹخنوں سمیت پاؤں دھونا

**(ii) نواقض وضو کون کون سے ہیں؟ (المائدہ آیت 6)**

**جواب:** نواقض وضو: آٹھ چیزوں سے وضو ٹوٹتا ہے۔

(۱) پیشاب پاخانہ کی راہ سے نکلنا (۲) بہتا خون جسم پر سے

(۳) منہ بھر کر قے (۴) سونا

(۵) بے ہوشی (۶) نشہ

(۷) جنون (۸) نماز کی حالت میں ٹھٹھا مار کر ہنسنا

**(iii) تیمم کا کیا مطلب ہے؟ (المائدہ آیت 6)**

**جواب:** لفظی معنی قصد یا ارادہ کرنا۔ اصطلاح میں مٹی، ریت یا پتھر یا کوئی اور جنس زمین کی چیز ہو اس پر دوبار ہاتھ مار کر چہرے اور ہاتھوں پر ملنا، طہارت کی حیثیت سے تیمم کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 21: (i) مذکورہ آیت میں کن دو طہارتوں کا تذکرہ ہے؟**

**جواب:** (۱) وضو: حدث اصغر سے پاک کرنا۔

(۲) حدث اکبر جس سے پاک ہونے کے لئے غسل ضروری ہے۔

**(ii) تیمم کی کون کون سی اقسام ہیں؟**

**جواب:** دو اقسام ہیں لیکن طریقہ دونوں کا ایک ہے۔

(۱) تیمم وضو (۲) تیمم غسل

**(iii) تیمم کے ارکان کون سے ہیں؟**

**جواب:** دو ارکان ہیں۔

ایک بار چہرے کے مسح کے لئے دوسری بار ہاتھوں کے مسح کے لئے یعنی دوبار مٹی سے ہاتھ لگانا ضروری ہے۔

**سوال نمبر 22: (i) وضو کے چند فوائد تحریر کریں؟**

**جواب:** بہت سے فوائد ہیں۔ چند بیان کئے جاتے ہیں۔

(۱) ظاہری جسم کو مزید پاک کرتا ہے۔

(۲) دل و دماغ بھی پاک ہو جاتے ہیں۔

(۳) گناہ بہا دیے جاتے ہیں۔

(۴) اللہ تعالیٰ اپنی نعمت کامل اس کے ذریعے عطا فرماتا ہے۔

(۵) وضو سے دنیا میں ثواب ملتا ہے۔

(۶) انسان مقرب بارگاہ خدا ہوتا ہے۔

**سوال نمبر 9: آیت 174 میں برہان سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** برہان سے مراد نبی اکرم کی ذات اقدس ہے جس کا مطلب نہایت مضبوط دلیل۔ اگر اللہ تعالیٰ کو جاننا ہے تو نبی اکرم کو دیکھ لو۔ اس کا دوسرا مطلب ہے کہ ہمارے پیارے نبی پاک ﷺ اللہ تعالیٰ کا ایک عظیم معجزہ ہیں جن کا دیکھنا چلنا، پھرنا، ہنسنا گویا ہر ایک ادا معجزہ ہے جس کو دیکھ کر لوگ مسلمان ہوجاتے ہیں۔

**سوال نمبر 10: کلالہ کسے کہتے ہیں؟ نیز اس کا ترکہ کیسے تقسیم ہوگا؟**

**جواب:** کلالہ اس مرد یا عورت کو کہتے ہیں کہ جب وہ فوت ہو تو اس وقت اس کے نہ ماں باپ ہوں اور نہ ہی اولاد ہو۔ ایسی صورت میں اس کا ترکہ اس کے بہن بھائیوں کو ملے گا۔

## حصہ سورۃ مائدہ

**سوال نمبر 11: سورۃ مائدہ کا نام مائدہ کیوں ہے اور اس کے رکوع اور آیات کی تعداد کتنی ہے؟**

**جواب:** مائدہ کا مطلب ہے دسترخوان۔ چونکہ اس سورۃ پاک میں حضرت عیسیٰ کی قوم پر نازل ہونے والے غیبی دسترخوان کا تذکرہ ہے اس لئے اس سورت کا نام مائدہ ہے۔ اس کا نام عقود ومنقذہ بھی ہیں۔ (طے شدہ عہد) اس میں 16 رکوع اور 120 آیات ہیں۔

**سوال نمبر 12: سورۃ المائدہ کے مضامین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس سورت میں اٹھارہ قسم کے احکامات اتارے ہیں اور کسی سورت میں اتنی قسم کے احکامات نہیں جیسے حرام جانوروں کی تفصیل، فال، شکار، اہل کتاب کا ذبیحہ، طہارت، چوروں کی سزا، بتوں کے نام والے جانور، وصیت اور داؤ ان کا بیان وغیرہ۔

**سوال نمبر 13: قرآن پاک کی کتنی منزلیں ہیں اور وہ کس کس سورت سے شروع ہوتی ہیں؟**

**جواب:** (1) الفاتحہ (2) المائدہ (3) یونس (4) بنی اسرائیل (5) الشعراء (6) الذاریات (7) ق

**سوال نمبر 14: قرآن مجید میں یاایھا الذین امنوا کتنی بار آیا ہے؟**

**جواب:** 89 بار آیا ہے۔

**سوال نمبر 15: حلال جانوروں کے بارے میں المائدہ کے شروع میں کیا ارشاد فرمایا گیا؟**

**جواب:** حلال چوپائے دو قسم کے ہیں پالتو جیسے اونٹ، گائے، بکرا، بھیڑ وغیرہ دوسرے شکاری جیسے ہرن، نیل گائے وغیرہ۔ پالتو چوپائے تو حلال ہیں۔ شکار کے چوپائے بھی حلال ہیں جب انہیں حلال طریقے سے ذبح کیا گیا ہو۔

**سوال نمبر 16: سورۃ المائدہ آیت نمبر 2 میں کن چیزوں کی بے حرمتی سے روکا گیا ہے؟**

**جواب:** (i) حرمت والے مہینے رجب، ذی قعد، ذی الحج اور محرم ہیں۔ ان میں جنگ وجدل کرنے سے روکا گیا ہے۔

(ii) قربانی کے جانور۔

(iii) قربانی کے جانور جن کے گلے میں ہار ڈال دیئے جائیں۔

(iv) حرم کی طرف لے جانے کے لئے جانور۔

(v) حج وعمرہ والوں کے مال وآبرو کی بے حرمتی۔

(vi) احرام کی حالت میں شکار نہ کرنے کا حکم۔

**سوال نمبر 17: آیت 3 میں کون کون سے جانوروں کو حرام کیا گیا ہے؟**

**جواب:** خود بخود مرنے والے جانور۔

- ☆ ہر طرح کا خون (سوائے کلیجی اور تلی کے)۔
- ☆ سور کا گوشت۔
- ☆ غیر اللہ کے نام پر ذبح ہونے والے۔
- ☆ گلا گھونٹ کے مرنے والے۔
- ☆ بے دھار کی چیز سے مرا ہوا۔
- ☆ کسی جانور کے سینگ سے مرنے والا جانور۔
- ☆ جس جانور کو کسی درندے نے چیر پھاڑ دیا ہو۔
- ☆ بتوں کے نام پر ذبح کئے گئے جانور۔

(آسان فہم قرآن سلسلہ)

معروضی سوال و جواب

# چھٹا پارہ ایک نظر میں

پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی بسرت عظمت فاروقی

**سوال نمبر1: آیت 148 کا شان نزول کیا ہے؟**

**جواب:** یہ آیت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی۔ ایک بار ایک شخص آپؓ کی شان میں زبان درازی کر رہا تھا۔ آپؓ نے بہت صبر کیا وہ باز نہ آیا، تب آپؓ نے بھی اس کو جواب دیا۔ اس پر نبی کریمؐ نے فرمایا کہ اب تک ایک فرشتہ تمہاری طرف سے جواب دے رہا تھا۔ جب تم نے خود جواب دیا تو وہ فرشتہ چلا گیا۔ تو اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی۔

**سوال نمبر2: نبیوں میں فرق کرنا کیسا ہے؟ (النساء 150-151)**

**جواب:** یہودیوں نے موسیٰ اور تورات کو مانا حضرت عیسیٰ اور انجیل کا انکار کیا۔ عیسائیوں نے عیسیٰ اور انجیل کو مانا اور حضرت محمدؐ اور قرآن کا انکار کیا۔ ان دونوں جماعتوں کے بارے میں آیات 150-151 نازل ہوئی۔

**سوال نمبر3: آیت 153 تا 156 میں کس قوم کا ذکر ہے۔ نیز ان کی کون سی برائیوں کا تذکرہ ہے؟ (النساء)**

**جواب:** ان آیات میں قوم یہود کا تذکرہ ہے۔ ان کی مندرجہ ذیل برائیوں کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

- ☆ ہم اللہ تعالیٰ کو بے پردہ دیکھنا چاہتے ہیں۔
- ☆ بچھڑے کو پوجنا۔
- ☆ تورات شریف پڑھنا لیکن عمل نہ کرنے کا کہنا۔
- ☆ ہفتے کے دن کی بے حرمتی کرنا۔
- ☆ نبیوں کو شہید کرنا۔
- ☆ حضرت مریمؑ پر بہتان لگانا۔
- ☆ حضرت عیسیٰ کو شہید کرنے کا دعویٰ کرنا۔

**سوال نمبر4: حضرت عیسیٰ کی زندگی کے بارے میں قرآن پاک کا کیا حکم ہے؟**

جواب: حضرت عیسیٰ کو نہ تو یہودیوں نے قتل کیا، نہ ہی سولی پر چڑھایا بلکہ آپ کو حضرت جبرائیل علیہ السلام چوتھے آسمان پر چھوڑ آئے اور آپ آج بھی زندہ ہیں۔ قُرب قیامت آپ زمین پر اُتریں گے۔ نظام عدل قائم ہوگا اور آپ شریعتِ محمدیؐ کی ترویج کریں گے۔

**سوال نمبر5: آیت 162 میں اہل کتاب میں سے مضبوط علم والے لوگوں کی کیا نشانی بتائی گئی ہے؟**

**جواب:**

- ☆ وہ قرآن وسنت پر ایمان لاتے ہیں۔
- ☆ وہ پچھلی کتابوں پر ایمان لاتے ہیں۔
- ☆ نماز قائم کرتے ہیں۔
- ☆ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔
- ☆ اللہ تعالیٰ پر اور روز آخرت پر ایمان لاتے ہیں۔

**سوال نمبر6: آیت 170 میں تمام انسانوں کو کیا حکم دیا گیا ہے؟**

**جواب:** "اے لوگو! تم سب کے پاس ہمیشہ کے لئے آخری رسول حضرت محمدؐ تشریف لے آئے ہیں۔ تم سب ان پر ایمان لے آؤ اسی میں تمہارا بھلا ہے۔ اگر کفر کرو گے تو رب تعالیٰ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے کیونکہ وہ مالک ہے"۔

**سوال نمبر7: عیسائیوں کا عقیدہ تثلیث کیا ہے؟ (آیت 171)**

**جواب:** عیسائی یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ (نعوذباللہ) تین معبود ہیں یعنی حضرت عیسیٰ، حضرت مریمؑ اور اللہ تعالیٰ، تین خدا ہیں۔

**سوال نمبر8: حضرت عیسیٰ کا سب سے بڑا اعزاز کیا ہے؟ (172)**

**جواب:** وہ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کا بندہ کہتے ہیں اور اس کی عبادت کو اپنا اعزاز سمجھتے ہیں۔

(۱) جہنم (۲) لظیٰ (۳) حطمہ (۴) سعیر (۵) سقر (۶) جحیم (۷) ہاویہ

**سوال نمبر 91: حضورؐ کی روزِ قیامت شفاعت کتنی قسم کی ہوگی؟ (النساء 146)**

**جواب:** حضور پاک کی شفاعت چار قسم کی ہوگی۔

(۱) رفع درجات انبیاء اولیاء کے لئے۔ (۲) عذاب سے رہائی۔ گناہگار مسلمانوں کے لئے۔

(۳) عذاب میں کمی گناہگاروں کے لئے (۴) عذاب کم کرنے کی شفاعت یعنی کفار کے لئے جیسے ابولہب کے لئے بھی ہوا۔

**سوال نمبر 92: منافقین کی نجات کی کیا صورت ہوسکتی ہے؟**

**جواب:** منافقین کی نجات کی اللہ تعالیٰ نے چار شرطیں رکھیں:

(۱) توبہ یعنی گذشتہ منافقت اور چالاکیوں پر ندامت۔

(۲) اَصْلِحُوْا: تقویٰ اور پرہیزگاری کا اعلیٰ معیار قائم کرنا۔

(۳) وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰہِ: اللہ تعالیٰ، اس کے رسولؐ، اس کی کتاب کو مضبوطی سے تھامنا۔

۴) اَخْلَصُوْا دِیْنَهُمْ: اخلاص کو تھام لیں۔ چونکہ منافقین نماز و روزہ تو پہلے ہی سے پڑھتے تھے۔ ان میں اخلاص نہ تھا، ریاکاری تھی اس لئے انہیں اخلاص کا حکم دیا۔

**سوال نمبر 93: تائب منافقین کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کس انعام کا وعدہ فرمایا ہے؟ (النساء 146)**

**جواب:** اگر منافقین سچی توبہ کر کے اپنی مکمل اصلاح کرلیں۔ اللہ تعالیٰ، اس کے رسولؐ اور قرآن کی رسی کو مضبوطی سے تھام لیں اور خلوص کو اپنے عمل میں شامل کرلیں ان کا شمار ایسے مخلص مومنین میں ہوجائے گا جنہوں نے کبھی منافقت ہی نہیں کی۔ پرانے اور نئے مخلص تمام دُنیاوی و اُخروی انعامات میں برابر کے شریک ہوں گے اور انہیں جو اجر و ثواب ملے گا اس کا کچھ حصہ مرتے وقت عالمِ برزخ میں روزِ قیامت اور جنت کی شکل میں پائیں گے جو مخلوق کے وہم و گمان سے وراء ہے۔

**سوال نمبر 94: عذاب سے بچاؤ کے کون سے دو طریقے آیت نمبر 147 میں بتائے گئے ہیں؟**

**جواب:** (ترجمہ) کیا کرے گا اللہ تعالیٰ تمہیں دے کر اگر تم شکر کرو اور ایمان قبول کرو اور اللہ تعالیٰ صلہ دینے والا، جاننے والا"۔

کیونکہ تمہارے عذاب دینے سے اس کے ملک میں نہ کچھ زیادتی ہوتی ہے اور نہ تمہیں ثواب دینے سے اس کے ملک میں کچھ کمی ہوتی ہے۔ نہ وہ ظالم ہے جو بلاوجہ کسی کو سزا دے۔ یہ سزا صرف اور صرف اس کی ناشکری اور نافرمانی کی بناء پر ہوگی۔

**سوال نمبر 95: شکر کسے کہتے ہیں؟ اس کے کتنے درجے ہیں؟ (النساء 147)**

**جواب:** شکر ضد ہے کفران کی جس کا مطلب ہے چھپانا۔ تو شکر کے معنی ہوئے ظاہر کرنا۔ اصطلاح میں شکر کے معنی ہیں نعمتیں دینے والے کی نعمتوں کا اقرار کرنا، دل سے اظہار کرنا، زبان سے اطاعت کرنا۔ ارکان یعنی اعضا سے۔ شکر کے تین درجے ہیں۔ جنانی، لسانی، ارکانی یعنی جسمانی، زبانی اور اعضا سے اطاعت کروانا وغیرہ۔

**سوال نمبر 96: اللہ تعالیٰ کی صفت شاکر کا کیا مطلب ہے؟ (النساء 147)**

**جواب:** شاکر وہ ہے جو بندوں کی تھوڑی اطاعت پر بے شمار جزا و عطا فرمادے اور مدوں کے گنے چنے محدود زمانے کے اعمال پر غیر محدود دائمی نعمتیں بخش دے۔

**سوال نمبر 97: شکر کے بارے میں حضرت علیؓ کا ایک قول تحریر کریں؟ (النساء 147)**

**جواب:** حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ جب تم پر نعمتوں کا پہلا کنارہ پہنچے تو خوب شکر کرو تاکہ اس کا آخری کنارہ بھی تم تک پہنچے اور تم پر نعمت مکمل ہوجائے۔ اگر شکر میں کمی کروگے تو آخری کنارہ تم تک نہ پہنچے گا۔

**سوال نمبر 98: اللہ تعالیٰ نے ہمارے دُنیا میں آنے سے پہلے کون کون سی نعمتیں عطا فرمائیں جن کا شکر بھی ہم پر واجب ہے؟**

**جواب:** ☆ اس رب نے ہمیں نیست سے ہست کیا۔

☆ تمام مخلوق سے پہلے ہماری رُوحیں پیدا فرمائیں۔

☆ ہمارے خلقت کردہ جسم میں رُوح کے نورانی بلب لگائے۔

☆ ان ارواح پر نورانی چھینٹا ڈالا جو بعض پر پڑے بعض محروم رہے۔

وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ "اور شکر کرو میرا اور ناشکری نہ کرو"۔

**جواب:** ہرگز نہیں۔ ایک مسلمان کے لئے کافروں کے ملک میں جا کر ان کی خفیہ پولیس بننا منع ہے اس کے علاوہ اپنے مسلمانوں کے خفیہ جنگی راز محض چند دنیاوی مفاد کے لئے آشکار کرنا سخت گناہ ہے جس میں آج کل بہت مسلمان گرفتار ہیں۔

**سوال نمبر 83: منافقین کے کون سے بڑے پانچ عیب ہیں؟ (النساء 142-143)**

**جواب:** اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ... سَبِیْلًا O (ترجمہ) بے شک منافق لوگ اپنے گمان میں اللہ تعالیٰ کو فریب دینا چاہتے ہیں اور وہ انہیں غافل کرکے مارے گا اور جب نماز کو کھڑے ہوں تو لوگوں کو دکھاوا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو یاد نہیں کرتے مگر تھوڑا بیچ میں ڈگمگا رہے ہیں۔ نہ ادھر کے نہ اُدھر کے اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کرے تو اس کے لئے کوئی راہ نہ پائے گا"۔

مندرجہ ذیل عیوب ہیں:

(۱) اللہ تعالیٰ، رسول کو دھوکا دینا۔ (۲) نماز میں سستی کرنا (۳) اعمال میں ریاکاری کرنا (۴) اللہ تعالیٰ کا ذکر کم کرنا۔

(۵) مذبذب میں رہنا (۶) ترتیب یہ رکھی دھوکے دہی کا ذکر پہلے ہے اس کی سزا کے باقی چار عیوب کا ذکر بعد میں۔

**سوال نمبر 84: جزا و سزا میں بنیادی اصول کیا ہوتا ہے؟ (النساء 142-143)**

**جواب:** انسان جیسا جرم یا گناہ کرتا ہے ویسی ہی سزا پاتا ہے۔ دھوکا دے گا، دھوکا کھائے گا۔ کسی سے دشمنی کرے گا، دشمنی پائے گا۔ وَھُوَ خَادِعُھُمْ۔ اسی طرح جو بھی نیکی کرے گا ویسی ہی جزا دیا جائے گا۔ غرضیکہ جو بوئے گا وہ کاٹے گا۔

مولانا روم: تو راہ خدا میں روٹی دے گا تجھے نان دیں گے۔ راہ حق میں جان دے گا تجھے جان بخشیں گے۔

**سوال نمبر 85: نماز میں سستی کرنا کیسا ہے؟ (النساء 142)**

**جواب:** نماز میں سستی کرنا عملی منافق کی علامت ہے۔ نبی کریمؐ نے فرمایا کہ یہ نماز منافق کی ہے کہ سورج کے ڈوبنے کا انتظار کرتا رہے جب ڈوبنے لگے اور شیطان کے دو سینگوں کے درمیان آجائے تو اُٹھ کر کوے کی طرح چار ٹھونگیں زمین پر مارے یعنی جلد جلد سجدے کرے۔ مسلمان کو نہایت ذوق و شوق سے نماز ادا کرنی چاہیے۔ غرضیکہ جن کاموں سے بے پرواہی یا سستی ظاہر ہو وہ کرنا سب منع ہے۔

**سوال نمبر 86: دکھاوے کی نماز پڑھنا کیسا ہے؟ (النساء 142)**

**جواب:** یُرَآءُوْنَ النَّاسَ "لوگوں کے سامنے دکھاوا کرتے ہیں"۔ دکھاوے کی نماز پڑھنا منافقت کی نشانی ہے۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے نماز نہ پڑھیں بلکہ صرف لوگوں میں اپنی ساکھ بنانے کے لئے ادا کریں وہ قبول نہیں ہے۔

**سوال نمبر 87: کیا صرف نماز ہی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا ہوتا ہے؟ (النساء 142)**

**جواب:** نماز اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی کی بہترین شکل ہے لیکن اس کے علاوہ اسلام نے سوتے، جاگتے، کھاتے پیتے حتیٰ کہ استنجا جاتے وقت بھی اللہ تعالیٰ کے ذکر کی تاکید کی۔ بِسْمِ اللّٰهِ پڑھ کر کھاؤ، پیو۔ فارغ ہو کر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہو۔ آیَةُ الْکُرْسِیِّ پڑھ کر سوؤ، آنکھ کھلتے ہی تیسرا، چوتھا کلمہ پڑھو۔ وعدہ کرتے وقت اِنْ شَاءَ اللّٰهُ کہو۔ اچھی بات سن کر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، تکلیف دہ یا غم کی بات سن کر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ یا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھیں تاکہ مومن کی زبان اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر رہے۔

**سوال نمبر 88: کفار سے دوستی رکھنا کیسا ہے؟ (النساء 144)**

**جواب:** کفار سے دوستی رکھنا منع ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے مسلمانو! خیال رکھو کہ کبھی کفار کو اپنا دوست نہ بناؤ۔ کافروں سے دوستی رکھنا منافقوں کا کام ہے۔ مسلمانوں کو اس سے بچنا لازم ہے۔ کافر مسلمان کا رشتہ دار تو ہوسکتا ہے مگر دوست نہیں۔

**سوال نمبر 89: روز قیامت منافقین جو کہ کفار سے دوستی کرتے ہیں۔ ان کی کیا سزا ہوگی؟ (النساء 145)**

**جواب:** منافقین قیامت کے دن دوزخ کے سب سے نیچے طبقہ ہاویہ میں بھیج دیئے جائیں گے جہاں دوسرے طبقوں سے عذاب سخت تر ہوگا اور تمام طبقوں کے کفار کی غلاظت ان کی غذا ہوگی کیونکہ یہ منافقین دُنیا میں بھی ہر قوم کے فضلہ خوار رہے وہاں بھی اس کا اثر ظاہر ہوگا۔ نیز ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔

**سوال نمبر 90: دوزخ کے کتنے درجے یا طبقے ہیں۔ ان کے نام بتایئے؟ (النساء 145)**

**جواب:** دوزخ کے سات درجے یا طبقے ہیں جن کے نام یہ ہیں:

میں خیانت کرنے والے، وعدہ خلافی کرنے والے کو منافق (عملی منافق) قرار دیا ہے۔اس کی اصلاح کی اُمید کی جا سکتی ہے۔

**سوال نمبر 77: آیات 138-140 میں منافقین کو کیا وعید سُنائی گئی ہے؟**

**جواب:** اعتقادی منافقین کے لئے حکم خداوندی ہے کہ ان کے لئے مرتے وقت قبر میں حشر میں بہت ہی دردناک عذاب ہے۔مرتے وقت جان کی سختی کفر پہ جان نکلنا قبر حشر کے امتحان میں ناکامی، فرشتوں کی مار قبر کی دہشت وحشت، گرمی، تنگی اور قیامت کی گھبراہٹ کے علاوہ دوزخ کے نہایت نچلے طبقے میں پھینکا جانا۔خون و پیپ کو کھانے کے لئے ملنا سب عذاب کی مختلف شکلیں ہیں۔

**سوال نمبر 78: منافقین کی سزا کھلے کافروں سے سخت تر کیوں ہے؟ (النساء 137-140)**

**جواب:** منافقین کا جرم دوہرا ہے ایک تو وہ کفر کرتے ہیں اور دوسرا لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں۔ان کی پالیسی یوں ہوتی ہے۔

؎ باغباں بھی خوش رہے، راضی رہے صیاد بھی

اسی وجہ سے ان کو دوزخ کا سب سے نچلا درجہ ملے گا۔

بقول علامہ اقبالؒ:

جعفر از بنگال و صادق از دکن ننگِ آدم ننگِ دیں، ننگِ وطن

کیا ان کا نہ کوئی دین ہے، نہ کوئی وطن ہے بلکہ یہ انسانیت کے جذبے سے بھی خالی ہیں۔

**سوال نمبر 79: دُنیا میں رہتے ہوئے جس سے لگاؤ و اُلفت ہو اس کا آخرت میں کیا انجام ہوگا؟ (النساء 138-140)**

**جواب:** دُنیا میں جس کو جس سے اُلفت ہوگی آخرت میں اس کے ساتھ اسے جگہ ملے گی۔منافقین کو کفار سے دُنیا میں اُلفت تھی تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا إِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ "بے شک اللہ تعالیٰ جمع فرمانے والا ہے منافقین کو اور کافروں کو"۔

اگر کسی خوش نصیب بندے کو حضورؐ سے والہانہ محبت و اُلفت ہو تو انشاء اللہ اس کا حشر حضورؐ کے ساتھ ہوگا۔ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ "انسان اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرے گا"۔

**سوال نمبر 80: غزوات میں کامیابی کی صورت میں مسلمانوں کے ساتھ منافقین کا کیسا رویہ ہوتا تھا؟ (النساء 40)**

**جواب:** اَلَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ○ (ترجمہ) "وہ جو انتظار کرتے ہیں تمہارے متعلق پاس اگر ہو تمہاری فتح اللہ تعالیٰ کی طرف سے تو کہتے ہیں کہ کیا نہ تھے ہم تمہارے ساتھ"۔مطلب یہ ہے کہ خود کچھ نہیں کرتے مسلمانوں کے حالات کا جائزہ لیتے رہتے ہیں۔اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کو فتح حاصل ہوتی ہے تو مسلمانوں کے دوست بن کر آتے ہیں اور کہتے ہیں ہم کلمے میں نماز میں مسجد کی حاضری میں تمہارے ساتھ تھے کیا ہم تمہارے ساتھ میدانِ جنگ نہ گئے۔ ہمارا مالِ غنیمت میں حصہ ہمیں واپس کرو۔

**سوال نمبر 81: غزوات میں ناکامی کی صورت میں منافقین کی کفار کے ساتھ کیسی گفتگو ہوتی تھی؟**

**جواب:** وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ ○ (ترجمہ) "اور اگر ہوا ملے کافروں کے حصہ تو بولیں کیا نہ قدرت رکھتے تھے ہم تم پر اور روکا ہم نے تم کو مسلمان سے"۔

منافقین نے یہ دوہری پالیسی پر عمل کیا۔فتح کی صورت میں مادی مفاد کی فکر میں ہوتے اور اگر کبھی مسلمانوں کو ناکامی ملتی یا اتفاق سے کفار کو ظاہری غلبہ سے کچھ حصہ مل جاتا تو کافروں سے کہتے کہ انہوں نے صرف ان کے لئے مسلمانوں کی مدد نہیں کی کہ میدانِ جنگ میں آ کر بھی کفار سے نہیں لڑے۔پھر ان کو خفیہ خبریں پہنچاتے رہے۔مسلمانوں کے ساتھ رہ کر بھی کافروں کے ہی کام آتے رہے۔لہٰذا یہاں بھی منافقین کریڈٹ لینے کے چکر میں ہوتے۔

**سوال نمبر 82: کیا مسلمان کا کفار کی خفیہ پولیس بننا یا مسلمانوں کے خفیہ جنگی راز بتانا جائز ہے؟**

بار ارادہ کا اثر ارادے والے پر بھی پڑتا ہے۔خود عمل پر بھی بلکہ دوسری چیز وں پر بھی۔ارادہ خیر سوتے جاگتے ہر وقت فائدہ دیتا ہے۔عمل کا مغز ارادہ اور نیت ہے اس لئے دُنیاوی کاموں میں بھی ثواب آخرت کی نیت کرنی چاہیے تاکہ کھانا پینا روزگار سب کچھ نیک اعمال بن جائیں۔

**سوال نمبر 70:دُنیاوی کاموں میں ثواب کیونکر ممکن ہے؟(النساء134)**

**جواب:** جب دُنیاوی کاموں جیسے کھانا پینا، روزگار، سونا جاگنا بلکہ جینا مرنا صرف جسمانی حاجت کے لئے نہ کیا جائے بلکہ یہ سمجھ کر کیا جائے کہ یہ سب کام سُنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں تو انشاءاللہ ان سب پر ثواب ملے گا۔لہٰذا مسلمان کو چاہیے کہ تمام جائز دُنیاوی کاموں میں بھی ثوابِ آخرت اور سُنت کی نیت کرے۔

**سوال نمبر 71:عدل کیا ہے؟ اس کا کیا حکم ہے؟(النساء135)**

**جواب:** قرآن پاک میں خاص خاص احکام مسلمانوں کو خطاب کرکے فرمائے گئے جن میں ایک عدل بھی ہے۔یہاں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ انصاف کو قائم کرنے والے بن جاؤ۔اسی طرح جیسے نماز کو قائم کرتے ہو،عدل کا مطلب انصاف کرنا ہے اور برابری کرنا جو کسی کا حق ہے اس کو دلانا جیسے نماز سب پر فرض ہے ایسے ہی عدل وانصاف سب پر لازم ہے۔اپنے نفس سے عدل، بیویوں اور اولاد سے عدل، ماں باپ، قرابت داروں، محلّہ والوں، مُلک والوں سب سے انصاف ہر وقت واجب ہے۔قسط کہتے ہیں کہ ہر ایک کو اس کا حصہ دیا جائے یہی عدل ہے۔

**سوال نمبر 72:آیت نمبر 135النساء کس موقع پر نازل ہوئی؟**

**جواب:** ابنِ جریر نے امام سدی سے روایت کیا کہ ایک بار حضور سید عالمؐ کی بارگاہ میں ایک امیر اور ایک غریب کا مقدمہ پیش ہوا۔عام حضرات کو غریب پر ترس آیا اور وہ سمجھے کہ غریب سچا ہوگا، مظلوم ہوگا، امیر جھوٹا اور ظالم ہوگا کیونکہ غریب آدمی کسی پر خصوصاً امیر آدمی پر ظلم کرسکتا ہی نہیں۔تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ فیصلے اور گواہی میں امیر وغریب کا کوئی فرق نہیں۔

(تفسیر رُوح المعانی،خازن)

**سوال نمبر 73:کیا ہر گواہی چھپانا حرام ہے؟**

**جواب:** اگر چہ گواہی چھپانا حرام ہے مگر چند موقعوں پر گواہی نہ دینا جائز ہے۔جب اس کی گواہی کے بغیر حقدار کو حق مل جاتا ہو۔فقہا فرماتے ہیں حدود کی گواہی دینا نہ دینا دونوں دُرست ہیں بلکہ بعض موقعوں پر حدود کی گواہی نہ دینا افضل ہے۔

**سوال نمبر 74:ایمان والوں کو بھی ایمان لانے کا قرآن پاک حکم دیتا ہے کیوں؟(النساء136)**

**جواب:** ترجمہ" اے ایمان والو! ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ پر اور کتاب پر یعنی اے ایمان والو مرتے دم تک قائم رہو اللہ تعالیٰ پر۔اس کے رسول محمد مصطفیٰؐ پر اور اس کتاب پر جو ان پر اُتری اور تمام ان کتابوں پر جو اگلے نبیوں پر اُتریں ایمان قبول کئے رہو اور ان میں سے کسی کا بھی انکار اپنے دل میں نہ آنے دو۔جو ایسا مسلمان بھی اگر ایسا کرے گا تو وہ پرلے درجے کا گمراہ ہوگا"۔

**سوال نمبر 75:قرآن مجید پر ایمان لانے اور دوسری کتب پر ایمان لانے کی نوعیت میں کیا فرق ہے؟(النساء137)**

**جواب:** ایک مسلمان کے لئے قرآن مجید پر ایمان لانے کے ساتھ ساتھ دوسری آسمانی کتب پر بھی ایمان لازمی ہے۔فرق یہ ہے کہ گذشتہ کتب آسمانی پر ایمان اجمالی ہے جب کہ قرآن پاک پر تفصیلی ایمان ہے۔نیز قرآن مجید پر عمل لازم ہے۔ان کتب پر عمل لازم نہیں۔

**سوال نمبر 76:منافق کسے کہتے ہیں؟ اس کی کون کون سی اقسام ہیں؟(النساء138-140)**

**جواب:** دوزخا شخص منافق کہلاتا ہے۔وہ جو صرف زبان سے کلمہ پڑھے اور دل میں کافر ہو۔اس کو منافق کہتے ہیں۔اس کی دو اقسام ہیں۔اعتقادی منافق اور عملی منافق۔وہ شخص جو زبان سے مسلمانی کا دعویٰ کرتے ہوئے کفر پر مکمل طور پر اڑا ہوا ہو اس کو اعتقادی منافق کہتے ہیں لیکن وہ شخص جو دل سے کلمہ پڑھے لیکن جب کوئی مشکل وقت آئے تو اس کا ایمان کمزور ہوجائے۔اس کو عملی منافق کہتے ہیں۔اسی طرح آپؐ نے جھوٹ بولنے والے، امانت

کہتے ہیں۔شریعت میں انکار یا ناشکری کو کفر کہتے ہیں کیونکہ ان دونوں حرکتوں سے انسان رب کی نعمتوں کو چھپاتا ہے۔ کفر یعنی بے ایمانی یعنی رب کا انکار۔ اس کی صفات کا انکار۔ نبی کا انکار وغیرہ۔ ناشکری کی بہت سی اقسام ہیں۔
(۱) رب کی نعمتوں کو اپنے کمال کی وجہ سے سمجھنا (۲) اس کی نعمتوں پر حمد نہ کرنا (۳) اللہ تعالیٰ کے بندوں کا شکریہ ادا نہ کرنا جس کے ذریعہ سے یہ نعمت ملی (۴) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو محسن اعظم ہیں ان سے محبت نہ کرنا یہ بھی رب کی ناشکری ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا "اور اللہ تعالیٰ بے نیاز اور تعریف کیا گیا ہے"۔

**سوال نمبر 64: اللہ تعالیٰ کی صفت ہے کہ وہ غنی حمید ہے۔ اس کا کیا مطلب ہے اور مثال بھی دیں؟ (النساء 131)**

**جواب:** اور اللہ تعالیٰ بے پرواہ تعریف کیا گیا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی دو خصوصی صفات ہیں۔ کان ہمیشگی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ غنی غنا سے نکلا ہے یعنی بے نیازی و بے پرواہی۔ حمید بمعنی محمود ہے یعنی اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے بے نیاز ہے اور ساری مخلوق کا سراہا ہوا، تعریف کیا ہوا۔ تمام جہاں کا مالک ہو کر اپنے خاص بندوں کی تعریف فرمانے والا ہے کہ کسی بندے کی محبت رائیگاں نہیں فرماتا۔ مخلصین کی یہاں بھی تعریف فرماتا ہے قیامت میں بھی فرمائے گا اور ان کے گناہ بخشے گا۔ کسی کی ذرا برابر بھی نیکی ہوگی تو اس کو ضائع نہیں کرے گا۔

**سوال نمبر 65: بندے کی اپنے رب کی کامل حمد کیا ہو سکتی ہے؟ نیز ایسی کامل حمد کرنے والی کون سی ذات ہے؟**

**جواب:** اس کی کامل حمد یہ ہے کہ بندہ اپنے عقائد، اپنے اعمال، اپنے اقوال، اپنے احوال، اپنے اخلاق اپنی ادا سے رب تعالیٰ کی تعریف کرے۔ ایسی حمد کرنے والی صرف وہ ذات کریم ہے جس کا نام احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ رب تعالیٰ سب سے اعلیٰ حمید و محمود ہیں اور احمد مجتبیٰ سب سے اعلیٰ حامد واحمد ہیں۔

**سوال نمبر 66: کیا دُنیا کا مال و دولت اور صحت و عزت کسی کی ملکیت ہے؟ (النساء 133)**

**جواب:** ارشاد خداوندی ہے اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ۝ "اگر چاہے تمہیں لے جائے اے لوگو اور دوسروں کو لے آئے"۔

کوئی بھی شخص اور کوئی قوم دُنیا کے ملک و دولت، عزت و صحت، شہرت کو اپنی ملکیت نہ سمجھے۔ یہ آتی جاتی ہے، کبھی کسی کے پاس، کبھی کسی کے پاس ہوتی ہے۔ جو چیز اپنی ہے وہ اپنا ایمان اور اعمال ہیں۔ اللہ تعالیٰ یہ نصیب فرمائے۔

**سوال نمبر 67: زوال نعمت کا سب سے بڑا کیا سبب ہے؟ (النساء 133)**

**جواب:** زوال مُلک و دولت کا سبب اپنے رب کی نافرمانی ہے۔ اگر مُلک کو زوال سے بچانا ہے تو اسی کی اطاعت کرنی چاہیے۔ مذکورہ آیت میں اَيُّهَا النَّاسُ سے مُراد نافرمان لوگ ہیں جب کہ بِاٰخَرِيْنَ سے مُراد نیک و صالح قوم ہے۔ خدمت دین اور مخلوق اللہ کا کرم ہے اگر ہم نہیں کریں گے تو کوئی دوسری قوم کو وہ پیدا فرما دے گا۔

**سوال نمبر 68: نیک اعمال کے قبولیت کی شرط کیا ہے؟ (النساء 134)**

**جواب:** "جو دُنیا کا انعام چاہے تو اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں ثواب دُنیا اور آخرت اور اللہ تعالیٰ سُننے والا، دیکھنے والا ہے"۔

منافقین مدینہ مال غنیمت کے شوق میں جہاد کیا کرتے تھے حالانکہ حشر و نشر کے قائل نہ تھے۔ ایسے ہی مشرکین عرب صدقہ خیرات دل کھول کر کیا کرتے تھے تاکہ عزت و شہرت اور دولت ملے۔ ان لوگوں کو خبردار کیا گیا کہ جو کوئی دُنیا کے ارادے سے نیک کام کرے گا اس کو دُنیا مل جائے گی، آخرت میں اس کا کوئی حصہ نہ ہوگا کیونکہ ارشاد نبویؐ ہے۔ انما الاعمال بالنیات "بے شک اعمال کا دارومدار نیک اعمال نیتوں پر ہے" (ارشاد نبویؐ) نیک اعمال کی نیت ثواب اُخروی ہو۔ دُنیاوی فوائد مل جانا اس کا کرم ہے۔

**سوال نمبر 69: عمل بہتر ہے کہ ارادہ عمل؟ (النساء 134)**

**جواب:** عمل سے ارادہ عمل بہتر ہے کہ عمل بغیر ارادہ کے ثواب کا ذریعہ نہیں جب کہ ارادہ نیک عمل بہرحال ثواب کا باعث ہے۔ اگرچہ عمل کا موقع نہ ملے۔ حج عمر میں ایک بار، روزے زکوٰۃ سال میں ایک بار، نماز دن میں پانچ

ہو نہ ان سے خود نکاح کرتے ہو نہ کسی سے ان کا نکاح کراتے ہو۔ تم پر لازم ہے کہ ان کے ساتھ عدل وانصاف کرو۔ ان کے حقوق ادا کرو۔ اللہ تعالیٰ تمہیں تاکیدی فتویٰ دیتا ہے کہ یتیموں کے حق میں انصاف کرو۔ ان پر کسی قسم کا ظلم نہ کرو۔ جتنے بھی جو نیکی کرو گے اللہ تعالیٰ اسے جانتا ہے۔ تمہیں اس کا بدلہ ضرور دے گا۔

**سوال نمبر 57: آیت نمبر 128 کی روشنی میں میاں بیوی کے مابین صلح کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟**

**جواب:** وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا.... خَبِيْرًا O (ترجمہ) "اور اگر کوئی عورت اپنے شوہر سے زیادتی یا بے رغبتی کا اندیشہ کرے تو ان پر گناہ نہیں کہ آپس میں صلح کرلیں اور صلح خوب ہے اور دل کا لالچ، پھندے میں ہیں اور اگر تم نیکی اور پرہیزگاری کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو بے شک اللہ تعالیٰ اس سے جو کرتے ہو خبردار ہے"۔

کیا اس آیت کریمہ میں عورت کو سمجھایا گیا ہے کہ گھر بسانے کے لئے ضرورت پڑے تو خرچ کم کردے یا اپنا مہر معاف کردے یا اپنا خرچ کم کردے کیونکہ اگرچہ طلاق با وجود ناپسندیدہ چیز ہونے کے مباح رکھی گئی مگر طلاق سے صلح کی بہتر ہے۔ مردوں کا وسیع دل ہونا چاہیے اس میں انہیں احسان کرنے اور پرہیزگاری کا حکم دیا گیا ہے۔

**سوال نمبر 58: تعدد ازدواج کیا ہے؟ اس کے بارے میں قرآن پاک نے کیا شرط رکھی ہے؟ (النساء 129-130)**

**جواب:** اسلام نے مردوں کو ایک وقت میں 2/2 یا 3/3 یا 4/4 بیویاں رکھنے کی اجازت دی ہے۔ اگر وسائل ہوں اور مرد اپنی تمام بیویوں میں عدل وانصاف قائم رکھ سکے تو یہ حکم دیا گیا ہے دل کے مائل ہونے پر خاوند کا قابو نہیں ہے لیکن وہ نان ونفقہ اور دیگر حقوق میں ان میں عدل قائم کرنے کا پابند ہے ورنہ سخت گناہگار ہے۔ ایسی صورت میں ایک ہی بیوی پر اکتفا کرنے کا حکم ہے۔

**سوال نمبر 59: قرآن وسنت کے مطابق سب سے بڑی معاشرتی نیکی کیا ہے؟ (النساء 130)**

**جواب:** خاوند بیوی میں صلح کرنا بڑی نیکی اور باعث ثواب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَاِنْ تُصْلِحُوْا "اور اگر صلح کرو"۔

**سوال نمبر 60: نبی اکرمؐ کی خاتون اول کے بارے میں مختصراً بتایئے؟**

**جواب:** حضرت خدیجہؓ بنت خویلد جب شادی ہوئی نبی اکرمؐ کی عمر شریف 24 سال اور ان کی عمر چالیس سال تھی۔ آپؓ کے بطن سے نبی اکرمؐ کی چار بیٹیاں اور دو بیٹے ہوئے۔ ان سے نبی پاک کی محبت کا یہ حال تھا کہ ان کی زندگی میں کسی دوسری بیوی سے نکاح نہ کیا۔ حالانکہ وہ بیوہ تھیں۔

**سوال نمبر 61: سیدہ عائشہ صدیقہؓ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** حضرت عائشہ صدیقہؓ بنت ابوبکر صدیقؓ کی عمر مبارک 19 یا 21 سال تھی جب ان کی رخصتی ہوئی اور نبی اکرمؐ کے گھر تشریف لائیں۔ آپ عالمہ، عاقلہ، ذکیہ اور شدید فہم وفراست والی تھیں۔ از آدم تا قیامت ایسی بی بی نہ ہوگی۔ آپ کے تفقہ عقل وعلم سے وہ لوگ واقف ہیں جنہیں قرآن وحدیث کے مطالعہ کا شوق ہے۔ یہ خوبیاں ہیں جنہوں نے آپ کو محبوبہ محبوب رب العالمین بنا دیا۔ آپ کی عصمت کی گواہی قرآن پاک نے دی۔ آپ ہی کے پہلو میں نبی پاک کی وفات ہوئی۔ آپ کے حجرے شریف میں حضورؐ انور دفن ہوئے۔

**سوال نمبر 62: تقویٰ اور پرہیزگاری سے کیا اللہ تعالیٰ کو بھی فائدہ پہنچتا ہے؟ (النساء 131)**

**جواب:** مومن کی بیش بہا دولت کا نام تقویٰ اور پرہیزگاری ہے لیکن تقویٰ کی ضرورت ہمیں خود ہے۔ اللہ تعالیٰ کو ہماری نیکی سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ وہ تو فرماتے ہیں اگر تمام لوگ بھی اس کے نافرمان ہو جائیں تو اس کو کوئی نقصان نہیں۔ تمام زمین وآسمان کا مالک وہ ہے ہمیں اس کی ہر وقت حاجت ہے۔

**سوال نمبر 63: ناشکری کے لئے عربی زبان میں کیا لفظ ہے۔ نیز اس کا کیا مطلب ہے؟ ناشکری کی اقسام تحریر کریں؟ (النساء 131-132)**

**جواب:** عربی زبان میں ناشکری کے لئے **کفران** یا کفر کا لفظ ہے۔ چونکہ کفر کا مطلب چھپانا ہے۔ ایک دوا کا نام ہے کافور کہ وہ اپنی تیز خوشبو سے تمام خوشبوؤں کو چھپا لیتی ہے جس غلاف میں درخت کے پھل رہتے ہیں اسے کفرا

(۳) بُرے مشورے دینا اور اپنے شیطانی کارندوں کے ذریعے حکم دلوانا مراد ہے۔

(۴) فریب اور دھوکا دینا۔ چاند، تاروں کی پوجا کرنا اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنا کیونکہ ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے تو خلقت کی تبدیلی کرنا۔ غرضیکہ یہ آیت جملہ عقائد واعمال کی بہت ساری صورتوں میں شامل ہے۔

**سوال نمبر 50: جنت میں جانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے کیا شرائط رکھی ہیں؟ (النساء 124)**

**جواب:** وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ ...... وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا O

وہ انسان جو جسمانی اور مالی نیکیاں کرتا ہے۔ چاہے وہ مرد ہو یا عورت۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مرد اور عورت میں کوئی فرق روا نہیں رکھا مگر شرط یہ ہے کہ "وَهُوَ مُؤْمِنٌ" یعنی دین اسلام کا پیروکار ہو یعنی مسلمان ہو اس کی جزا یہ ہے کہ وہ بعد قیامت جنت میں جائے گا مطابق اعمال اسے جنت کا درجہ ملے گا اور ان پر تل برابر بھی ظلم نہ ہوگا۔

**سوال نمبر 51: حضرت ابراہیم کے دین میں دین وملت کے پیروی کرنے والے اہل لوگ کون ہیں؟ (النساء 126)**

**جواب:** جس کے اعمال کے ساتھ ساتھ عقائد بھی درست ہوں۔ وہ جو اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے۔ اخلاص کا پیکر ہو۔ دین ابراہیمی یعنی اسلام کا پیروکار ہو ہر بُرے عادو بُرائی سے دور رہو۔

**سوال نمبر 52: ابراہیم کا کیا مطلب ہے؟ (آیت نمبر 126)**

**جواب:** ابراہیم مجموعہ ہے اب رحیم مہربان باپ چونکہ آپ انبیاء کرام کے والد ہیں لہٰذا آپ باپ ہوئے اور چونکہ آپ جمالی رسول ہیں نہ کہ جلالی لہٰذا آپ رحیم ہیں۔

**سوال نمبر 53: حنیف کا کیا مطلب ہے؟ (آیت نمبر 126)**

**جواب:** یہ لفظ حَنَفْ سے بنا بمعنی کسی چیز سے علیحدگی حَنَفْ کی طرف جھکنا یعنی وہ جو ہر بے دین اور ہر بُرائی سے دُور رہے۔

**سوال نمبر 54: حضرت ابراہیمؑ کو خلیل اللہ کا لقب کیوں ملا؟ (آیت نمبر 126)**

**جواب:** تفسیر کبیر، رُوح المعانی اور رُوح البیان نے روایت کی کہ حضرت ابراہیم کا ایک مصری دوست تھا جو آپ کو اکثر اناج غلہ بھیجا کرتا تھا۔ ایک دفعہ علاقے میں قحط پڑ گیا۔ آپ نے اپنے غلاموں کو وہاں غلہ لینے بھیجا جب کہ آپ کے گھر میں بے تحاشا مہمان آئے ہوئے تھے۔ مصری دوست نے کہا کہ غلہ ابراہیم کے لئے تو ہے ان مہمانوں کے لئے نہیں ہے۔ غلام خالی ہاتھ واپس آرہے تھے۔ راستے میں اُنہوں نے بلا ارادہ بوریاں ریت سے بھر لیں تاکہ مہمان مایوس نہ ہوں۔ غلام سوئے ہوئے تھے کہ بی بی سارا اسے آٹا سمجھ کر بوریاں کھولیں تو نہایت نفیس گندم تھی۔ آپ نے تمام مہمانوں کے کھانے کا انتظام فرمایا۔ آپ گھر تشریف لائے پوچھا کھانا کیسے تیار ہوا؟ اُنہوں نے فرمایا کہ آپ کے مصری خلیل نے گندم بھیجی ہے۔ فرمایا مصری خلیل کے نہیں بلکہ عرشی خلیل نے بھیجی ہے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ نام بڑا پسند آیا۔ ان کو خلیل اللہ کا لقب دیا۔

**سوال نمبر 55: آیت نمبر 127 کس موقع پر نازل ہوئی؟**

**جواب:** تفسیر رُوح البیان نے فرمایا کہ حضرت عیینہ بن حصینؓ نے بارگاہ رسالتؐ میں عرض کیا یا رسول اللہ آپ تو میت کی میراث سے بیٹی و بہن کو بھی نصف دے دیتے ہیں ہم تو صرف بالغ مردوں کو ہی دیا کرتے تھے۔ آپؐ نے فرمایا مجھے میرے رب نے یہی حکم دیا ہے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔ اس کے علاوہ ایک اور روایت ہے حضرت عبداللہ بن جبیرؓ سے روایت ہے کہ زمانہ جاہلیت میں چھوٹے بچوں اور بیویوں کو میت کے میراث سے حصہ نہ ملتا تھا۔ جب بیویوں کی میراث کے احکام نازل ہوئے تو مسلمانوں کو تعجب ہوا۔ سمجھے یہ حکم عارضی ہے مگر اس کی ناسخ کوئی آیت نہ اُتری۔ اُنہوں نے نبی اکرمؐ سے پوچھا تب یہ آیت نازل ہوئی۔

**سوال نمبر 56: بیوہ عورتوں اور یتیم بچیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے؟ (النساء 127)**

**جواب:** اس آیت میں اللہ تعالیٰ براہ راست تمہیں فتویٰ دیتا ہے کہ وہ یتیم بچیاں جن کو تم ان کا طے شدہ شرعی حق یعنی میراث نہیں دیتے بلکہ خود کھا جاتے

**سوال نمبر 44: آیت نمبر 113 میں نبی اکرمؐ پر اللہ تعالیٰ کے کون کون سے آٹھ انعامات کا تذکرہ ہے؟**

**جواب:** (۱) اللہ تعالیٰ کا فضل (۲) اللہ تعالیٰ کی رحمت (۳) معصومیت (۴) محفوظیت (۵) کتاب کا اُتارنا (۶) حکمت عطا کرنا (۷) علوم غیبیہ پر آپ کو مطلع کرنا (۸) آپؐ پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل ہونا۔

**سوال نمبر 45: قرآن وحدیث میں کیا فرق ہے؟ نیز شریعت میں حدیث کا کیا مقام ومرتبہ ہے؟ (النساء 113)**

**جواب:** قرآن مجید کے الفاظ کا نزول بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوا جب کہ حدیث پاک کا معنی ومفہوم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے جبکہ الفاظ نبی پاکؐ کے ہیں۔

قانونی حیثیت: جس طرح قرآن مجید واجب العمل ہے اسی طرح حدیث شریف بھی واجب العمل ہے بلکہ حدیث کے بغیر قران پاک پر عمل ناممکن ہے۔ جیسا کہ آیت نمبر 113 سے ثابت ہوا۔

**سوال نمبر 46: نجویٰ کا کیا مطلب ہے اس کی کتنی اقسام ہیں؟ مختصراً لکھیے۔ (النساء 114)**

**جواب:** "نَجوٰی"، "نَجْوٌ" سے بنا ہے جس کا مطلب ہے "علیحدگی"۔ اصطلاح میں ہر مشورے کو "نجوٰی" کہتے ہیں۔ یہاں "نجوٰی" سرگوشی اور خفیہ تدبیر مُراد ہے۔ مشورے تین قسم کے ہوتے ہیں۔ جائز، ثواب، حرام۔

(۱) جائز: دُنیاوی کاروبار کے لئے مشورہ جائز ہے۔

(۲) خدمت دین اور خدمت مسلمین کے لئے کرنا ثواب ہے۔

(۳) اسلام کے خلاف یا مسلمانوں کو نقصان دینے کے لئے مشورہ کرنا حرام ہے۔

**سوال نمبر 47: آیات 116۔118 کس موقع پر نازل ہوئیں؟**

**جواب:** اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ ..... نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا O

ترجمہ: "بے شک اللہ تعالیٰ نہیں بخشتا کہ اس کا شریک ٹھہرایا جائے"۔

حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ایک بوڑھا بارگاہ رسالت مآبؐ حاضر ہوا۔ بولا میں عمر بھر گناہوں میں گرفتار رہا مگر جب سے اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا اس کا کوئی شریک نہیں ٹھہرایا اور میں نے گناہ کئے مگر اللہ تعالیٰ پر دلیری کرکے نہ کئے بلکہ غلطی سے کئے۔ کبھی میرے دل میں یہ وہم بھی نہ گزرا کہ میں اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بھاگ سکتا ہوں۔ میں اب توبہ کرتا ہوں اپنے گناہوں پر نادم ہوں۔ فرمایا جائے میرا کیا حال ہوگا؟ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں اس کی مغفرت کی بشارت دی گئی کہ اللہ تعالیٰ سوائے شرک کے سارے گناہ معاف کردیتا ہے۔

**سوال نمبر 48: شرک سب سے بڑا گناہ کیوں ہے؟ عقلی دلیل دیں۔ (النساء 116۔118)**

**جواب:** شرک معاف نہیں باقی گناہوں کی معافی کی گنجائش ہے۔ کیونکہ دُنیا کا اصول ہے، عقل انسانی کا تقاضا ہے کہ **"جس کا کھایا جائے اس کا گایا جائے"**۔ مشرک کھاتا اللہ تعالیٰ کا ہے اور گاتا ہے دوسرے کا۔ عورتوں کے نام کے بت بناتے ہیں۔ چاند، سورج، ستارے جو محکوم ہیں ان کو پوجتے ہیں۔

**سوال نمبر 49: شیطان کی کیا کیا چالبازیاں ہیں جن سے وہ اولادِ آدم کو گمراہ کرتا ہے؟ (النساء 119۔120)**

**جواب:** وَلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ.... الخ۔ شیطان کی وہ چالبازیاں جو وہ انسانوں سے کرتا ہے۔ کچھ چالوں کا تعلق انسان کے عقائد سے اور کچھ کا تعلق انسان کے اعمال سے ہے۔

(۱) عقائد سے متعلقہ چالوں میں پہلی چال ہے حق سے بہکانا دلوں میں وسوسہ ڈال کر باطل میں پھنسا دینا۔ جھوٹی چیزوں کو آراستہ کرکے دکھانا۔ اچھی چیزوں کو بھیانک کرنا کہ انسان کا دل جھوٹ کی طرف لگے۔ ایسا شیطان کا تسلط انسان کے خیال کو بگاڑ دیتا ہے یعنی گمراہ اور بے دین کردینا یہ صرف کفار کے لئے ہی ہے۔ عام مسلمانوں کے لئے ہے کہ دھوکا دینا یا کوشش کرنا یہ سارے انسانوں کے لئے ہے۔

(۲) جھوٹی خواہشات پیدا کرنا کہ دُنیا میں مزے اڑالو۔ آخر عمر میں توبہ کرلینا۔

**جواب:** ترجمہ: "کافروں کی تلاش میں سُستی نہ کرو اگر تمہیں رنج پہنچتا ہے تو بے شک وہ بھی رنج کھینچتے ہیں اور تم اللہ تعالیٰ سے وہ اُمید رکھتے ہو جو وہ نہیں رکھتے اور اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا ہے"۔

مسلمان مجاہد اور کافر تکلیف میں مشترک ہیں لیکن مسلمان کو اللہ تعالیٰ کے کرم کی وہ اُمید ہے جو کفار کو نہیں۔ مسلمان کافر کو مارے تو غازی، اور اگر مرجائے تو شہید۔

**سوال نمبر 38: آیات 105 تا 115 میں کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے تحریر کریں۔**

**جواب:** قبیلہ انصار میں طعمہ بن ابیرق جس کا لقب بشر تھا۔ وہ ایک بہت بڑا منافق اور عادی چور تھا۔ ایک رات اس نے اپنے پڑوسی قتادہ کے گھر گھس کر چوری کی جس میں آٹا بھی تھا اور زرہ بھی۔ تھیلہ پھٹا ہوا تھا، آٹا گرتا گیا طعمہ یہ تھیلہ ایک یہودی زید بن سمین کے پاس امانت کرکے رکھ آیا۔ صبح کو اس تھیلہ کی تلاش ہوئی۔ طعمہ پر شبہ کیا گیا وہ قسم کھا گیا کہ نہ میں تھیلہ چرایا ہے نہ مجھے اس کے متعلق خبر ہے۔ کھوج سے یہودی کے گھر تک آٹا گرتا ہوا گیا تھا۔ اس لئے قتادہ کے گھر والے یہودی کے گھر پہنچے اور اس کے گھر سے تھیلہ برآمد کرلیا۔ یہودی نے چوری سے انکار کیا کہ طعمہ نے اس کو امانتاً رکھوایا تھا۔ اس طرح طعمہ اور یہودی کے حامیوں نے اپنے اپنے ساتھی کو بچانے کی کوشش کی۔ نبی اکرمؐ نے فریقین کا بیان سُن کر فیصلہ نہ فرمایا۔ اس موقع پر آیات نازل ہوئیں اور سارا معاملہ واضح ہوگیا کہ چوری طعمہ نے کی ہے اور وہی مجرم ہے۔

**سوال نمبر 39: آیت نمبر 105 میں نبی کریمؐ کی کون سی تین صفات عالیہ کا بیان ہے؟**

**جواب:** (۱) نبی پاکؐ کا صاحب کتاب ہونا "اِنَّآ اَنۡزَلۡنَآ اِلَيۡكَ الۡكِتٰبَ"۔

(۲) لِتَحۡكُمَ بَيۡنَ النَّاسِ: تا کہ آپؐ لوگوں کے درمیان قرآن کے ذریعہ فیصلہ فرمائیں۔

(۳) بِمَآ اَرٰٮكَ اللّٰهُ جو اللہ تعالیٰ آپ کو دکھا دے، سمجھا دے خواہ بذریعہ وحی یا بذریعہ دلائل یا بذریعہ کشف یا بذریعہ وحی یا بذریعہ اجتہاد جس طرح بھی آپؐ حقیقی حال کو پہنچیں اس کے مطابق فیصلہ کریں۔

**سوال نمبر 40: توبہ کے لئے شرائط۔ ارکان۔ متعلقین اور مستحبات کیا کیا ہیں؟ (النساء 110۔112)**

**جواب:** ارکان تو بہ تین ہیں گذشتہ جرم پر ندامت۔ آئندہ نہ کرنے کا عہد، معافی مانگنا۔ حقوق کی ادائیگی اور کوتاہی جو ہو چکی اس کی تلافی کر دینا۔

کسی مقبول بندے کے توسل۔ آنکھ کا پانی۔ مستحب یہ ہے کہ توبہ میں جلدی کرے موت سے پہلے توبہ کرلو۔ فوت سے پہلے نماز پڑھ لو۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ مجھ سے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حدیث بیان کی ابوبکر نے سچ فرمایا جو بندہ گناہ کرے پھر وضو کر کے دو نفل پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے معافی چاہے تو اس کی بخشش کی جائے گی۔

**سوال نمبر 41: فضل اور رحمت میں کیا فرق ہے؟ (النساء 113)**

**جواب:** فضل کے لغوی معنی ہیں زیادتی۔ رحمت کے معنی ہیں مہربانی۔ اصطلاح میں فضل وہ عطیہ ہے جو حق سے زیادہ دیا جائے جب کہ رحمت وہ جو بغیر استحقاق دیا جائے۔

مزدور کو اُجرت سے زیادہ دے دیا جائے یہ زیادتی فضل ہے اور بغیر کام کرائے کچھ دے دیا جائے یہ ہے رحمت۔

**سوال نمبر 42: نبی اکرمؐ پر اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت کا کیا مطلب ہے؟ (النساء 113)**

**جواب:** رحمت۔ حضور پاکؐ کو نبوت کے لوازمات جیسے وحی۔ معجزہ۔ یہ آپؐ کا حق ہے۔ اس پر زیادتی (فضل) یہ کہ قرآن پاک دینا۔ خاتم النبیین بنانا۔ رحمت یہ کہ آپؐ کو علم غیب اور معراج عطا کیا۔ فضل کہ علوم غیبیہ پر مطلع فرمانا۔

**سوال نمبر 43: کتاب اور حکمت سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** الکتاب سے مُراد قرآن شریف ہے اور حکمت سے مُراد وہ الفاظ مبارک جو آپؐ کے منہ سے بطور حدیث نکلے ہیں۔ حکمت کے معنی ہیں مفید بات یا مضبوط بات چونکہ حضورؐ کا کوئی فرمان فائدے سے خالی نہیں ہے۔ ہر کلمہ میں ہزارہا فوائد ہیں اور حضورؐ کا ہر فرمان نہایت پختہ اور مضبوط ہے کہ اسے زمانہ نہیں مٹا سکتا تا قیامت یہ فرمان قائم رہیگا۔

سفر کرو تم پر گناہ نہیں کہ بعض نمازیں قصر سے پڑھو، اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ایذا دیں گے۔ بے شک کفار تمہارے کھلے دشمن ہیں۔ ساری اُمت کا اس پر اجماع ہے کہ سفر میں نماز قصر ہے یعنی چار رکعت فرض دو رکعت پڑھی جائیں گی۔ اس میں اختلاف ہے کہ قصر جائز ہے یا واجب۔ احناف کے ہاں قصر واجب ہے دوسرے آئمہ کے نزدیک جائز ہے۔ ہر سفر میں قصر ہے۔ احناف کے ہاں سفر کی مسافت تین دن کی راہ ہے۔ اس سے کم سفر میں قصر نہیں۔ موجودہ سرکاری میلوں کے حساب سے تقریباً ستاون (57) میل بنتے ہیں۔ مدت قیام پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرے تو اس صورت میں قصر نہیں جب کہ پندرہ دنوں سے کم رہے تو قصر ہوگی اور قصر صرف فرضوں کی ہے نہ کہ نفلوں، سنتوں کی۔ حضور سید عالمؐ اور تمام صحابہ کرامؓ نے ہمیشہ سفر میں سنتیں پڑھی ہیں۔

**سوال نمبر 33: نماز خوف کیا ہے اور اس کے پڑھنے کا کیا طریقہ ہے؟ (النساء 102)**

**جواب:** وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ ...عَذَابًا مُّهِيْنًاO نماز خوف کے متعلق علماء اُمت و صحابہ کرامؓ میں بڑا اختلاف ہے۔ احناف میں سے امام ابو یوسف اور شوافع میں امام مزنی فرماتے ہیں کہ یہ نماز حضورؐ کی خصوصیات سے تھی۔ ان کی دلیل واذا کنت فیھم ہے لیکن حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور جابر بن عبداللہؓ کا قول ہے کہ نماز خوف ہوگی تو ہمیشہ ایسے خوف کے وقت کہ دشمن سامنے ہے اور جنگ کا آغاز نہیں ہوا۔ ایسی صورت میں لشکر کی دو جماعتیں ہوں گی۔ امام پہلی جماعت کو ایک رکعت پڑھاوے پھر یہ جماعت دشمن کے مقابل چلی جائے۔ دوسری جماعت امام کے پیچھے آجائے انہیں امام دوسری رکعت پڑھاوے۔ پھر امام تو التحیات پڑھ کر سلام پھیرے اور دوسری جماعت دشمن کے مقابل کھڑی ہو جائے۔ پہلی جماعت اپنی دوسری رکعت بغیر قرأت کے پڑھ کر سلام پھیرے اور دشمن کے مقابل کھڑی ہو جائے پھر دوسری جماعت اپنی رکعت قرأت کے ساتھ رکعت پوری کر کے سلام پھیر دے۔ یاد رہے جب دشمن کا خطرہ بہت زیادہ ہو اس طریقہ سے نماز نہ پڑھی جاسکے تو امام شافعیؒ کے ہاں گھوڑوں پر یا پیدل دوڑتے ہوئے اشاروں سے پڑھ لی جائے۔ امام اعظمؒ کے ہاں اس طرح نہ پڑھے بلکہ نماز قضا کر دے اس میں با قاعدہ پڑھے۔

**سوال نمبر 34: نماز قائم کرنے سے کیا مراد ہے؟ (النساء 103)**

**جواب:** اقامت سے مراد ہے نماز کے تمام شرائط و ارکان فرائض و واجبات و سنن و مستحبات کے ساتھ نماز ادا کرنا یعنی درست طور پر نماز پڑھنا۔

**سوال نمبر 35: "بے شک نماز مسلمانوں پر وقت مقررہ پر ہی فرض ہے"۔ اوقات نماز کون کون سے ہیں؟ (النساء 103)**

**جواب: نماز فجر:** صبح صادق سے طلوع آفتاب تک ہے۔

**نماز ظہر:** ظہر کا وقت سورج ڈھلنے سے ہر چیز کا سایہ دوگنا ہونے تک سوا اصل سایہ کے۔

**نماز عصر:** عصر کا وقت اس وقت سے آفتاب ڈوبنے تک ہے۔

**نماز مغرب:** مغرب کا وقت غروب آفتاب سے شفق غائب ہونے تک۔

**نماز عشاء:** عشاء کا وقت شفق غائب ہونے سے پو پھٹنے تک۔

نماز وتر کا وقت فرض عشاء کے بعد سے پو پھٹنے تک۔

**عیدین:** عیدین کا وقت طلوع آفتاب کے بیس منٹ بعد سے دوپہر نصف النہار تک۔

**تہجد:** تہجد کا وقت عشاء پڑھ کر سونے کے بعد سے پو پھٹنے تک۔

**اشراق:** اشراق کا وقت طلوع سے بیس منٹ بعد سے چہارم دن تک۔

**چاشت:** چاشت کا وقت چہارم دن سے دوپہر نصف النہار تک۔

**سوال نمبر 36: ذکر کرنے کے لئے کیا احکامات ہیں؟ (النساء 103)**

**جواب:** ارشاد خداوندی ہے کہ نماز تو ذکر کی بہترین صورت ہے لیکن نماز بعد کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے رہو چاہے بیٹھ کر کھڑے ہو کر یا لیٹ کر جیسے بھی ہو سکے اس کا ذکر کرتے رہنا چاہیے۔

**سوال نمبر 37: میدان جنگ میں مسلمان مجاہد اور کافر مساوی طور پر دونوں ہی زخمی ہوتے لیکن فرق کیا ہے؟ (النساء 104)**

**سوال نمبر 27: دیت کسے کہتے ہیں۔ نیز اس کی کون سی دو اقسام ہیں؟**

**جواب:** ناحق خون کا مالی معاوضہ دیت کہلاتا ہے۔ اس کی دو اقسام ہیں۔

**1۔ دیت مغلظہ 2۔ دیت خفیفہ**

**1۔ دیت مغلظہ:** یہ ہے کہ قاتل کی طرف سے مقتول کے وارثوں کو سو اونٹ اس طرح دیئے جائیں کہ ان میں تیس حقہ، تیس جزعہ اور چالیس خلفہ (حاملہ اونٹنیاں) ہوں۔ یہ واجب ہوتی ہیں جب کہ مقتول کے وارثین قصاص معاف کردیں اور یہ فوراً ادا کی جاتی ہے۔

قتل شبہ عمد میں بھی دیت مغلظہ ہے مگر مقتول کے وارثوں کو تین سال میں ادا کرنا واجب ہے۔

**2۔ دیت خفیفہ:** یہ ہے کہ مقتول کے وارثوں کو بیس ایک سالہ (مخاض) اونٹنیاں۔ بیس (لبون) دوسالہ اونٹنیاں۔ بیس تین (حقہ) سالہ اونٹنیاں اور بیس چار (جزعہ) سالہ اونٹنیاں یہ بھی تین سال میں واجب ہے۔

**سوال نمبر 28: آیت نمبر 94 النساء کس موقع پر نازل ہوئی یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ.....تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا O**

**جواب:** علاقہ فدک میں کفار کی ایک قوم آباد تھی اس میں مرد صرف مسلمان ہوئے تھے۔ ان کی طرف نبی اکرمؐ نے غالب بن فضالہ کو سپہ سالار بنا کر بھیجا لشکر کو دیکھ کر سب لوگ بھاگ گئے سوائے مردوں کے۔ اسلامی لشکر کو دیکھ کر انہوں نے کلمہ پڑھا اور مسلمانوں سے کہا السلام علیکم میں مومن ہوں۔ اس لشکر میں اُسامہ بن زید بھی تھے سمجھے کہ اپنی جان بچانے کے لئے کلمہ پڑھ رہا ہے ان کو قتل کیا۔ ان کی بکریوں پر قبضہ کیا اور بارگاہ رسالتؐ میں آ گئے۔ آپؐ بہت ناراض ہوئے اور پھر یہ آیتیں نازل ہوئیں۔

**سوال نمبر 29: اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرنے کی کیا فضیلت ہے؟ (النساء 95-96)**

**جواب:** جہاد اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مال و جان سے جہاد کرنے والوں کو بلا وجہ جہاد نہ کرنے والوں پر بہت فضیلت دی ہے ان کے لئے خاص مغفرت کا وعدہ ہے۔ حضرت ابن زاہدؒ فرماتے ہیں کہ مومن کے ساٹھ درجے ہیں جن میں یہ لوگ رہتے ہیں۔ ابن محیریز فرماتے ہیں کہ مجاہد و غیر مجاہد کے درمیان ستر درجوں کا فاصلہ ہے۔ ہر دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے کہ تیز گھوڑا ستر سال میں طے نہ کر سکے۔ (تفسیر خازن)

**سوال نمبر 30: ہجرت کے بارے میں ان آیات میں کیا حکم ہے؟ (النساء 97-99)**

**جواب:** جس طرح ضرورت کے وقت جہاد فرض ہو جاتا ہے ایسے ہی دارالکفر سے ہجرت کر جانا اور وہاں جا کر رہنا جہاں اسلامی آزادی ہو فرض ہے۔ جو لوگ قدرت ہوتے ہوئے بھی ہجرت نہیں کرتے اور اسی حال میں ان کو موت آ گئی ان کی موت کے وقت فرشتے سخت سرزنش کر رہے ہوں گے۔ ایسے بہانہ بازوں کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا۔ لیکن مجبور و معذور مرد عورتیں بچے جن کے پاس نہ تو سامان وافر تھا نہ ان کو راستے معلوم تھے ان کے متعلق معافی کی اُمید کی جا سکتی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرمایا کرتے تھے کہ انہی مجبوروں میں سے میں اور میری والدہ اُم الفضل تھیں۔

**سوال نمبر 31: ہجرت کرنا جب فرض ہو جائے تو اس وقت ہجرت کرتے ہوئے وفات پا جانے والے مسلمانوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟ (النساء 100)**

**جواب:** حضرت جندع بن ضمیرہؓ۔ خالد بن حزامؓ اور اکثم بن صیفیؓ مکہ سے ہجرت کرتے ہوئے راستے میں وفات پا گئے۔ اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیت میں ان سے وعدہ فرمایا کہ جب یہ لوگ خلوص کے ساتھ گھروں سے نکل کھڑے ہوئے اور راستے میں ہی موت آ گئی وہاں پہنچ نہ سکے اس کا اجر اور ہجرت کا درجہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم واجب ہو چکا۔ اللہ تعالیٰ بڑا ہی بخشنے والا مہربان ہے اور وہ نیت کو دیکھتا ہے۔ وہ اس شخص کے سارے گناہ معاف فرما دے گا اور اس پر بہت رحم فرمائے گا۔

**سوال نمبر 32: نماز قصر کسے کہتے ہیں؟ اس کے کیا احکامات ہیں؟ (النساء 101)**

**جواب:** وَاِذَا ضَرَبْتُمْ....عَدُوًّا مُّبِیْنًا O "ترجمہ: اور جب تم زمین میں

جواب: نہیں ہر خبر پھیلانا فساد و فتنہ کا باعث بن جاتا ہے کوئی خبر بغیر سمجھے بوجھے نہ پھیلانی چاہیے۔

**سوال نمبر 19: سورۃ النساء کی آیت نمبر 86 میں سلام کرنے کا کیا طریقہ بتلایا گیا ہے؟**

جواب: فرمایا "وَاِذَا حُيِّيْتُم..." اور جب تمہیں کوئی سلام کرے تو تم اس سے بہتر جواب دو یا وہی کہہ دو۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر حساب لینے والا ہے۔ سب سے پہلے سلام حضرت آدم علیہ السلام نے فرشتوں کو کیا۔ فرمایا سلام کو آپس میں پھیلاؤ فرمایا سوار پیدل کو چلنے والا، بیٹھے ہوئے کو تھوڑی جماعت بڑی جماعت کو، چھوٹی عمر والا، بڑی عمر والے کو سلام کرے۔ "السلام علیکم" کے الفاظ ہیں، اضافہ "ورحمۃ اللہ وبرکاتہ" ہوسکتا ہے۔ سلام کرنے والا 30 نیکیاں پاتا ہے جواب دینے والے کو 10 نیکیاں ملتی ہیں اس لئے سلام میں پہل کریں۔

**سوال نمبر 20: جب اپنے گھر میں داخل ہوں تو سلام کرنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟ (آیت نمبر 86)**

جواب: اتفاق و اتحاد پیدا ہوتا ہے اور رزق میں برکت ہوتی ہے۔

**سوال نمبر 21: جب خالی گھر میں جائیں تو کیسے سلام کیا جائے۔**

جواب: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ O کہا جائے۔

**سوال نمبر 22: جب مسجد میں جائیں تو کیسے سلام کریں؟ (آیت نمبر 86)؟**

جواب: بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ O

**سوال نمبر 23: آیت نمبر 88 کون سے منافقین کے متعلق نازل ہوئی؟**

جواب: مدینہ منورہ کے اطراف سے ایک قوم آپؐ کے پاس آ کر مسلمان ہوئی، کچھ روز رہ کر عرض گزار ہوئے کہ ہماری زمین مکانات اطراف مکہ معظمہ میں ہیں۔ اجازت دی جائے کہ ہم وہاں جا کر پھر آباد ہو جائیں۔ پھر بغیر اجازت حاصل کئے ہوئے وہاں چلے گئے۔ ان کے متعلق صحابہ کرامؓ میں بحث ہوئی بعض نے ان کو مومن ثابت کرنے پر زور دیا جب کہ دوسروں نے انہیں منافق قرار دیا۔ تب یہ آیت نازل ہوئی جس میں اس جماعت کی حمایت کی گئی جو انہیں مرتد منافق تھی۔

**سوال نمبر 24: آیت نمبر 89 میں کفار و مرتدین کی کس چال کا بیان ہے؟**

جواب: وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ....وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا O کہا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ "اے مسلمانو! تم تو اپنے سیدھے پن سے ان کو سچا ہی گردانتے ہو لیکن ان کا حال یہ ہے یہ پہلے ہی کلمہ پڑھ کر تمہارے ساتھ اس لئے شامل ہوئے تھے کہ تم میں گھل مل کر تم کو کافر بنالیں۔ تم اور وہ کفر میں برابر ہو جاؤ لہٰذا ہوشیار رہو اور انہیں اس وقت تک دوست نہ جانو جب تک کہ وہ ایمان لا کر اخلاص کے ساتھ مدینہ کی طرف ہجرت نہ کر جائیں"۔

**سوال نمبر 25: مسلمانوں کے بدترین دشمن کون ہیں؟ (آیت نمبر 91۔ النساء)**

جواب: ویسے تو یہود و نصاریٰ اور مشرکین سب ہی مسلمانوں کے دشمن ہیں۔ اَلْكُفْرُ مِلَّةٌ وَّاحِدَةٌ. ارشاد نبویؐ کے مطابق "کفر ایک ہی (دین) ہے" لیکن منافقین مسلمانوں کے بدترین دشمن ہیں۔ مومنین و کفار دونوں کو خوش رکھنا منافقت ہے اور ایسا شخص سب کے لئے خطرناک ہے۔

**سوال 26: قتل کی کون کون سی صورتیں ہیں؟ نیز ان پر کیا سزائیں ہیں؟**

جواب: قتل کی تین صورتیں ہیں۔ قتل عمد۔ قتل شبہ عمد۔ قتل خطا۔

**(قتل عمد):** قاتل قتل کے ارادے سے ایسے ہتھیار سے قتل کرے جو قتل کے لئے بنایا ہو جیسے چاقو یا پستول وغیرہ۔ اس قتل کی بعض صورتوں میں قصاص واجب ہے یا دیت مغلظہ جو فوراً قاتل اپنے مال سے ادا کرے۔

**(قتل شبہ عمد):** انسان بارادہ قتل کسی ایسے ہتھیار سے کرے جو قتل کے لئے بنا نہیں جیسے چھڑی، قینچی یا چھوٹا پتھر جس کو نازک جگہ پر مار کر ہلاک کر دے اس میں قصاص نہیں بلکہ "دیت مغلظہ" ہے جو قاتل کے وارثوں سے تین سال تک ادا کرنا واجب ہوگی۔

**(قتل خطا):** اس کی صورت یہ ہے کہ کسی شکار یا کسی جنگلی دشمن کو مار رہا تھا کہ مسلمان کے لگ گئی اور وہ ہلاک ہوگیا۔ اس میں قاتل کے وارثوں پر دیت تین سال میں ہی ادا کرنا لازم ہے۔

**جواب:** فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ○

ترجمہ: "پس نیکوکار جو اپنے خاوندوں کی اطاعت کرنے والی۔ خاوند کی غیر موجودگی میں اس کی عزت اور مال اور اولاد کی حفاظت کرنے والی ہیں"۔

**سوال نمبر 10: سورۃ النساء کی آیات 37-36 میں کن دس حکموں کا بیان ہے اور کن پانچ چیزوں سے منع کیا گیا ہے؟**

**"احکامات"**

**جواب:** ۱۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت ۲۔ والدین سے حُسنِ سلوک
۳۔ قرابتداروں سے اچھا برتاؤ ۴۔ یتیموں کے حقوق
۵۔ مسکینوں کے حقوق ۶۔ قریب کے پڑوسیوں سے حُسن سلوک ۷۔ دُور کے پڑوسیوں سے حسن سلوک ۸۔ ہر قسم کے ساتھی سے اچھا برتاؤ ۹۔ مسافر کی خدمت ۱۰۔ غلام کی دلجوئی

**"ممانعت"**

پانچ چیزوں سے منع فرمایا گیا ہے۔
۱۔ تکبر سے ۲۔ شیخی خورے سے ۳۔ بخیل سے
۴۔ بخیلی کا مشورہ دینے والے سے
۵۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کو چھپانے والے سے۔

**سوال11: وضو اور غسل پر جب قدرت نہ ہو تو کس چیز کا حکم ہے؟ نیز وہ حکم کس غزوہ کے موقع پر نازل ہوا؟ (آیت نمبر 43)**

**جواب:** وضو اور غسل پر جب قدرت نہ ہو تو "تیمم" کا حکم ہے یعنی قصد اور ارادہ کرنا۔ تب مٹی یا مٹی کی سی چیز پر دونوں ہاتھ مار کر چہرے پر پھیریں اور دوبارہ ہاتھ مار کر دونوں بازوؤں پر پھیر لیں تیمم ہو جائے گا۔ یہ حکم غزوہ مریسیع کے موقع پر نازل ہوا۔

**سوال نمبر 12: سب سے بڑا گناہ کون سا ہے جو معاف نہیں ہوگا؟ (آیت نمبر 36)**

**جواب:** شرک۔ اس کے علاوہ باقی گناہوں کی معافی ہو سکتی ہے لیکن اگر سچے دل سے توبہ کرلی جائے تو دُنیا میں ہی اللہ تعالیٰ معاف فرما سکتا ہے۔

**سوال نمبر 13: سورۃ النساء کی آیت نمبر 59 میں کتنی قسم کی اطاعتوں کا تذکرہ ہے؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی اطاعت، رسول پاکؐ کی اطاعت۔ حکومت کرنے والوں کی اطاعت۔ "اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرو، رسولؐ کی فرمانبرداری کرو اور حکومت کرنے والوں کی"۔

**سوال نمبر 14: سورۃ النساء کی آیت 61-60 کا شانِ نزول کیا ہے؟**

**جواب:** ایک منافق شخص اور ایک یہودی کے مابین جھگڑا ہوا۔ وہ نبی پاکؐ کے پاس گئے۔ آپؐ نے یہودی کے حق میں فیصلہ دیا۔ منافق کو پسند نہ آیا وہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس اس کو لے گیا۔ اُنہوں نے بھی رسول پاکؐ جیسا ہی فیصلہ کیا۔ اس منافق کو یہ پسند نہ آیا تو حضرت عمرؓ کے پاس چلا گیا۔ جب ان کو پتہ چلا کہ یہ نبی پاکؐ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ سے ہو کر آئے ہیں تو آپ نے تلوار لا کر اس منافق کا سر قلم کر دیا کہ عمرؓ کے نزدیک اس کا یہی فیصلہ ہے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔

**سوال نمبر 15: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں گناہ بخشوانے کا دُوسرا راستہ کون سا ہے؟ (آیت نمبر 64)**

**جواب:** اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جائیں اور اپنے گناہوں کا اعتراف کریں اور سچی توبہ کی التجا اللہ تعالیٰ کے حضور کریں۔

**سوال نمبر 16: آیت نمبر 69 کے مطابق اللہ تعالیٰ کی طرف سے انعام یافتہ لوگ کون ہیں؟**

**جواب:** ۱۔ انبیاءِ کرام ۲۔ صدیقین ۳۔ شہداء ۴۔ صالحین

**سوال نمبر 17: موت کے برحق ہونے پر قرآن حوالہ دیں؟ (آیت نمبر 78)**

**جواب:** كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ○ "ہر جان موت کا ذائقہ چکھنے والی ہے"۔

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ○ "تم جہاں کہیں ہو موت تمہیں آ ہی لے گی چاہے تم مضبوط قلعوں میں چلے جاؤ"۔

**سوال نمبر 18: کیا ہر خبر پھیلانا جائز ہے؟ (آیت نمبر 83)**

# پانچواں پارہ ایک نظر میں

پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی ،مسرت عظمت فاروقی

**سوال نمبر 1: محرم رشتے کون کون سے ہیں؟ (آیت نمبر 23)(النساء)**

**جواب:** ۱۔ مائیں ۲۔ بہنیں ۳۔ بیٹیاں
۴۔ پھوپھیاں ۵۔ خالائیں ۶۔ بھتیجیاں
۷۔ بھانجیاں ۸۔ رضاعی مائیں ۹۔ ساس
۱۰۔ رضاعی بہنیں ۱۱۔ بیویوں کی اولاد ۱۲۔ بہوئیں
۱۳۔ سالیاں ۱۴۔ کوئی بھی شادی شدہ عورت

**سوال نمبر 2: مہر کسے کہتے ہیں؟ نیز اس کا نام مہر کیوں ہے؟ (آیت نمبر 2۔ النساء)**

**جواب:** وہ مال یا چیز جو خاوند شادی کے وقت بیوی کو ہدیہ دے یا دینا طے کرے اس کو مہر کہتے ہیں۔ نیز مہر اس لئے کہتے ہیں کیونکہ یہ محبت سے دیا جاتا ہے نہ کہ بوجھ سمجھ کر۔

مہر کے لفظی معانی بھی محبت والفت کے ہیں جیسے مہر ومحبت ۔

**سوال نمبر 3: گناہ کتنی قسم کے ہیں؟ (آیت نمبر 31)**

**جواب:** گناہ دو قسم کے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

۱۔ گناہ کبیرہ ۲۔ گناہ صغیرہ

**سوال نمبر 4: ان دونوں میں فرق کیا ہے؟ (آیت نمبر 31)**

**جواب:** جس گناہ پر دُنیاوی سزا یا اُخروی عذاب مقرر ومذکور ہو وہ کبیرہ ورنہ صغیرہ ہے۔

**سوال نمبر 5: گناہ کبیرہ کتنے ہیں؟ (آیت نمبر 31)**

**جواب:** مختلف اقوال ہیں۔ مُسلم وبخاری کی روایت "سات" ہلاک کرنے والی چیزوں سے بچو۔ شرک، جادو، حرام نفس کا قتل، یتیم کا مال کھانا، سود کھانا، جہاد میں بزدلی سے بھاگ جانا، پاک دامن مومنہ عورتوں پر زنا کا الزام لگانا۔

**سوال نمبر 6: مذکورہ آیت کے حوالے سے عورتوں کی فضیلت کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا ارشاد ہے؟ (آیت نمبر 32)**

**جواب:** حضور انورؐ نے فرمایا کہ حاملہ عورت کو دن بھر روزہ اور رات بھر نمازیں پڑھنے کا ثواب نو ماہ تک ملتا رہتا ہے اور جننے کی تکلیف میں اسے بے حساب ثواب ملتا ہے اور جب بچے کو دودھ پلاتی ہے تو اسے ہر گھونٹ پر ایک جان بچانے کا ثواب ملتا ہے۔ مزید کہ عورت بحیثیت ماں، بیٹی اور بیوی بہت زیادہ شان اور مرتبہ ومقام رکھتی ہے۔

**سوال نمبر 7: وہ کون سی نیکیاں ہیں جو صرف مرد کر سکتے ہیں اور وہ کون سی نیکیاں ہیں جو صرف عورتیں کر سکتی ہیں؟ (آیت نمبر 32)**

**جواب:** بعض نیکیاں صرف مرد کر سکتے ہیں جیسے جہاد میں عملاً جنگ کرنا، نماز کی امامت، قاضی یا بادشاہ ہونا۔

بعض نیکیاں صرف عورتیں ہی کر سکتی ہیں جیسے خاوند کی اطاعت، نیک صالح بچے جننا، بچوں کی پرورش۔ نمازیوں کے پیچھے گھروں کی حفاظت اور انتظام وغیرہ۔ دونوں کو اپنے اپنے اعمال کا اجر ملے گا۔

**سوال نمبر 8: مردوں کو عورتوں پر قوامون کیوں بنایا؟ (آیت نمبر 34)**

**جواب:** مرد کی سرداری قرآن میں دو وجہ سے ہے۔

۱۔ وہبی ۲۔ کسبی

"**وہبی**" فضیلت یہ ہے کہ ان کی طاقت عورتوں سے بڑھ کر ہے اور "**کسبی**" فضیلت یہ ہے کہ وہ بیوی بچوں پر کمائی لگاتے ہیں اور نان ونفقہ کا اہتمام کرتے ہیں۔

**سوال نمبر 9: قرآن نے بیوی کی کون سی تین صفات ارشاد فرمائی ہیں؟ (آیت نمبر 34)**



صبح عظیم
WITH
DR. MUHAMMAD
AZEEM
FAROOQI
MONDAY - FRIDAY @ 07:00 AM
ONLY ON
TV NETWORK
DR. MUHAMMAD AZEEM FAROOQI
WWW.DRAZEEMFAROOQI.COM

## AZEEM ENGLISH MAGAZINE ARCHIVES














# LOG ON TO
# AEMAGAZINE.PK

READ YOUR FAVORITE ARTICLES

DOWNLOAD YOUR FAVORITE EDITION

SUBSCRIBE AZEEM ENGLISH MAGAZINE

SEND YOUR FEEDBACK

SUBMT YOUR ARTICLE

*Happy Reading!*